مسئلہ اجازت کا : اس میں مبالغہ سے کام لیا جاتا ہے۔ بغیر اجازت کے عمل اثر نہیں کرتا یہ بالکل لغو، فریب، جھوٹ اور جہل ہے، میں قبل ازیں عرض کر چکا ہوں کہ خدا کا نام اور کلام کسی کی جائیداد اور جاگیر نہیں ہے، کہ جب تک کوئی اجازت نہ دے اس میں اثر ہی نہ ہو۔ یاد رکھیں، خدا الٰہی مطلق ہے اور اس کا کلام اور نام بھی مطلق ہے وہ نہ کسی کا مملوک ہے نہ پابند ہے۔ اجازت کا مسئلہ ان لوگوں نے اختراع کیا ہوا ہے جو لوگوں سے نفع حاصل کرنا چاہتے ہیں اور اپنے آپ کو برتر و اعلیٰ تصور کرانا چاہتے ہیں ورنہ کسی کو کوئی حق نہیں کہ خدا کے پاک کلام کا ٹھیکیدار بن کر بیٹھ جائے جب تک وہ اجازت نہ دے، کلام میں اثر ہی نہ ہو۔ اسلاف نے جو اجازت کی شرط لگائی تھی تو اس سے ان کو نہ جلب منفعت مقصود تھی اور نہ خود کو ممیز او معزز کرنا تھا بلکہ صرف اس قدر غرض تھی کہ طالب کے دل میں شوق اور اعتقاد پیدا ہو جائے۔ جو چیز محنت اور کوشش سے حاصل ہو اس کی قدر ہوتی ہے جو مفت مل جائے اس کی قدر نہیں ہوتی، اس وجہ سے پہلے بزرگوں نے اجازت کی شرط لگائی تھی، ورنہ اجازت کوئی شے نہیں ہے۔ عامل حضرات اپنے لئے عمل کر سکتے ہیں چونکہ انہوں نے محنت کی ہے وہ اس عمل کے مالک ہیں کسی اور کو اجازت دینے سے ان کی ملکیت ختم ہو جائے گی، اس کو یاد رکھیں۔ اب میں زکوٰۃ کی طرف آتا ہوں۔ اس کی چند قسمیں ہیں۔ میرے علم میں صرف زکوٰۃ کی آٹھ قسمیں ہیں۔ بعض زکوٰۃ ایسی ہیں کہ جو ایک ہی مرتبہ کے لئے کام دیتی ہے اور بعض زکوٰۃ ایسی ہے جو ہمیشہ کے لئے کام دیتی ہے - نقوش اور آیت، اسماء الٰہی کی زکاتیں ہوتی ہیں۔

زکوٰۃ نقوش

۱: قسم اول : عامل اپنے نام کے اعداد کے ابجد سے حاصل کر کے جو تعداد حاصل ہو، اتنی مرتبہ روزانہ نقش

کو پُر کرے۔ نقش کی زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ صرف ایک وقت کے لئے کافی ہو گی۔

۲۔ قسم نمبر۲ : نقش کو میزان کے اعداد کے مطابق پُر کرنا۔ یہ زکوٰۃ صرف ایک معین عرصہ کے لئے کافی ہوتی ہے

۳۔ قسم نمبر۳ : نقش کو میزان کی تعداد کے مطابق میزان کی تعداد کے برابر دنوں تک پُر کرنا یہ زکوٰۃ ہمیشہ کے لئے کافی ہیں۔

نقوش

نقوش کے اقسام بھی ہوتے ہیں، اس کو بھی ہمیشہ مدنظر رکھیں۔

۱۔ آتشی چال شرقی (آگ) ۲۔ بادی چال غربی (ہوا میں) ۳۔ آبی چال شمالی (پانی میں) ۴۔ خاکی چال جنوبی (دفن کریں)

نقوش کے دس اقسام ہوتے ہیں

۱۔ مثلث ۲۔ مربع ۳۔ مخمس ۴۔ مسدس ۵۔ مہفت در ہفت مسبع ۶۔ ہشت در ہشت مثمن
۷۔ نہ در نہ متسع ۸۔ دہ در دہ معشر

پُر کرنے کا طریقہ : نقش کو پُر کرنے کا طریقہ کار یہ ہو تو مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کریں۔

قانون عملیہ : قرآن شریف کی آیت ہو یا خداوند کریم کا مقدس نام ہو اس ترتیب سے عمل کرنا ہو گا۔

عام طور پر نقش کے ساتھ اس کے ہدایات اور اوقات وقت لکھنے کا بیان ہوتا ہے، اگر نہ دیا ہوا ہو تو!

زکوٰۃ کا قانون : خدا کے نام میں سے ایک مثال پیش کرتا ہوں۔

الرزاق : معنی ہیں رزق دینے والا، اس کے اعداد ہیں۔ ۳۰۸

الرزاق ۳۰۸ روزانہ لکھیں گے، چالیس دن تک زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔

عنصری کیفیت معلوم کرنا۔ ۳۰۸ ÷ ۴ = ۷۷ چار پر تقسیم کرنے سے

۲۸
۲۸
۲۸
×
خاکی

اگر باقی ایک بچے تو نقش آتشی ہوگا، اگر باقی دو بچے تو بادی نقش ہوگا، اگر تین باقی بچے تو آبی نقش ہوگا، اگر کچھ نہ بچے جیسے مذکورہ بالا مثال سے عیاں ہے تو نقش خاکی ہوگا۔

ستارہ معلوم کرنا : اعداد کو سات پر تقسیم کرنے سے ایک بچے تو قمر ستارہ ہوگا اور دو باقی بچیں تو عطارد، اگر تین باقی بچیں تو زہرہ، اگر چار باقی بچیں تو شمس، اگر پانچ باقی بچیں تو مریخ، اگر چھ باقی بچیں تو مشتری، اگر سات باقی بچیں تو زحل ستارہ ہوگا۔ یا کچھ نہ بچے تو بھی ستارہ زحل ہوگا۔

اب الرزاق کے اعداد

۳۰۸ ÷ ۷ = ۴۴
۲۸
۲۸
۲۸
×

لہٰذا ستارہ زحل ہوا۔

طالع سے نسبت : ہر نقش کا طالع ہوتا ہے، اس کا طریقہ یہ ہے کہ اعداد کو بارہ پر تقسیم کیا جاتا ہے، اگر ایک بچے تو برج حمل، اگر دو باقی بچے تو برج ثور، اگر تین باقی بچے تو برج جوزا، اگر چار باقی بچیں تو برج سرطان اگر پانچ باقی بچیں تو برج اسد، اگر چھ باقی بچیں تو برج سنبلہ، اگر سات باقی بچیں تو برج میزان، اگر آٹھ باقی بچیں تو برج عقرب، اگر باقی نو بچیں تو برج قوس، اگر باقی دس بچیں تو برج جدی، اگر گیارہ باقی بچیں تو برج دلو، اگر صفر باقی بچے تو برج حوت ہوگا۔

اب

۳۰۸ ÷ ۱۲ = ۲۵
۲۴
۶۸
۶۰
۸ باقی

تو اس نقش کا طالع عقرب ہے۔

جتنے اقسام ہیں نقوش کے، کوئی نہ کوئی کسی ستارہ سے تعلق رکھتا ہے۔

مثلث ــــ ستارہ قمر سے تعلق رکھتا ہے۔ دھات ۔۔۔۔ چاندی۔

مربع ــــ عطارد سے تعلق رکھتا ہے۔ دھات ۔۔۔ ایلومنیم

قدس ـــــ زہرہ ستارہ سے تعلق رکھتا ہے۔ دھات ..... تانبا۔

مسّس ـــــ شمس ستارہ سے تعلق رکھتا ہے۔ دھات ..... سونا۔

مسبح ـــــ مریخ ستارہ سے تعلق رکھتا ہے۔ دھات ..... لوہا۔

مشمن ـــــ مشتری ستارہ سے تعلق رکھتا ہے۔ دھات ..... ٹن۔

مشبع ـــــ زحل ستارہ سے تعلق رکھتا ہے۔ دھات ..... سکہ۔

مذکورہ بالا خدا کے نام کا نقش مربع بنانا ہے اس کے علاوہ ستارہ ہوگا۔
نقش نباتاتی، نقش حیوانی اور نقش معدنی معلوم کرنے کے لئے:

اعداد کو ۳) ۳۰۸ (۱۰۲ تین پر تقسیم کرنے کیلئے اگر ایک باقی بچے

۳
—
۸
۶
—
۲ باقی

تو معدنی اشیاء پر لکھا جائے گا۔ دھات وغیرہ پر لکھا جائے گا، ستاروں کی نسبت کے ساتھ دھاتوں کا خیال رکھیں
اگر باقی دو بچیں تو نقش نباتاتی ہوگا۔ اگر صفر باقی بچے تو نقش حیوانی ہے۔ کھال، ہڈی وغیرہ۔

اوپر کی مثال کا نتیجہ اخذ کرتا ہوں

الرزاق کا عمل

تشریح و تفصیل	اعداد	مدت	مقصد	عنصر	چال	استعمال	طالع	ستارہ	ساعت	نقش	بخور	خاصیت
انجذاب	۳۰۸	۴۰	رزق	خاکی	خاکی	خاک دفن کیا جائے	عقرب	زحل	زحل	مربع	عود دال بہایا جائے	حیوانی

الرزاق کو ۳۰۸ دفعہ روزانہ چالیس دن مقصد رزق کے لئے خاک پر بیٹھ کر خاکی چال سے نقش مربع
طالع عقرب اور ستارہ زحل بخور عود، سیاہ دانہ کی کھال پر یا ہڈی پر عمل کرنا ہے۔ اس طرح آپ نے جو
عمل کرنا ہے اس قانون اور قاعدہ سے عمل کریں۔ انشاء اللہ کام مکمل ہوگا۔ زیادہ وضاحت سے پیش کرتا
ہوں، آگے ملاحظہ فرمادیں۔

نقوش کا تعلق سیّارگان سے

آنا میں آپکو اپنا سینہ چیر کر علم نقوش کے راز پیش کر رہا ہوں یہ اسرار خداوندی آپکو کسی کتاب سے دستیاب نہ ہوں گے۔ نقیر آپ کو مفت اور بالکل مفت پیش کر رہا ہے۔ اس سے زیادہ تحقیقات کرنی ہو چونکہ یہ بہت عظیم علم ہے۔ اور اسکے مخصوص قوانین اور قاعدے ہیں جو اصحاب اس علم سے دلچسپی رکھتے ہیں انہیں چاہیئے کہ رحیم العملیات حصہ سوئم کا ضرور مطالعہ کریں۔

لیجئے توجہ کیجئے یہ تو آپکو معلوم ہے علم نجوم کے بغیر یہ علم بیکار ہے۔ اسلئے صاحب علم کو علم نجوم کی دسترس ہونی لازمی ہے۔ اسلئے بندہ ماہنامہ آثار النجوم میں ہر ماہ اسرار نجوم کے نام سے پیش کر رہا ہے جو نقوش کے لئے ضروری ہوتی ہیں۔ نقوش کے بہت سی اقسام ہیں ان میں پہلا نمبر

مثلث:۔ یہ نقش قمر سے تعلق رکھتا ہے۔ ۳×۳ = ۹ خانے ہوتے ہیں۔ اس کا میزان ۱۵ و کل اعداد ۴۵ ہوتی ہے یہ عامل حضرات یہ چاندی کا لوح پر کندہ کرتے ہیں۔ روز اس کے لئے سوموار اور ساعت اس کے لئے قمر کی منسوب ہے۔ اس کے خواص تو کافی ہیں لیکن طوالت کے خوف سے مختصر تحریر کرتا ہوں۔ گھریلو معاملات کی بہتری۔ ازدواجی زندگی کو خوشگوار کرنے۔ زرعی مفاد کو بہتر بنانے کے لئے۔ عمل کرتے ہیں۔

مربع:۔ عطارد سے نسبت رکھتا ہے۔ ۴×۴ = ۱۶ خانے ہوتے ہیں۔ ایک طرف کے اعداد ۳۴ اور کل اعداد ۱۳ ہوتے ہیں۔ بدھ کے دن سے تعلق رکھتا ہے۔ ساعت عطارد اور اس کے لئے موزوں ہے۔ عامل حضرات پلاٹینم یا ایلومنیم پر کندہ کرتے ہیں۔ اس کے خواص تو آپ کو رحیم العملیات حصہ سوئم میں مکمل اور مفصل ملیں گے۔ لیکن یہاں معمولی پیش کرتا ہوں۔ علمی قوتوں کے حصول۔ مرتبہ اور عمدہ سیکریٹری وغیرہ سفری سہولتوں کے لئے کام دیتا ہے۔ لہٰذا عامل حضرات ٹرانسپورٹ کی ضرورت اور سفری ایجنٹوں اور علم کی زیادہ امتحانات کی کامیابی کے لئے عمل کرتے ہیں۔

مخمس:۔ یہ زہرہ سے تعلق رکھتی ہے۔ ۵×۵ = ۲۵ خانے۔ ایک طرف کے اعداد ۶۵۔ کل اعداد ۳۲۵ جمعہ کے دن اور ساعت زہرہ اس کے لئے موزوں ہے۔ اسکی دھات تانبا ہے۔ یہ مہر و محبت کے حصول شادی۔ شراکت۔ سوشل اور پبلک امور اور مالی معاملات کے لئے نقوش لکھے جاتے ہیں۔

مسدس:۔ یہ شمس سے تعلق رکھتا ہے ۶×۶ = ۳۶ خانہ ایک طرف خانوں کی تعداد ۱۱۱ کل خانوں کی تعداد ۶۶۶ ہے۔ یہ اتوار کے دن اور ساعت شمس سے تعلق رکھتی ہے۔ اس کے لئے سونے کی

لئے موزوں ہوتی ہے۔ یہ سفر کے [illegible] کے حصول کے لئے کام دیتا ہے۔ لیڈرشپ تحویل بناتا ہے۔ اس لئے وہ لوگ یا حکام جن کے ماتحتوں میں عزت اور وقار نہ ہو لاٹری اور انعام کی خواہش ہو۔ ستورات کی لیبت بیدول کرائی جوان کو چاہیے۔

مُبتع :- یہ مریخ سے تعلق رکھتا ہے۔ ۷×۷ = ۴۹ خانے ہوتے ہیں۔ ایک طرف کے خانوں کے اعداد ۱۷۵ اور کل اعداد ۱۲۲۵ ہوتے ہیں۔ منگل کا دن اور ساعت مریخ اس کے لئے موزوں ہوتی ہے۔ اسکی دھات لوہا ہے۔ اسے ہمت دلیری اور جو ئی قوت کے لئے تیار کرتے ہیں۔ میڈیسن اور سرجری کے کام کرنے والوں کے لئے خوش بختی لاتا ہے اور شہرت دیتا ہے۔

مُستمن :- یہ مشتری سے تعلق رکھتا ہے۔ ۸×۸ = ۶۴ خانے ہوتے ہیں۔ ایک طرف خانوں کی تعداد ۲۶۰ ہوتے ہیں اور کل تعداد ۲۰۸۰ ہوتے ہیں۔ اسلئے جمعرات کا دن ساعت مشتری موزوں اور مناسب ہے۔ اس کی دھات ٹن ہے اسے حصول خوش قسمتی اور مال کی فراوانی کے لئے بنائی جاتی ہیں۔ تحفظ کا کام بھی دیتا ہے۔ کمرشل کام کرنے والو قانونی معاملات مذہبی امور ملکی سفر کرنے والوں کو خوش بختی دیتا ہے۔

متع :- یہ زحل سے تعلق رکھتا ہے۔ ۹×۹ = ۸۱ خانے ہوتے ہیں۔ ایک طرف خانوں کی تعداد ۳۶۹ اور کل خانوں کے اعداد ۳۳۲۱ ہوتے ہیں۔ اس کے لئے موزوں دن سنیچر اور ساعت زحل کی ہے۔ اسکی دھات سکہ ہے۔ یہ ان لوگوں کو مفید ہے جن کے ذمہ اہم اور طویل کام ہوں۔ ذمہ داریاں ہوں۔ خواہ وہ سیاسی ہوں یا اشتراکی معروفیات کی یا اعلیٰ کاروباری سلسلہ کی ہو۔

ضروری عرض :- اس کے علاوہ اور بھی بہت اقسام ہیں جو آپکو "رحیم العملیات" حصہ سوئم میں ملیں گے۔ اس میں عملیات کا خزانہ پُراسرار رازوں کا گنجینہ ہے۔ یہ عمل چلتا ہوا سحر اور کبھی خطا نہ ہونے والا جادو ہے۔ مفصل راز تو اصل کتاب کے دیکھنے سے عیاں ہوں گے۔ ان نقوش کے اندر موافق اسماء باری تعالیٰ یا آیاتِ قرآنی پُر کی جاتی ہیں۔ اور ہر مقصد کے مطابق نقش کی رفتار اختیار کی جاتی ہے جو اثر کرتی ہے۔

اب میں ادعیہ و اعمال کی زکوتیں پیش کرتا ہوں

۱۔ جو دعا یا عمل پڑھنا ہو اس کے اعداد ابجد قمری سے حاصل کریں اور جو اعداد حاصل ہوں اتنے ہی دنوں تک اتنی مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ یہ زکوٰۃ اصغر ہے۔

۲۔ جو عمل پڑھنا چاہیں، اس کے حروف شمار کرو جس قدر تعداد میں حروف ہوں ۱۰ تنے ہی ہزار مرتبہ روزانہ پڑھو۔ یہ زکوٰۃ ہمیشہ کے واسطے عامل بناتی ہے اور انسان اس عمل کا سیف زبان ہو جاتا ہے۔ صرف ایک مرتبہ پڑھنے سے اثر ظاہر ہوتا ہے۔

۳۔ عمل کے اعداد کو حروف عمل میں ضرب دو جو اعداد حاصل ضرب ہوں اتنے دنوں تک اس عمل کو اتنی بار روزانہ پڑھو۔ یہ زکوٰۃ کبیر ہے۔

مثال سے وضاحت کرتا ہوں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

ب س م ا ل ل ہ ا ل ر ح م ن ا ل ر ح ی م۔

حروف کی تعداد = ۱۹ ہے۔ ان کے اعداد ۷۸۶ ہیں۔

۱۹ × ۷۸۶ = ۱۴۹۳۴

پس روزانہ اسی تعداد میں بسم اللہ شریف کو پڑھے گا۔ بسم اللہ شریف کا عامل ہو جائے گا۔ بڑی اعلیٰ اور ارفع زکوٰۃ ہے۔

۴۔ اس زکوٰۃ کا قاعدہ یہ ہے کہ عمل کے حروف اور میزان کبیر کو آپس میں ضرب دو جو میزان حاصل ہو اس تعداد کے مطابق عمل پڑھو۔ مثال سے واضح کرتا ہوں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم حروف ۱۹ ہیں اور مذکورہ بالا میزان زکوٰۃ کبیر کی ۱۴۹۳۴ ہے۔ بالرحیم جب آپس میں ضرب دیا ۱۹ × ۱۴۹۳۴ = ۲۸۳۷۴۶ ہوا۔ جو شخص بسم اللہ الرحمن الرحیم کو اس تعداد کے مطابق روزانہ پڑھے گا وہ زکوٰۃ اکبر ادا کرے گا۔ اس زکوٰۃ اکبر کے ادا کرنے کے بعد بسم اللہ شریف کے مؤکل اس شخص کے سامنے آجائیں گے اور عامل سے ملاقات کریں گے اور ہر کام میں مدد کریں گے۔ اس کا نام زکوٰۃ اکبر ہے۔

۵۵ اس کا قانون یہ ہے کہ عدد شمار حروف اور میزان اکبر کو آپس میں ضرب دے کر جو اعداد حاصل ہوں
اس تعداد میں پڑھیں۔
مذکورہ مثال کی روشنی میں عمل پیش کرتا ہوں۔
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے حروف ۱۹ اور میزان زکواۃ اکبر کی تعداد

۲۸۳۷۴۹ × ۱۹ میزان = ۵۳۹۱۱۷۴

جو شخص یہ زکواۃ ادا کر لے تو اس عمل کے تعلق رکھنے والے فرشتے خادم بن جاتے ہیں۔
اور ہر وقت حکم کی تعمیل کے لئے حاضر رہتے ہیں۔ اس زکواۃ کا نام کبار ہے۔
۵۶ یہ آخری زکواۃ ہے اس کے آگے کوئی زکواۃ نہیں ہے جو شخص یہ زکواۃ ادا کر لے گا وہ شخص
خداوند کریم کا جلوہ اپنی آنکھوں سے دیکھے گا۔
مذکورہ بالا مثال کی روشنی میں حل کرتا ہوں۔
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۰ کے حروف کی اعداد = ۱۹
تعداد اکبر = ۵۳۹۱۱۷۴ × ۱۹ کل میزان = ۱۰۲۴۶۲۱۳۸۱۴
جو کوئی شخص یہ زکواۃ نکال لے، وہ عمل کا بادشاہ ہو جاتا ہے۔ نظر کیمیا اور زبان سیف اللسان
بن جاتی ہے۔ بقول اقبال ؎

نگاہِ مردِ مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں

اب تو دنیا آرام پسند ہے، محنت کوشش سے دور، پکی پکائی منہ میں ڈالنے والا عامل میں کیا
طاقت اور قوت پیدا ہو۔ مجھے امید قوی ہے اب لاکھوں میں سے ایک بھی نہیں جو اس قسم کی ریاضتیں محنتیں
اور مشقتیں برداشت کرے۔ اعتراض کرنے والے اور عمل میں بے اثری کا رونا رونے والا، ڈھکوسلے کہنے والے
ہزاروں ہیں لیکن قواعد کا جاننے والا اور محنت کرنے والا لاکھوں میں سے ایک بھی نہیں ملے گا۔ الم نشرح
اور دعویٰ سے کہتا ہوں، اگر آپ کو عملیات کا تماشا دیکھنا منظور ہے تو خدا کے سینکڑوں ناموں میں سے
کسی ایک اسم کی زکواۃ اکبر نکال کر ادا کر کے دیکھیں، تم خود اپنی آنکھوں سے دیکھ لو گے، عمل کیا شے ہے۔

خدا کے پاک نام اور مقدس کلام میں کس قدر تاثیر ہے اور قرآن پاک کا یہ دعویٰ کس قدر صحیح ہے۔
(پارہ نمبر ۲۸ سورۃ الحشر آیت نمبر ۲۰)

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَیْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ ۔

یعنی اگر ہم اس قرآن کو پہاڑ پر نازل کرتے تو وہ بھی خدا کے خوف سے ریزہ ریزہ ہو جاتا۔
محنت کرنے والے آج کہاں پیدا ہوتے ہیں۔ اب متاخرین نے دُنیا والوں کی نزاکت اور رنگ کو دیکھئے!

نصاب کا طریقہ جاری کیا ہے

اس کی بھی تین قسمیں ہیں۔ علمائے کاملین نے بیان فرمایا ہے پیش کرتا ہوں

عام قانون: کسی آیت یا نقش کی زکوٰۃ سوا لاکھ کی تعداد چالیس دن میں پوری کریں۔ عام قانون ہے، تاثیر کل پیدا ہو جاتی ہے۔

قانون نمبر ۱: نقشہ پیش کرتا ہوں اس پر عمل کریں۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
نام	اعداد	نصاب	زکوٰۃ	عشر	قفل	دورِ مدور	بذل	ختم	
قدوس	۴۰۰۰	۱۶۰۰۰	۸۰۰۰	۴۰۰۰	۲۰۰۰	۱۴۰۰۰	۷۰۰۰	۱۲۰۰۰	

۱: جس آیت یا اسم کی زکوٰۃ آپ نے دینی ہے ان کے حرف بنا لیں۔
جیسے قدوس۔ ق د و س = چار حرف ہیں اس لئے ہر حرف ہزار تصور کیا جائے گا، یعنی
اعداد کو اعداد سے ضرب دی ۴۰۰۰ × ۴۰۰۰ = ۱۶۰۰۰۔ نصاب نصف کیا ۱۶۰۰۰ ÷ ۲ = ۸۰۰۰
زکوٰۃ کا نصف کیا ۸۰۰۰ ÷ ۲ = ۴۰۰۰
عشر کا نصف کیا، قفل بنایا ۴۰۰۰ ÷ ۲ = ۲۰۰۰

نصاب کا دوسرا نام دورِ مدور ہے

ہمیشہ اسی قانون کے مطابق عمل کیا جاتا ہے۔

زکوٰۃ کے دوسرے قانون کی تشریح کی جاتی ہے

۱ رحیم	۲ صغیر	۳ وسیط	۴ کبیر	۵ نصاب	۶ حظ	۷ کفو	۸ ختم
حرف ۴	۴	۴۰	۴۰۰۰	۴۰۰۰۰	۲۵۷	۵۱۵	۱۳۲۸۷۰

۱: اسم کے جس قدر حروف ہوں انکو صغیر اعداد کہتے ہیں۔
مثلاً رحیم = ر ح ی م =

۲: صغیر کو دس سے ضرب دیا ۴×۱۰ = ۴۰ وسیط ہوا۔

۳: صغیر کو سو سے ضرب دیا ۴×۱۰۰ = ۴۰۰ کبیر ہوا۔

۴: جب صغیر کو ہزار سے ضرب دیا ۴×۱۰۰۰ = ۴۰۰۰ نصاب ہوا۔

۵: ر = ۲۰۰
ح = ۸
ی = ۱۰
م = ۴۰
۲۵۸ — کل اعداد = ۲۵۸-۱ = ۲۵۷ حظ ہوا۔

۶: جب حظ کو اصل میں جمع کیا ۲۵۷+۲۵۸ = ۵۱۵ کفو پیدا ہوا۔

۷: جب کفو کو اصل نام کے اعداد سے ضرب دیا ۵۱۵×۲۵۸ = ۱۳۲۸۷۰

زکوٰۃ کے تیسرے قانون کی تشریح اور حل

۱ اسم	۲ علی	۳ کبیر	۴ اکبر	۵ کبائر	۶ اکبر کبائر	۷ اصغر	۸ صغائر	۹ اصغر صغائر
اعداد	۱۱۰	۳۳۰	۹۹۰	۲۹۷۰	۸۹۱۰	۵۵	۲۸	۱۴

۱: اسم کے اعداد نکالیں۔ علی کے کل اعداد ۱۱۰

۴۲ حروف علی کے رمل کی ۳۰ ، ۱۱۰ × ۳ = ۳۳۰ کبیر پیدا ہوا۔

۴۳ کبیر کو تین سے ضرب دی تو اکبر ہوا ، ۳۳۰ × ۳ = ۹۹۰ اکبر بن گیا۔

۴۴ ۹۹۰ × ۳ = ۲۹۷۰ کبائر ہوا ، اور پھر

۴۵ ۲۹۷۰ × ۳ = ۸۹۱۰ اکبر کبائر ہوا۔

۴۶ اسم کے اعداد کو نصف کیا، علی کے اعداد ۱۱۰ کو ۲ ، ۵۵

۴۷ اصغر کو نصف کیا ۵۵ کو ۲ ، ۲۸

۴۸ صغائر کو نصف کیا ۲۸ کو ۲ ، ۱۴

نوٹ :- اگر کسی عدد کا نصف نہ ہو سکے ، کم یا زیادہ رہے ، نصف کم تر ناقص اور نصف زائد کامل کہلاتا ہے اس لئے علماء نصف ناقص کو ترک کر دیتے ہیں اور نصف زائد کو اختیار کر لیتے ہیں۔

ہر زبان میں حرف ہوتے ہیں، حروف سے زبان بنتی ہے۔ قریب قریب تمام زبانوں کے حروف آپس میں کافی حد تک ملتے ہیں۔ عملیات کے شوق رکھنے والے حضرات کو چاہیے ، بلکہ لازم ہے کہ سب سے پہلے حروف تہجی منازل قمر معہ موکل کی زکواۃ ضرور دینی چاہیے اس لئے میں حروف کی زکواۃ معہ موکلات پیش کر رہا ہوں ، لیکن نوٹ کر لیں حروف تہجی کی زکواۃ کے دو قانون ہیں :-

نمبر ۱- زکواۃ اکبر کا قاعدہ یہ ہے ، ایک حرف کو ۲۸ دنوں تک معہ موکل منزل چاند کی روشنی میں تعدادی چار ہزار چار سو چالیس ۴۴۴۴ مرتبہ ہر روز پڑھیں یہ زکواۃ ادا ہو جائے گی۔

نمبر ۲- زکواۃ اصغر ہر حرف با موکل چاند کی منزل کی روشنی میں ساعت ستارہ کے وقت چار ہزار چار سو چالیس دفعہ پڑھیں ہر روز اس طرح عمل کریں ۲۸ حروف کی زکواۃ ۲۸ دن تک مکمل ہو جائے گی اس طرح آپ حروف تہجی کے عامل بن جائیں گے۔ تمام رجعت سے محفوظ ہو جائیں گے۔

نمبر	نام حرف	اعداد	نام موکل	منازل قمر	نام ستارہ	عنصر	سمت	عمل
۱	ا	۱	اسرائیل	شرطین	زحل	آتش	مشرق	اُجب یا اسرائیل بحق یا الف
۲	ب پ	۲	جبرائیل	بطین	مشتری	خاکی	جنوبی	اُجب یا جبرائیل بحق یا با
۳	ت ٹ	۴۰۰	عزرائیل	ذابح	عطارد	خاکی	جنوبی	اُجب یا عزرائیل بحق تا
۴	ث	۵۰۰	میکائیل	بلع	عطارد	بادی	غربی	اُجب یا میکائیل بحق یا ثا
۵	ج	۳	کلکائیل	ثریا	مریخ	آتشی	شرقی	اُجب یا کلکائیل بحق یا جیم
۶	ح	۸	تنکفیل	نثرہ	مشتری	بادی	غربی	اُجب یا تنکفیل بحق حا
۷	خ	۶۰۰	مہکائیل	معود	عطارد	خاکی	جنوبی	اُجب یا مہکائیل بحق یا خا
۸	د	۴	دردائیل	دبران	زحل	آبی	شمالی	اُجب یا دردائیل بحق یا دال
۹	ذ	۷۰۰	اہرائیل	اخبیہ	زحل	آتشی	شرقی	اُجب یا اہرائیل بحق یا ذال
۱۰	ر	۲۰۰	اموائیل	نعائم	زہرہ	آبی	شمالی	اُجب یا اموائیل بحق یا را
۱۱	ز	۷	شرفائیل	ذراعہ	مشتری	بادی	غربی	اُجب یا شرفائیل بحق یا زا
۱۲	س	۶۰	ہمواکیل	غفرہ	شمس	آتشی	مشرقی	اُجب یا ہمواکیل بحق یا سین
۱۳	ش	۳۰۰	ہمسرائیل	بلدہ	عطارد	آتشی	مشرقی	اُجب یا ہمسرائیل بحق یا شین
۱۴	ص	۹۰	اہجمائیل	قلب	زہرہ	خاکی	جنوبی	اُجب یا اہجمائیل بحق یا صاد
۱۵	ض	۸۰۰	عطکائیل	مقدم	قمر	خاکی	جنوبی	اُجب یا عطکائیل بحق یا ضاد
۱۶	ط	۹	اسماعیل	طرفہ	مریخ	آتشی	مشرقی	اُجب یا اسماعیل بحق یا طا
۱۷	ظ	۹۰۰	لترائیل	مؤخر	قمر	بادی	مغربی	اُجب یا لترائیل بحق یا ظا
۱۸	ع	۷۰	لومائیل	زبانا	شمس	آتشی	مشرقی	اُجب یا لومائیل بحق یا عین
۱۹	غ	۱۰۰۰	لوخائیل	رشا	قمر	خاکی	جنوبی	اُجب یا لوخائیل بحق یا غین
۲۰	ف	۸۰	سرجائیل	اکلیل	زہرہ	آبی	شمالی	اُجب یا سرجائیل بحق یا فا
۲۱	ق	۱۰۰	عطرائیل	شولہ	زہرہ	آبی	شمالی	اُجب یا عطرائیل بحق یا قاف
۲۲	ک	۲۰	حروزدائیل	زہرہ	مریخ	آتشی	مشرقی	اُجب یا حروزدائیل بحق یا کاف
۲۳	ل	۳۰	طاطائیل	صرفہ	مریخ	آتشی	مشرقی	اُجب یا طاطائیل بحق یا لام
۲۴	م	۴۰	ردمائیل	عوا	شمس	آتشی	مشرقی	اُجب یا ردمائیل بحق یا میم
۲۵	ن	۵۰	حولائیل	سماک	شمس	آتشی	مشرقی	اُجب یا حولائیل بحق یا نون
۲۶	و	۶	رنقمائیل	غفرہ	مشتری	بادی	غربی	اُجب یا رنقمائیل بحق یا واؤ
۲۷	ھ	۵	دردائیل	ہنعہ	مشتری	بادی	غربی	اُجب یا دردائیل بحق یا ھا
۲۸	ء	۱	اسرافیل	شرطین	زحل	آتشی	مشرقی	اُجب یا اسرافیل بحق یا ہمزہ
۲۹	ی	۱۰	سرکیطائیل	جبہہ	مریخ	آتشی	شرقی	اُجب یا سرکیطائیل بحق یا یا

نوٹ: بخور ستارہ کے مطابق یا موافق جلایا جاتا ہے

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

موکل بنانا

8 قانون موکل

اعوان جن بنانے کا طریقہ

تاثیرالاثار میں موکل بنانے کے بیس قانون درج ہیں۔ میں صرف دو کا ذکر کروں گا اور کی تشریح کسی اور کتاب میں لکھوں گا۔

موکل کی دو قسمیں ہیں۔ موکل طرحی اور دوسرا موکل حرفی کی اسم میں اکتالیس عدد لفظ ایل کم کرکے جو موکل بنائیں گے۔ اس کا نام موکل طرحی ہے اور کسی اسم کے اعداد میں اکتالیس عدد کم نہ کریں، اس طرح موکل بناڈالیں تو اس کا نام مقلوب ہوگا۔ لہذا موکل بنانے کا قانون پیش کرتا ہوں۔

حروف اور موکل

اس میں پہلا قاعدہ اعداد سے حروف بنانے کا ہے یعنی اعداد کے مراتب کی بنا پر حروف حاصل کئے جائیں اور اس کا قاعدہ یہ ہے کہ مثال کے طور پر ایک عدد ۴۴۴ ہے۔ اس کے حروف بنائے جائیں تو وہ یہ ہوں گے۔

اکائی	دہائی	سیکڑہ
۴	۴	۴
د	م	ت

جس سے د م ت تین حروف بنائے گئے، اسی طرح ایک ۴۲۲۴ ہے۔

	اکائی	دہائی	سینکڑہ	ہزار
اعداد	۴	۲	۳	۴
حروف	د	ک	ش	غ غ غ غ

نوٹ کرلیں، بعض اوقات موکل بنانے کے لیے ہزاروں کے اعداد آجاتے ہیں۔ مذکورہ بالا مثال میں پیش کی ہے۔ اس عمل کو آسان بنانے کے لئے علمائے فن نے یہ ترکیب وضع کر رکھی ہے کہ جتنے ہزار کے اعداد ہوں اسی تعداد میں غ لے لیجئے مثلاً اگر ۹ ہزار ہوں تو ۹ غ لکھ لیجئے۔ چار ہزار ہوں تو چار غ غ غ غ لے لیجئے، اس طرح جو بھی حروف بنائے جائیں، اُن کے آگے ایل لگا دیا جائے تو وہ موکل بن جاتے گا

جیسا کہ $\frac{۲}{ب}$ $\frac{۷}{ع}$ $\frac{۴}{ت}$ $\frac{۳}{غ غ غ}$ کے حروف بنے

اور ان کے آگے ایل بڑھا دیا تو موکل بعتغغغائیل بن گیا لیکن ایک قاعدہ اس سے آسان پیش کرتا ہوں وہ یہ ہے کہ جتنے ہزار کے اعداد ہوں ان کو پھر اکائی پہ لے جائے یعنی تین ہزار (ابجد القمری) کی رو سے استنطاق کریں یعنی تین ہزار کے تین غین کی بجائے تین کے ج عدد ہوتے ہیں اور ہزار کے لئے غ لے لیا۔ تین ہزار ج غ چار ہزار کے لئے دغ ہوا۔ پانچ ہزار کے لئے ہ غ ہوا اس طرح عمل کریں اس حساب کی رو سے

$\frac{۲}{ب}$ | $\frac{۷}{ع}$ | $\frac{۴}{ت}$ | $\frac{۳}{ج غ}$ کے حروف یہ بنیں گے۔

ب ع ت ج غ۔ اور اس کا موکل بعتجغائیل ہوا بعض اوقات ایسا بھی ہو جاتا ہے کہ اعداد کئی کئی ہزار تک پہنچ جاتے ہیں مثلاً ۲۱۷۰۰۵، تو اتنی بڑی مقدار کے اعداد سے موکل بنانے کے لئے بہتر طریقہ یہ ہے کہ استنطاق کر لیا جائے جس کی رو سے اس ساری رقم کے اعداد کا استنطاق ۱۰۲۰۱۷۰ ۱۰۵ ہوا۔ جس کے حروف وہی بنیں گے اور اس کا موکل [illegible] ہوا۔

موکل طریقہ

جس اسم کا موکل بنانا ہو، اسی اسم کے اعداد میں سے اکتالیس عدد کا لفظ ایل کے عدد تفریق کر کے اعداد کا استنطاق حرفی کریں۔ حرف ئیل یا ایل کا اضافہ کریں۔ اسی اسم کا موکل بن جائے گا مثال

کے طور پر خدا کے نام و رزاق کے اعداد ۳۰۸ ہیں۔

تفریق ۔ ۳۰۸ − ۴۱ = ۲۶۷

۲	۶	۷
ر	س	ز

زسرائیل

موکل بنا اس کا منسوب موکل ہے جو سعد الاعمال میں استعمال ہو گا۔ موکل بنانے کے لئے حروف کو اُلٹا کر دیا جائے اور ر-س-ز- موکل رسزائیل یہ موکل کا نام متقلب موکل ہے جو نحس کاموں میں مدد کرے گا۔

موکل حرفی

جس اسم کا موکل بنانا منظور ہو اس کے اعداد میں اسم کو تفریق نہ کریں ان اعداد کا موکل بنالیں۔ مثال کے طور پر مجید کے اعداد ۵۷ ہیں ز ج ن زنجئیل ہوا، اگر اُلٹا کر دیں ن ز نزجئیل ہوا۔ اس طرح آپ اچھے عمل اور نحس عمل کے لئے موکل بنا سکیں گے۔

موکل سفلی بنانا

کسی اسم کے اعداد میں سے ۳۱۹ کم کرے، حروف بنا کر آگے طیش کا لفظ لگا کر موکل سفلی بن جائے گا۔ مثال کے طور پر فتاح کے اعداد ۴۸۹ ہیں۔

۴۸۹ − ۳۱۹ = ۱۷۰

حروف ع ق موکل سفلی عقطیش ہوا

اعوان

کسی قسم کے اعداد میں سے ۳۱۶ کم کرکے آگے یوش کا اضافہ کیا جائے، تو اعوان بن جائے گا۔ مثال کے طور پر فتاح کے اعداد ۴۸۹ − ۳۱۶ = ۱۷۳ حروف بنے۔ ج ع ق۔ جعقیوش اعوان بنا

جن بنانا

جس اسم کی تعداد میں سے ۳۱۱ کم کرنے سے باقی اعداد کے حروف بنا کر یوش کا اضافہ کریں تو اس اسم کا جن پیدا ہو جائے گا۔ مثال کے طور پر خالق کے اعداد ۷۳۱ ہے اور اس میں

اسم کی اعداد ۷۳۱ ہے
اس میں نفی ۳۱۱
۴۲۰ باقی اعداد ہوئے
حروف بنائے ک ت
کھتوش جن ہوا۔

نوٹ:۔ عامل حضرات عزیمیت میں اسمائے۔ موکلات و اعوان و جنات کو قسم دے کر عمل تیار کرنے سے تاثیر بہت جلدی پیدا ہو جاتی ہے۔

استخراج طالع

عملیات میں طالع معلوم کرنے کی ضرورت ہوتی ہے اس لئے اس کا طریقہ بھی درج ذیل کرتا ہوں۔ طالع معلوم کرنے کے تین طریقے ہیں۔

قاعدہ نمبر ۱

جس انسان کا طالع معلوم کرنا ہو اس کے اصلی نام کے معہ والدہ ابجد قمری سے نکال کر دونوں کو یکجا جمع کریں۔ مثال کے طور پر علی بنت جنت ہے۔ بحساب ابجد قمری علیحدہ کریں اور تمام حروف کے اعداد نکال کر جمع کئے تو

ع = ۷۰
ل = ۳۰
ی = ۱۰
۱۱۰

ج ۳
ن ۵۰
ت ۴۰۰
۴۵۳

کل نمبران ۱۱۰
جمع کئے + ۴۵۳
۵۶۳

مجموعہ کل ۵۶۳ ÷ ۱۲

۱۲) ۵۶۳ (۴۶
۴۸
۸۳
۷۲
۱۱ باقی بچے

اگر باقی ایک بچے تو برج حمل، اگر باقی دو بچے تو برج ثور، اگر تین باقی بچے تو برج جوزا، اگر باقی چار بچے تو برج سرطان، اگر باقی پانچ بچے تو برج اسد اگر باقی چھ بچے تو برج سنبلہ، اگر باقی سات بچے تو برج میزان، اگر باقی آٹھ بچے تو برج عقرب، اگر باقی نو بچے تو برج قوس اگر باقی دس بچے تو برج جدی اگر باقی گیارہ بچے تو برج دلو اگر باقی بارہ بچے تو برج حوت ہوگا۔ یہ تو تفصیل اور تشریح برج معلوم کرنے کی ہے

دوسرے طریقے سے برج معلوم کرنا

جس ستارہ اور جس گھنٹے میں جو شخص پیدا ہوا ہو اس کے مطابق اس کا طالع ہوگا۔ مثال کے طور پر کوئی شخص ساعت زحل میں پیدا ہوا تھا تو اس شخص کا طالع برج جدی یا دلو ہوگا اگر قمر ساعت میں پیدا ہوا ہوگا تو برج سرطان ہوگا اگر شمس کی ساعت میں پیدا ہوگا تو برج اسد ہوگا، علیٰ ہذا القیاس یہی طریقہ ہے۔

ستارہ معلوم کرنے کا قانون

جس طرح آپ نے برج معلوم کرنے کے لئے سائل کے نام مع والدہ کے اعداد جمع کرکے بارہ پر تقسیم کیا تھا تو اس کا برج معلوم ہوگیا تھا جس کی تفصیل مذکورہ بالا عرض کرچکا ہوں۔ اس طرح سائل کے مع والدہ کے اعداد بروئے ابجد قمری نکال کر سات پر تقسیم کریں مثال کے طور پر علی بن جنت کے اعداد قمری

۷) ۵۶۳ (۸
۵۶
باقی بچے ۳

اگر باقی ایک بچے تو ستارہ قمر ہوگا۔
اگر باقی دو بچیں تو ستارہ عطارد ہوگا۔
اگر باقی تین بچیں تو ستارہ زہرہ ہوگا۔
اگر باقی چار بچیں تو ستارہ شمس ہوگا۔
اگر باقی پانچ بچیں تو ستارہ مریخ ہوگا۔
اگر باقی چھ بچیں تو ستارہ مشتری ہوگا۔
اگر باقی سات بچیں تو ستارہ زحل ہوگا۔

نوٹ:- مذکورہ بالا مثال سے تین باقی کیبیں میں اس کا ستارہ زہرہ ہے اور برج ثور ہے۔

تیسرا طریقہ

جو شخص جس نام سے مشہور ہو خاص و عام اس نام سے پکاریں تو اس کا برج معلوم کرنے کے لئے نام کا پہلے حرف سے اس کا برج معلوم کیا جاتا ہے (مگر عملیات میں پہلا طریقہ رائج ہے) اس کا نقشہ پیش کرتا ہوں۔

ہر حرف کی تشریح

ی	ہ	و	ن	م	ل	ک	ق	ف	غ	ع	ظ	ط	ض	ص	ش	س	ز	ر	ذ	د	خ	ح	ج	ث	ت	ب	ا
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

مثال کے طور پر اکرم کا برج معلوم کرنا ہے تو آپ اکرم پر غور و خوض کریں۔ اک رم ان چاروں ناموں میں پہلے حرف یعنی ا پر غور کریں تو اس کا برج حمل ہے اس طرح دوسری مثال پیش کرتا ہوں۔ یحییٰ کی ہے۔ ان میں پہلا حرف ی ہے اس لئے ان کا برج بھی حمل ہے۔ اس قانون پر عمل کریں۔

چوتھا قانون

جن کی پیدائش ۲۲ مارچ تا ۲۰ اپریل کی ہو تو اس کا برج حمل ستارہ مریخ ہے۔ ۲۱ اپریل تا ۲۱ مئی کی ہو تو اس کا برج ثور ستارہ زہرہ ہے۔ ۲۲ جون تا ۲۳ جولائی کی ہو تو اس کا برج جوزا ستارہ عطارد ہے۔ ۲۴ جولائی تا ۲۳ اگست کی ہو تو اس کا برج سرطان ستارہ قمر ہے

پیدائش

۲۴ جولائی تا ۲۳ اگست کی ہو تو اس کا برج اسد ستارہ شمس ہے۔ ۲۴ اگست تا ۲۳ ستمبر کی ہو تو اس کا برج سنبلہ ستارہ عطارد ہے۔ ۲۴ ستمبر تا ۲۳ اکتوبر کی ہو تو اس کا برج میزان ستارہ زہرہ ہے۔ ۲۴ اکتوبر تا ۲۲ نومبر کی ہے تو اس کا برج عقرب اور ستارہ مریخ ہے۔ ۲۳ نومبر تا ۲۲ دسمبر کی ہو تو اس کا برج قوس اور ستارہ مشتری کا ہے۔ ۲۳ دسمبر تا ۲۰ جنوری کی ہو تو برج دلو ستارہ زحل ہے۔ ۲۰ فروری تا ۲۱ مارچ کی ہو تو اس کا برج حوت ستارہ مشتری ہے

نوٹ:- یہ قانون عملیات میں نہیں چلے گا میں نے آپ کی معلومات میں اضافہ کرنے کیلئے یہ عرض کیا ہے۔

عامل کو لازم ہے

جو عامل بروج کے مزاج اور ستاروں کے عنصر اور منازل کی حقیقت سے آگاہ نہ ہوگا عملیات کی تاثیر سے عاجز رہے گا۔ یاد رکھیں۔ طالع کی لاعلمی میں کوئی کیسا ہی عمل، نقش، تعویذ وغیرہ نہ لکھے کا اثر عمل باطل ہو جائے گا۔ ستاروں کی ساعت کو ہمیشہ مدنظر رکھیں۔

آپ ستاروں کی دوستی اور دشمنی کا خیال ضرور رکھا کریں!

نام سیارہ	رنگ	عنصر	طرف	جلالی یا جمالی	سعد یا نحس	دوست	دشمن	مساوی	بخور
شمس	طلائی سنہری	گرم	مشرق	جلالی	سعد اکبر	مریخ، قمر، مشتری	زحل، زہرہ	عطارد	صندل سفید، سرخ
قمر	سفید سبز ہلکا	سرد	شمال	جمالی	سعد اکبر	شمس، عطارد	کوئی نہیں	مریخ، مشتری، زحل، زہرہ	کافور، لوبان، عود
مریخ	سرخ	گرم	مغرب	جلالی	نحس اصغر	شمس، قمر، مشتری	عطارد	زحل، زہرہ	گندھک، لوبان، عود
عطارد	فیروزی، سیاہی مائل	سرد	مغرب	ذوجسدین	ہر دو طبع	شمس، زہرہ	قمر	مریخ، مشتری، زحل	عود، عنبر، لوبان، صندل
مشتری	سبز	گرم	مشرق	جلالی	سعد اکبر	شمس، قمر، مریخ	عطارد، زہرہ	زحل	مشک، زعفران، لوبان، صندل
زہرہ	نیلا، سبز	سرد	مغرب	جمالی	سعد اکبر	عطارد، زحل	شمس، قمر	مریخ، مشتری	عطر، مشک
زحل	سیاہ	گرم خشک	جنوب	جلالی	نحس اکبر	عطارد، زہرہ	شمس، قمر، مریخ	مشتری	عود، دال، گوگرد

عامل پر لازم ہے کہ ہمیشہ ستاروں کی دوستی اور دشمنی کو ملحوظ رکھیں۔ مثلاً ہلاکِ دشمن کا عمل کرنا ہو آپ نے برج اور ستارہ معلوم کر لیتے ہیں اس کو دیکھیں کہ بروج کی آپس میں دشمنی ہے ستاروں کی آپس میں دشمنی ہے۔ نظرات تربیع اور مقابلہ ہے، یاد رکھیں آتشی بروج اور بادی بروج میں دوستی ہے۔ خاکی بروج اور آبی بروج میں محبت ہے۔ آتشی بروج اور آبی بروج میں مخالفت ہے بادی بروج اور خاکی بروج میں ناموافقت ہے۔ شمس کا دشمن زحل ہے دشمنی کا عمل زحل کے وقت کریں اگر دوستی اور اتفاق کے لئے عمل کرنا ہے، مطلوب کا طالع زحل ہو تو عمل محبت کا زہرہ کی ساعت میں عمل کریں ساتھ ساتھ نظر تثلیث تسدیس کو مدنظر رکھیں کیونکہ زہرہ ستارہ زحل کا دوست ہے اس طرح عمل کرنے سے

بے اثری کا رونا ہو گا۔

تھوڑی سی روشنی دن اور ساعت کی پیش کرتا ہوں
کس دن اور کس ساعت میں عمل کریں تاکہ کامیاب ہو

میں نے ساعتوں کے نقشہ میں عمل کی توضیح کر چکا ہوں، لیکن پھر دوبارہ عرض کرتا ہوں اگر محبت اور عشق کا عمل کرنا ہے سوموار کے دن عطارد کی ساعت میں عمل کریں، جب افسران کو قابو کرنے کے لئے اتوار کے روز عطارد کی ساعت میں عمل کریں، عشق کا عمل کرنا ہے تو سوموار کے دن قمر کی ساعت میں عمل کریں۔ عورت مرد میں اتفاق کرانا ہو تو جمعرات کا دن اور زہرہ کی ساعت میں عمل کریں۔ میں نے اشاروں سے بتا دیا ہے اور زیادہ تفصیل کے ساتھ ہر عمل کے ساتھ پورا پورا قاعدہ اور قانون لکھوں گا۔

اچھا اور نیک عمل کیلئے . . . نیک وقت کی تلاش کریں

مثال کے طور پر غائب کو حاضر کرنا۔ محبت اور عشق وغیرہ وغیرہ کے لئے قمر کو دیکھنا ہے، کس برج میں ہے شمس کو تلاش کریں کہ وہ کس برج میں ہے طالع کا مزاج اور منزل قمر کی حالت کو مد نظر رکھیں۔ سعد کا ہونا ضروری ہے تو عمل تیر کیطرح اثر کرے گا۔

شر کیواسطے عمل کرنا مطلوب ہو

تو نحس وقت کا تلاش کریں۔ مقابلہ تربیع نحس بروج اور نحس طالع نحس ساعت کا ہونا ضروری ہے۔ یہ ہمیشہ پیش نظر رکھیں جب قمر برج آتشی میں ہو منزل قمر اور طالع وقت آتشی ہوں۔ ساعت بھی آتشی ہو جو بھی عمل کریں، کامیاب ہو گا۔

عامل بننے کی آرزو ہے تو نجوم میں واقفیت ضروری ہے

قرآن کریم میں سیارگان کو فَالْمُدَبِّرَاتِ اَمْرًا کہا گیا ہے یعنی وہ امر کی تدبیر کرنے والے

ستاروں کی نحوست اور سعادت

زحل ـــــ نحس اکبر ہے اسکی ساعت میں تعویذ عداوت وہلاکت دشمن اور تباہی کے کیئے جاتے ہیں۔

مریخ ـــــ نحس اصغر ہے اسکی ساعت میں تعویذ عداوت وہلاکت دشمن اور تباہی کے کیئے جاتے ہیں

عطارد ـــــ ممتزج ہے یعنی نہ سعد ہے نہ نحس ہے۔

مشتری ـــــ سعد اکبر ہے اس کی ساعت میں تعویذ محبت، دوستی، حاضر ہونے غائب و دفع بیماری کیلئے

زہرہ ـــــ سعد اصغر ہے اس کی ساعت میں الفت، زبان بندی، خواب بندی کے لکھے جاتے ہیں

شمس ـــــ نیر اعظم کہتے ہیں یہ سعد ہے اسکی ساعت میں عزت مرتبہ روزی کے عمل کیئے جائیں گے۔

قمر ـــــ نیر اصغر کہتے ہیں یہ سعد ہے اس کی ساعت میں محبت، اخلاق، شفا کے امراض کے لکھے جائیں

زہرہ عطارد کو ـــــ سعدین کہتے ہیں۔


زحل مشتری کو ـــــ علوین کہتے ہیں۔

مریخ زحل کو ـــــ نحسین کہتے ہیں۔

زہرہ مشتری کو ـــــ سعدین کہتے ہیں۔

قران ـــــ جب دو ستارے ایک برج اور ایک درجہ پر ہوں تو انہیں قران کہا جاتا ہے، نیک سیاروں کا قران سعد ہوتا ہے اور نحس سیاروں کا قران نحس ہوتا ہے، اسی پر عمل کا دارومدار ہے۔

عملیات میں نظرات کے اثرات



۱ شمس اور مریخ کے ساتھ نظر تسدیس ہے نیک نظر،

۲ شمس اور زحل نظر تربیع، نحس نظر،

۳ شمس اور عطارد نظر تثلیث ہے نیک نظر،

۴ شمس زہرہ نظر تسدیس ہے،

۵ شمس مشتری نظر تربیع

۶ شمس راس نظر تثلیث ہے۔

۷ خانہ نمبر ۶، خانہ نمبر ۸، خانہ نمبر ۱۲ ساقط ہیں اس میں کوئی ستارہ قابض ہو تو یہ نظر ساقط ہوگی۔ اس کا کوئی اثرات نہ ہوگا۔

۸ خانہ نمبر ۴ برج سرطان میں ستارہ زحل اور ستارہ مشتری قابض ہیں دونوں کے دو درجے ہیں۔ اسے قران کہتے ہیں۔ مزید تفصیل آگے ملاحظہ فرماویں۔

نظرات کے اثرات

نظرات ۔ فلا اقسم بموقع النجوم وانہ لقسم لو تعلمون عظیم

خدا فرماتا ہے میں نجوم کے مواقع کی قسم کھاتا ہوں۔ اگر غور کرو تو یہ ایک بہت بڑی قسم ہے ۔

ہر روز آپ کی توجہ اس طرف مبذول کرا رہا ہوں جو ایک اہم اور ضروری ہے ۔ نظرات کے اثرات ہر ماہ میں ماہنامہ آثار النجوم میں پیش کر رہا ہوں جو نجومی کے لئے اہم شعبہ ہے اور عامل کے لیے اہم وقت ہے اس کے بغیر دونوں بیکار ہیں ۔ اس کی تشریح اور تفصیل پیش کرتا ہوں ۔

تسدیس جب دو ستاروں کے درمیان ۶۰ درجہ کا فاصلہ ہو یا زائچہ میں دونوں سیارے ایک دوسرے سے تیسرے گھر میں قابض ہوں تو نظر تسدیس کہلاتی ہے ۔ یہ نیم دوستی کی علامت ہوتی ہے ۔ اس کا اثر تثلیث سے کم ہوتا ہے ۔ متعلقہ ستاروں کی منسوبات کے متعلق سعد امور کے عملیات کئے جاتے ہیں اور دنیاوی کام سرانجام دیئے جاتے ہیں ۔ سعد کام کے لئے یہ نظر کامیابی لاتی ہے البتہ تاخیر ہو جاتی ہے ۔ نجوم میں کام میں کامیابی کی امید ہو سکتی ہے ۔

تثلیث جب دو سیاروں کے درمیان ۱۲۰ درجہ کا فاصلہ ہو یا جب زائچہ میں دونوں سیارے ایک دوسرے سے پانچویں گھر میں واقع ہوں تو نظر تثلیث کہلاتی ہے ۔ اور کامل دوستی کی ہے اس نظر کی تاثیر سے جن شخصیتوں کے درمیان کامل مخالفت اور عظیم دشمنی ہو اور اس کو زائل کر کے دوستی اور محبت پیدا کی جا سکتی ہے اور ہر قسم کے سعد اعمال محبت و تسخیر وغیرہ اور سعد امور جو ہر دو سیاروں کی منسوبات سے تعلق رکھتے ہیں سرانجام دیئے جا سکتے ہیں اور بہت جلد کامیابی ہوتی ہے ۔

تربیع جب دو سیاروں کے درمیان ۹۰ درجہ کا فاصلہ ہو یا زائچہ میں دونوں سیارے ایک دوسرے کے چوتھے گھر میں واقع ہوں تو نظر تربیع کہلاتی ہے ۔ نجوم کے قانون کے مطابق یہ نیم دشمنی کی ہوتی ہے ۔ اس کی تاثیر برائی میں بمنزلہ مقابلہ کے ہوتی ہے ۔ نحس اعمال کئے جاتے ہیں ۔ اگر دشمن دوست ہو چکا ہو تو اس نظر سے دوبارہ دشمنی پیدا کی جا سکتی ہے ۔ متعلقہ سیاروں کی منسوبات کو نقصان پہنچتا ہے جن کی نظر ہو ۔

مقابلہ جب دو سیاروں کے درمیان ۱۸۰ درجہ کا فاصلہ ہو تو یا جب زائچہ میں دو ستارے آمنے سامنے گھروں میں بیٹھے ہوئے ہوں تو نجوم کے قانون میں نظر مقابلہ ہوتی ہے ۔ یہ کامل دشمنی کی نظر کہلاتی ہے بیشتر منحوس اور بد ہوتی ہے اس وقت خرابی

ہوا کرتی ہے جو بہر دو ستاروں کی منسوبات سے تعلق رکھتی ہیں۔ اس وقت نحس عملیات کئے جاتے ہیں۔ بکمال عداوت مقابلہ اور جنگ و جدل کی تاثیر دونوں سے ظاہر ہوتی ہے۔ نیک کام سرانجام نہیں پاتے۔ جب شمس و قمر کا مکمل مقابلہ ہو تو چاند گرہن لگتا ہے۔

قران یا مقارنہ یا اجتماع

جب دو سیارے ایک برج ایک ہی درجہ میں واقع ہوں تو اسے قران کہتے ہیں۔ **میں مقام النجوم اور اثرات النجوم اور رحیم النجوم کے تمام حصوں میں ان کی توضیح اور تشریح** مفصل کر چکا ہوں۔ یہاں صرف اشارتاً عرض کرتا ہوں۔ قران تین طرح کے ہوتے ہیں۔ اوّل قران السعدین مثلاً زہرہ اور مشتری کا قران (یعنی دونوں سعد ستارے ہیں) دوسرا قران ممتزج السعدین یعنی ایک سعد اور دوسرا نحس ستارے کا قران مثلاً مشتری و زحل کا قران (مشتری سعد اور زحل نحس ہے) تیسرا قران النحسین یعنی دونوں نحس ستاروں کا اجتماع۔ جیسے مریخ و زحل۔ تمام سیارگان کے اجتماع کو قران کہتے ہیں مگر سورج کے ساتھ جن ستاروں کا قران ہو اُسے نجوم کے قانون کے مطابق احتراق کہتے ہیں۔ زہرہ و عطارد کو شمس پر اُسے احتراق کے کوئی نظر نہیں ہوتی اور ان دونوں کو آپس میں قران و تسدیس کے سوا کوئی نظر نہیں ہوتی۔ اگر شمس و قمر ایک ہی برج کے اندر ہوں تو ان کو اجتماع نیرین کہا جاتا ہے۔ چاند اور شمس کا مکمل قران گرہن کہلاتا ہے یعنی سورج گرہن۔ سعد قران میں سعد امور اور نحس قران میں نحس امور کو مدد ملتی ہے جو دو ستاروں کے منسوبات سے تعلق رکھتے ہیں۔ یہ تھی نظرات کے اثرات کی مختصر تفصیل اب میں قمری نظرات کی طرف آتا ہوں۔ چونکہ یہ تیز رفتار سیارہ ہے جو ایک ماہ میں تمام سیاروں کے ساتھ اس کی نظرات اس کی ہوتی رہتی ہیں۔ چونکہ زمین زیادہ قریب ہے اس لئے اس کا اثر بالکل مسلّمہ ہوتا ہے۔ ہر ذی روح پر بلکہ غیر ذی روح پر بھی اس کا عمل دخل رہتا ہے۔ قمری اثرات اہل زمین پر ایک اعلیٰ اور ارفع کتاب لکھی ہے جو بہت نایاب اور قدرتی انجازات اور کمالات کا گنجینہ ہے۔ اگر صاحب شوق حضرات اس پر غور اور عمل کریں تو روزانہ کے حالات سے واقف ضرور ہو جائیں گے۔ قمری نظرات سے آپکو اپنے دنیاوی حالات کا علم ہو سکتا ہے کہ فلاں کام اس نظر میں کریں یا نہ کریں۔ اس وقت فائدہ ہوگا یا نقصان یہ نظرآپ کو صحیح پوزیشن سے ضرور آگاہ کر دیں گی۔ تجربہ کرنا اور فائدہ اُٹھانا تو آپ کا کام ہے۔ میں ہر ماہ ماہنامہ آثار النجوم میں پیش کرتا رہتا ہوں۔ خدا جانے کوئی اس سے فائدہ اُٹھاتا ہے یا نہیں۔ یہ صاحب ذوق کا کام ہے۔ اب میں ان نظرات کے اثرات کی روشنی میں کاموں کی تشریح کرتا ہوں۔

۱۔ قمر زحل کی نظرات

<u>قمر قران زحل</u> ایک پریشانی لانے والا دن ہے سفر نہ کریں۔ کسی بڑے آدمی سے اعانت کی خواہش نہ کریں۔ جائداد منقولہ و غیر منقولہ نہ خریدیں ورنہ بجائے نفع کے نقصان کا احتمال ہے۔

قمر تسدیس زحل: درخت لگانا۔ بڑا کاروبار کرنا

بڑے آدمیوں سے ملاقات کرنا اور سفر نیا اپنا نہیں ہے مستورات سے مفاد نہ ملے گا۔ عدالت میں آپ کے خلاف فیصلہ ہوگا۔

قمر تربیع زحل علاج معالجہ کرنا۔ آپریشن کرانا۔ مقدمہ کرنا۔ زراعت فروخت کرنا۔ واقف لوگوں سے جھگڑا یا بدمعاملگی سے بچو۔

قمر تثلیث زحل مرمت کے تمام کاموں کے لئے مناسب اور موزوں ہے۔ زمین و باغ کے تمام معاملات کے لئے مفید اور کارآمد ہے۔

قمر مقابلہ زحل نئے ملازمین کو نہ رکھو اور نہ ہی مروجہ تبدیل کرو اور نہ ہی تبادلہ کی درخواست دو۔ روپیہ کالین دین نہ کرو نیا کام کوئی نہ کرو ورنہ پریشانی میں مبتلا رہو گے۔

نظرات قمر با مشتری

قمر قران مشتری ایک اچھا اور خوش نصیب دن ہے معتمد لوگوں یا افسران سے مدد حاصل کرو۔

قمر تسدیس مشتری تبرکات اور قانونی معاملات کرنا۔ قانونی کاروائی کرنا۔ قانونی کاغذات پر دستخط کرنا مفید ہے۔

قمر تربیع مشتری صرف مطالعہ کرنا یا مشورہ حاصل تعلیم کے لئے بہتر اور مفید ہے۔

قمر تثلیث مشتری نئے کام یا کاروبار کے لئے سعد

...حاصل کرنا یا سفر کرنا اور مشورہ سعد اور سیٹھ کا جو

قمر مقابلہ مشتری اس وقت سفر اور داخلی معاملہ آغاز کرنا بہتر ہے۔

نظرات قمر با مریخ

قمر قران مریخ یہ اچھا دن نہیں اس وقت سفر کرنا اور خطاری اور جھگڑالو آدمی سے دور رہو۔ اپنے آپ کو ہر طرح سے محفوظ رکھو۔

قمر تسدیس مریخ اس وقت سپورٹس کا سامان خریدنا جنگ کا ساز و سامان خریدنا بہت اچھا اور بہتر ہے اس کے علاوہ گھوڑوں کے لئے سامان خریدنا اور جدید چیزیں استعمال کرنا مفید ہے۔

قمر تربیع مشتری اس وقت فساد جھگڑے سے دور رہو نئی دوستی نہ بناؤ یا کسی نئے معاہدے میں شریک نہ ہو اور نیا معاہدہ نہ کرو۔

قمر تثلیث مشتری اس وقت میں سعد کام سرانجام دیں ہر قسم کے چارپایوں کی تجارت کرنا منافع بخش قدم ہے۔ تنازع اور دشمنی کو صلح سے بدلنے کا وقت ہے۔

قمر مقابلہ مشتری اس وقت سے مندرجہ ذیل اجتناب کریں۔ سفر۔ سوشل۔ اجتماعات دوستی اور محبت کے معاملات طے کرنا پریشانی کا باعث ہے۔

نظرات قمر با شمس

قمر قران شمس اس وقت افسران حکمران سے ملاقات کرنا پوشیدہ یا مخفی امور کو حاصل کرنا

اور ان کی ذمہ داری قبول کرنا بہتر ہے۔

قمر تسدیس شمس اس وقت آپریشن کرانا علاج معالجہ کے لئے بہترین وقت ہے ذاتی مفاد کے حصول کی کوشش کرنا مفید ہے۔

قمر تربیع شمس اس وقت افسران حکمران کی ملاقات سے گریز کریں۔ بلکہ کسی کے خلاف مقدمہ کرنے سے کامیابی ہوتی ہے۔

قمر تثلیث شمس اس وقت مقتدر لوگوں سے مفاد حکمران سے فائدہ اٹھانے کا وقت ہے ہر معاملہ کی موافقت اور مدد حاصل کرنے کا موافق دن ہے۔ تحائف دینا بھی مفید ہے

قمر مقابلہ شمس اس وقت امراء سے ملاقات اور ان سے کسی قسم کی خواہش اور آرزو کرنا بیکار ہے چونکہ نحس دن البتہ اہم اور مقتدر لوگوں سے مشورہ حاصل کرنا بہتر ہوگا۔

نظرات قمر با زہرہ

قمر قران زہرہ یہ وقت سوشل امور اور تفریحات کیلئے موزوں اور مناسب وقت ہے نیا کپڑا پہننا یا خریدنا خوش قسمتی دیتا ہے محبوب سے ملاقات یا دوستی کے لئے اچھا وقت ہے۔

قمر تسدیس زہرہ یہ وقت نکاح کرنے کی نسبت طے کرنا روحانی امور، سوشل زندگی اور آرائش کی چیزیں خریدنے کیلئے مفید ہے۔

قمر تربیع زہرہ یہ وقت ملازمین رکھنے کے لیے سلور کے امور کے لئے اور لیکا یک شادی کے معاملات طے کر لینا مفید ہے

قمر تثلیث زہرہ یہ وقت مسرت سے فائدہ اٹھانے رومان، رنگ رلیاں منانے اور قیمتی اشیاء خریدنے کے لئے موافق ہے۔

قمر مقابلہ زہرہ یہ وقت ملازمین رکھنے۔ نئی ملازمت اختیار کرنے یا کسی بھی قسم کی ازدواجی یا شادی کے متعلق قدم اٹھانا اچھا ہے۔

نظرات قمر با عطارد

قمر قران عطارد یہ وقت خط و کتابت اور اکاؤنٹ کے لئے بہتر پیغام بھیجنے اور سامان کی روانگی کے لئے سعد وقت۔

قمر تسدیس عطارد یہ وقت مطالعہ خرید و فروخت، درسگاہ کا اجراء اور تعلیم و مطالعہ کے تمام قسم کے کاموں کا کرنا سعد ہے۔

قمر تربیع عطارد یہ وقت سفر، ملازمین رکھنا یا ان کے متعلق معاملات طے کرنا سعد ہے۔ اور ہر قسم کے تجارتی کام کرنا مفید ہے۔

قمر تثلیث عطارد یہ وقت لٹریری کاموں کے لئے مفید ہے (خصوصاً شاعری) نئی بات نکالنا۔ اختراع کرنا یا ایجادی قسم کے تمام امور کے متعلقہ کاموں کو کرنا۔ ریاضت کرنا، کثرت کرنا، بجنت شفقت کرنا مشق اور دعا کرنا یا اپنے حق کو استعمال کرنا مفید ہوتا ہے۔

قمر مقابلہ عطارد کسی شخص سے بھی تحریری امداد لینا اہم خط و کتابت کروانا یا درخواست لکھوانا بہتر ہوتا ہے۔ کسی شخص کے ذریعہ پیغام بھیجنا خواہ وہ کسی قسم کا ہو خرید و فروخت اور سفر کے لئے نیک وقت ہے۔

نجوم میں احکام لگانے کے لئے خفیہ اشاروں کو اس طرح پڑھا جاتا ہے ۔

۱۔ قمر تسدیس زہرہ کا مطلب یہ ہے ۔ قمر (گھریلو زندگی) تسدیس (سعد وقت) زہرہ (محبت و جذبات) سے تعلق رکھتا ہے ۔ تو اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے یہ وقت گھریلو زندگی میں محبت اور بہتری لائے گا ۔

۲۔ مشتری مقابلہ مریخ کا مطلب یہ ہے ۔ مشتری (روپیہ پیسہ) مقابلہ (نحس وقت) مریخ (خطرہ اور حادثہ) سے تعلق رکھتا ہے ۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا اس وقت روپیہ کے متعلق کوئی جھگڑا فساد اور خطرہ لائے گا ۔ یہی قانون سب نظرات کے پڑھنے اور سمجھنے کا ہے ۔ اگر آپ کو زیادہ مثالیں اور دلائل دیکھنی ہوں تو رحیم النجوم کے حصوں کا مطالعہ کریں ۔

چونکہ دنوں کا تذکرہ آیا ہے اس لئے ایاموں کے اثرات بھی پیش کرتا ہوں تاکہ آپکی راہنمائی درست اور صحیح رہے ۔

رحیمی فالنامہ

ایک کاغذ اور پنسل لیں پھر دل میں کوئی سوال قائم کریں ۔ اس کے بعد ذیل کی جدول میں حرف دیکھ کر کسی حرف پر انگشت شہادت رکھیں اب اس حرف کو چھوڑ کر ساتواں حرف کاغذ پر لکھتے جائیں جب آخر حرف پر پہنچ جائیں تو کاٹا لگا کر پھر اوپر سے اسی طرح شروع کریں یہاں تک کہ آخر میں آپکا وہی حرف آئے گا جس پر آپ نے انگلی رکھی تھی آخر میں اسے بھی لکھ لیں ۔ اب ان لکھے ہوئے حروف کے جملے بنالیں ۔ بس یہی آپکے دل میں سوچے ہوئے سوال کا جواب ہوگا ۔ ایک ہی آدمی بار بار عمل کرے گا تو جواب خلط ملط ہو جائے گا ۔

نوٹ ۔ یہ چھوٹا جدول ہے اس لئے مختصر سوالوں کے جواب ملیں گے

×	×	×	×	×	×	×	×	×	×	×	×	×	×
ل	ص	س	س	پ	ر	ا	ک	م	ا	ا	آ	ا	ک
م	ق	ی	ا	و	د	ی	ی	ت	ج	ک	ک	ا	م
ا	م	ل	م	س	ب	ب	ص	ل	ا	م	ا	ه	ا
ب	ا	و	ن	ا	ل	ج	ح	ز	ک	ی	ک	ا	ی
ے	ی	ر	ف	م	ل	ب	س	ج	ت	ن	م	ک	س
د	یکھ	ک	ه	ن	ج	ن	پ	س	ک	ع	ی	ص	م
ه	ا	و	خ	ط	ج	ا	تج	ک	ر	یے	خ	ی	ش
ا	ک	ر	ا	ے	ے	ه	ف	م	و	د	ر	ه	ن
ن	و	ه	ا	ی	ج	ن	ل	و	نا	ک	ه	ب	ی
ک	د	ق	ا	ن	م	ے	ی	ت	ن	ن	ن	ک	ه
ے	د	ا	ل	ر	د	گ	ه	ب	ص	م	ک	خ	م
ی	ن	م	ک	ا	ک	ک	ت	ب	ن		ن	ا	ر
و	ص	ن	کا	ه	م	ن	ن	ق	ی		ب	ا	ر
ص	ن	ه	و	ر	ا	خ	ن	ا	ر	ر	ت	ی	ا
ر	ه	ن	ک	د	ی	ب	ب	د	ی	ع	ه	ب	و
ر	ے	ے	و	ا	ے	ے	ک	ه	گ	ر	ج	ه	ه

ایامِ ہفتہ کے اثرات انسان کے کاموں پر

ارشادِ خداوندی:- پارہ نمبر ۲۷ سورۃ الرحمٰن آیت نمبر ۲۹ کُلَّ یَوْمٍ هُوَ فِیْ شَاْنٍ، میری ناقص عقل کی سوچ کے مطابق کچھ اظہار کر رہا ہوں اور آپ کی توجہ اس طرف مبذول کرا رہا ہوں جاتنی تفصیل آپ کو کسی جگہ نہ ملے گی۔ اگر آپ نے اس پر اکتفاء کر لیا تو آپ کے لئے کافی ہے۔

لیجئے اب آپ کو احکام تیس روزہ پیش کر رہا ہوں۔

پہلا دن:- اس روز حضرت آدم علیہ السلام عالمِ ارواح سے وجودِ عنصری میں تشریف لائے۔ یہ دن مبارک ہے۔ اس دن حوائج کا طلب کرنا۔ بادشاہوں کی حضور میں جانا۔ تحصیلِ علم کی طرف مراجعت کرنا۔ شادی کرنا یا شادی کا ارادہ کرنا سفر کرنا۔ خرید و فروخت کرنا نیک شگون ہے۔ اگر کوئی چیز گم ہو جائے تو وہ آٹھ دن کے اندر مل جائے۔ بیمار شفا پائے جو اس روز بچہ پیدا ہو۔ نہایت ذکی فراغ روزی کا حاصل کرے اور برکت والا عیب نصیب ہو۔

دوسرا دن:- اس روز حضرت حوا علیہا السلام جنت سے ہست میں آئیں یہ دن نہایت مبارک ہے شادی کرنا ہے۔ تعمیرِ عمارت کے لئے بنیاد قائم کرنا۔ تمسکات و قبالجات تحریر کرنا۔ حوائج کی طلبی اور نئے کام شروع کرنا مبارک بالکل ہے۔ اگر کوئی قبل از وقت بیمار ہو تو جلد شفا پائے اور اگر بعد دوپہر بیمار ہو تو

برعکس ہے اگر کوئی بچہ اس روز پیدا ہو تو سعادت مند اور بابرکت ہو۔

تیسرا دن نحس:- یہ دن نحس ہے۔ کیونکہ اسی روز حضرت آدم و حضرت حوا فردوسِ بریں سے نکالے گئے تھے پس سب سے بہتر یہ ہے کہ اس روز اپنے خانہ داری کی اصلاح میں مشغول رہا جائے۔ اور حتی الامکان کسی کام کیلئے باہر نہ جائے بادشاہوں کی یا امیروں کے پاس جانا۔ خرید و فروخت کرنا کسی کام کو شروع کرنا۔ ہرگز مناسب نہیں گریز کرنا چاہئے۔ جو شخص اس روز بیمار ہو تو مشکل سے صحت یاب ہو گا۔ جو بچہ پیدا ہو فراخ روزی کا عمر دراز پائے اور حضرت سلیمان علیہ السلام کا قول ہے۔ کہ نحس دن ہے۔ کسی کام کو مفید نہیں ہے۔

چوتھا دن:- یہ دن زراعت۔ شکار۔ عمارت کی بنیاد قائم کرنے اور مویشی خرید کرنے کے لئے بہتر ہے۔ اس روز سفر کرنا مکروہ ہے۔ جو سفر کرے گا کسی آفتِ ناگہانی میں مبتلا ہو گا۔ یا مارا جائے گا۔ اسی دن قابیل پیدا ہوئے۔ جو بچہ اس روز پیدا ہو گا۔ تو وہ تا قیامت سعادت مند ہو گا۔ جو چیز اس روز گم ہو جائے گی۔ وہ ہرگز نہ ملے گی۔

پانچواں دن:- یہ دن منحوس ہے کیونکہ اسی دن قابیل ملعون پیدا ہوا اور اسی ملعون نے اپنے بھائی ہابیل کو قتل کیا تھا

بیمار کو شفاء اور جو بچہ پیدا ہو با اسالت تربیت حاصل کرے زیادہ پائے۔ گم شدہ چیز مل جائے۔

نمبر۱۳ تیرہواں دن:- یہ دن نحس ہے تمام امور بادشاہوں، حاکموں کے پاس جانے سے اور سر میں تیل ملنے اور حجامت کرانے سے پرہیز کرے جو چیز گم ہوگا پھر نہ ملے اور جو بیمار ہو رنج و تکلیف اٹھائے جو بچہ پیدا ہو وہ زیادہ عمر نہ پائے حضرت سلیمان علیہ السلام کا قول ہے کہ اس دن کے خواب کا اثر نو دن میں ظاہر ہو جاتا ہے۔

نمبر۱۴ چودہواں دن:- یہ ہر کام کے لئے نیک ہے اور جو بچہ پیدا ہو عالم ہوگا اور یہ دن حصول علم، خرید فروخت، قرض لینے، بری بحری سفر کرنے کے لئے بہت اچھا ہے۔ اور گم شدہ چیز مل جائے گی۔ اور بیمار دراز عمر پائے اور علم کی طرف راغب ہوگا آخر عمر میں رنج اٹھائے حضرت سلیمانؑ سے روایت ہے کہ بادشاہوں سے ملنے حاکموں کے پاس جانے اور دیگر امور کے لئے نیک ہے خواب کی تعبیر ۲ دن کے اندر اندر ملے۔

نمبر۱۵ پندرہواں دن:- یہ ہر کام کے لئے سعید ہے سوائے قرض لینے یا دینے کے جو کوئی بیمار ہو جلد صحت پائے گم شدہ چیز جلد مل جائے جو بچہ پیدا ہوگا وہ گونگا ہوگا یا زبان میں عیب ہو۔ اور حضرت سلیمانؑ سے روایت ہے کہ اس دن کے خواب کی تعبیر تین روز میں ظاہر ہو۔

نمبر۱۶ سولہواں دن:- سوائے عمارت کی بنیاد رکھنے کے جملہ امور کے لئے یہ نحس دن ہے جو کوئی اس روز سفر کرے وہ ہلاک ہوگا۔ اور جو کوئی راستہ بھول جائے تو وہ صحیح سلامت واپس لوٹے۔ بیمار جلد شفا پائے قبل از زوال جو بچہ پیدا ہو وہ دیدار ہو جائے اور زوال کے بعد جو بچہ پیدا ہو وہ نیک ہو حضرت سلیمانؑ سے روایت ہے کہ اس دن کا خواب کا اثر ۲ دنوں میں ظاہر ہو۔

نمبر۱۷ سترہواں دن:- یہ دن مبارک ہے البتہ تنازعہ کرنے اور قرض لینے یا دینے سے پرہیز کرے جو اس روز قرض دے گا۔ پھر اسے واپس نہ ملے گا اور جو بچہ پیدا ہو وہ نیک ہوگا۔ اور یہ دن ہے۔ اس روز طلب حاجت نہ کرے۔ حجامت بنوانا بہت بہتر ہے۔

نمبر۱۸ اٹھارہواں دن:- یہ دن مبارک ہے جملہ امور خرید و فروخت۔ زراعت سفر کے لئے نیک ہے۔ حملہ آور اپنے دشمن پر غالب آئے اگر کسی کو قرض دے تو واپس مل جائے اور بیمار شفا پائے اور جو بچہ اس دن پیدا ہو وہ نیک حال ہو۔

نمبر۱۹ انیسواں دن:- یہ دن سعد ہے حضرت سلیمانؑ سے روایت ہے کہ اس دن خواب کا اثر اسی روز ظاہر ہو جاتا ہے۔

نمبر۲۰ بیسواں دن:- یہ دن تمام کاموں کے لئے نحس ہے جو اس روز بیمار ہو اسکی بیماری طول پکڑے مگر بعد ازاں تندرست ہو جائے اور جو اس روز بچہ پیدا ہو۔ وہ بدکردار ہوگا۔ قرض کا لین دین نہ کریگا۔

نمبر۲۱ اکیسواں دن:- یہ دن جملہ امور اور خصوصاً عقد کے لئے مبارک ہے جو بچہ بیمار ہو وہ بارہ دن تک شفا پائے۔

نمبر۲۲ بائیسواں دن:- یہ دن نحس ہے سفر کرنا

اس روز کوئی کام نہ کیا جائے۔ اور گھر سے نکلنا بھی
بہتر نہیں ہے۔ جو اس روز جھوٹی قسم کھائے گا بہت
جلد اس کا تلخ مزہ چکھے گا۔ اس روز کی پیدائش موجب
سعادت ہے حضرت سلیمانؑ سے منقول ہے کہ اس
روز کوئی کام نہیں کرنا چاہیئے۔ اور نہ ہی کسی امیر کی
حضوری میں جائے۔

۶ چھٹا دن:۔ یہ دن طلبی سوال و درخواست
شادی کے لئے مفید ہے جو کوئی اس روز بحری یا بری سفر
کرے گا۔ بخیریت تمام اہل و عیال واپس آئے گا اور
حیوانات یا غلاموں کی خرید و فروخت بھی اچھی ہے جو
چیز گم ہو جائے کہ جلد سے جلد دستیاب ہو اور جو بچہ
پیدا ہو وہ نیک ہو گا۔ اور جملہ آفات اور بلیات
سے محفوظ رہے گا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت
ہے۔ کہ جو کوئی خواب دیکھے گا۔ اسکی تعبیر جلد ہو گی۔

۷ ساتواں دن:۔ جملہ امور کے لئے بہتر ہے۔ جو
کوئی اس دن کتابت کی مشق کرے گا وہ جلد کمال کو
پہنچے گا۔ کسی عمارت کی ابتدا کرتا ہے تو عجیب تماشے
تیار ہے۔ اور جو بچہ پیدا اس روز ہو گا۔ نہایت تربیت
یافتہ ہو گا۔ اور رزق سے فراخ ہو گی۔ شکار اور طلب
روزی کے لئے نیک ہے۔

۸ آٹھواں دن:۔ جملہ امور کے لئے عمدہ ہے۔
طلب حاجت اور خرید و فروخت کے لئے عمدہ ہے۔
بادشاہ کے پاس جانا موجب حاجت روائی ہے اور
میدان جنگ کی طرف جانا۔ بحری و بری سفر کرنا مکروہ
ہے۔ اور جو بچہ اس روز پیدا ہو شائستہ ہو اور اس
پر کسی دشمن کا غلبہ نہ ہو مگر نہایت معیبت کے بعد۔ جو
مال اس دن گم ہو وہ بڑی سخت مشقت کے بعد دستیاب

نہ ہو۔ اور جو اس دن بیمار ہو اسے تکلیف اٹھانا پڑے
اور سب کام کے لئے نیک ہے۔

۹ نواں دن:۔ جس کام کے لئے ارادہ کیا جائے
بہتر ہے۔ اس دن کام کرنا کسی قسم کا یا زراعت کرنا
یا زراعت یا درخت لگانا عمدہ ہے۔ اگر دشمن
سے جنگ کو جائے تو غالب ہو۔ گم شدہ چیز جلد مل
جائے اگر بچہ پیدا ہو۔ موجب مشکل اور راحت ہو
ہر حال میں سعید ہو فراخ روزی ہو اور حضرت سلیمانؑ
سے روایت ہے۔ کہ اس کے خواب کا ظہور اسی لمحہ
ہو۔

۱۰ دسواں دن:۔ اس روز حضرت نوحؑ
عالم بے شباب میں جلوہ افروز ہوئے۔ پس جو بچہ اس
روز پیدا ہو معمر اور فراخ روزی ہو۔ خرید و فروخت
اور سفر کے لئے مفید ہے۔ جو چیز اس دن گم ہو جائے
وہ جلد دستیاب ہو جو کوئی اس روز بیمار ہو اسے
لازم ہے۔ کہ وصیت کرے۔ زراعت اور خرید
فروخت کے لئے بہت بہتر ہے۔ اور سلیمان علیہ السلام
سے روایت ہے کہ اس روز کا خواب کا اثر بیس دن
تک ظاہر ہو۔

۱۱ گیارھواں دن:۔ اس روز حضرت شیثؑ
پیدا ہوئے تھے۔ کاموں کی ابتداء۔ خرید و فروخت
اور سفر کے لئے دن اچھا۔ بادشاہوں کی حضوری میں
نہ جائے۔ گم شدہ اشیاء جلد دستیاب ہوں بیمار
شفا پائے جو بچہ اس روز پیدا نیکی کی طرف راغب
ہو۔ معمر ہو تمام عمر کبھی پریشان نہ ہو۔

۱۲ بارھواں دن:۔ شادی، دکان کی ابتداء
کسی کام میں شرکت اور دریا کا سفر کرنے کے لئے بہت
بہتر ہے۔ اس دن زوجین میں کشیدگی کا احتمال نہ ہو اور

حجامت بنوانے کے لئے درمیانہ ہے۔ کوئی بیمار ہو تو
بیس دن میں شفا پائے۔

۲۳ تئیسواں دن:- یہ دن منحوس شمار کیا جاتا ہے
تمام کاموں کے لئے فرعون علیہ اللعنۃ اس روز پیدا ہوا تھا۔
جو کوئی غلام یا کنیز گم ہو جائے وہ نہ ملے جو بچہ اس دن
یا رات کو پیدا ہوا پر مارا جائے یا تمام زندگی مصیبت
گزارے جو بیمار ہو وہ جلد شفاء پائے۔

۲۴ چوبیسواں دن:- نحس ہے تمام کاموں کے لئے
اس روز پرہیز کرنا چاہیئے اگر کوئی کام کیا جائے تو
وہ موجب آلام ہوگا۔ اگر کوئی بیمار ہو تو اسے کہ اللہ
تعالٰی اسے اچھا کرے بیماری کے لئے دعا مانگے تاکہ شفا
ہو اگر ایسا نہ کرے گا تو رسوا ہوگا اور مصیبت میں
مبتلا ہوگا۔ اور جو بچہ اس دن پیدا ہوگا وہ دشمن
ثابت ہوگا۔ اسے نیک ہدایت دیتا رہے۔

۲۵ پچیسواں دن:- یہ دن تمام کاموں کے لئے
سعادت مند ہے۔ اور خاص کر سفر کے لئے اگر اس
روز فرزند پیدا ہو تو عمر دراز ہو مگر غم و الم میں مبتلا
ہو اگر لڑکی پیدا ہو تو وہ فوت ہو جائے اس روز حضرت
موسٰی علیہ السلام اپنی قوم کے ساتھ باہر آئے اور فرعون
دریائے نیل میں غرق ہوا اس روز عقد و نکاح کرنا
نیک ہے۔ اگر غلام یا کنیز گم ہو جائے جلد واپس
آئے جو بیمار ہو درد شکم ہو اور بیماری سخت
ہو تو سات دن کے بعد اچھا ہو جائے۔

۲۶ چھبیسواں دن:- جملہ امور کیلئے نیک
ہے اس روز یا اس شب کی ولادت مبارک اور
نیک بخت ہو اگر کوئی بیمار ہو تو دیر تک بیمار
رہ کر صحت یاب ہو۔

۲۷ ستائیسواں دن:- نیک ہے اگر بعض
کا قول ہے کہ تمام کاموں کے لئے نامبارک ہے اس
روز جو بچہ پیدا ہوگا روزی کی فراخی ہو، عمر دراز پائے
بیمار شفا پائے۔ غلام کنیز بھاگ جائے تو واپس
آ جائے۔

۲۸ اٹھائیسواں دن:- سعید ہے۔ مگر
بعض کے لئے ہر کام کیلئے نحس ہے۔ اس روز سفر نہیں
کرنا چاہیئے۔ جو کوئی سفر کرے گا۔ ہلاک ہوگا۔ اور
بیمار جلد شفا پائے گا۔

۲۹ انتیسواں دن:- اس دن کوئی کام نہیں کیا
کسی سے بےجا گفتگو نہ کرے۔ گھر سے باہر نہ جائے کیونکہ
دن اچھا نہیں ہے۔ اور کاموں کے لئے مبارک ہے سوائے
کتابت کے جو اس روز بچہ پیدا ہوگا۔ وہ برباد ہوگا جو
سفر کرے گا بہت مال پائے گا۔ بیمار صحت یاب ہو
اس روز وصیت نامہ لکھنا بہتر ہے۔ ہر ایک سے
ملاقات کرنا بہتر ہے حضرت سلیمانؑ کا قول ہے کہ
اس روز جو خواب دیکھے گا اس کا اثر اسی روز
ظاہر ہو۔

۳۰ تیسواں دن:- یہ دن خرید و فروخت
شادی نکاح کے لئے نیک ہے۔ اور جو بچہ اس روز پیدا
ہو اس کے لئے ایک سال مبارک ہو اور اس روز جو
کچھ گم ہو جائے وہ مل جائے اور اس کی قرض دے
تو جلد مل جائے۔

لَا یَعْلَمُ الْغَیْبَ اِلَّا ھُوَ
غیب کی خبر خدا جانتا ہے۔

اندیشہ تیر بیچ کرتا ہے

نام سیارگان	تسدیس یا تثلیث کون سا عمل کرنا چاہیے	تربیع اور مقابلہ میں کون سا عمل کرنا چاہیے
شمس و قمر	تسخیر بادشاہ حکمران، امراء، حاکم وقت	جدائی کرانا، دشمنی پیدا کرنا اور کسی کو عہدے سے گرانا فتنہ فساد۔
قمر عطارد	اہل علم و اہل قلم کی تسخیر	دو دلوں میں جدائی ڈالنا۔
قمر و زہرہ	عورتوں کی تسخیر محبت اور عشق	طلاق، مرد و عورت میں نفاق پیدا کرنا۔
مریخ قمر	خواب اور دشمنوں کی دشمنی بند کرنا	حشرات الارض سے نجات کرنے کا عمل کیا جاتا ہے
مشتری قمر	تجارت میں نفع مال و دولت کا حاصل کرنا مرتبہ میں بلند مقام حاصل کرنا	زمین سے خزانہ اور روحانی علوم حاصل کرنا۔
زحل قمر	جائیداد کی مضبوطی، زراعت میں ترقی	کسی شخص کو پریشان کرنا، ذلیل کرنا، بیمار کرنا
زہرہ عطارد	پانی والے جانوروں کی تسخیر، محبوب کی تسخیر	تفرقہ اور جدائی کرانا، تجارت کو بند کرنا۔
مریخ عطارد	بیماری دور کرنا، بدن میں طاقت پیدا کرنا	دشمن کو بیماری میں مبتلا کرنا، کاروبار بند کرنا۔
مشتری عطارد	تجارت، صنعت و حرفت ترقی علوم	تباہی بربادی پھیلانا۔
زحل عطارد	تمام پریشانیوں کو دور کرنا	جائیداد تباہ کرنا۔
مریخ زہرہ	مستورات کی تسخیر صلح کرانا	جدائی میاں بیوی، عاشق معشوق تفرقہ
مشتری زہرہ	محبوب و معشوق کو قابو کرنا، تسخیر خلق امراء کو قابو کرنا	کسی کو عہدے سے گرانا۔
شمس زحل	حصول مقصد طلب حاجات	دو فریقین میں مخالفت، بغض، عداوت پیدا کرنا
زحل و زہرہ	نکاح کرانا، اور اس میں پائیداری	فریقین میں مخالفت پیدا کرنا
مریخ شمس	امراء و حکام کی تسخیر	مخالفین کو تباہ کرنا، فساد پھیلانا
مریخ مشتری	مال و دولت اور عزت حاصل کرنا۔	پریشانیوں میں مبتلا کرنا۔
مریخ زحل	ترقی کارخانہ، عمارت جائیداد وغیرہ	دشمن کی تباہی و بربادی
شمس مشتری	عہدے میں ترقی مال و زر کا حاصل کرنا	ویرانی بربادی پھیلانا
زحل مشتری	دفع نصب حکام	کسی شخص کو عہدے و مرتبے سے گرانا

عملیات میں قرانات کے اثرات

تعین قران	سعد ستاروں کا قران	نحس ستاروں کا قران
قمر و [illegible]	کامیابی نصرت ملاقات امراء	پریشانی، دشمن دشمنی کریں بے عزتی ہو
عطارد و قمر	اہل علم کی ملاقات صنعت و حرفت میں ترقی	ناچاقی دوستوں کی، بربادی تجارت
زہرہ و قمر	محبت اور عشق کامیابی، شادی کامیابی	محبت میں ناکامی اور شادی میں رکاوٹ
قمر مشتری	تجارت میں کامیابی مال و زر کا حصول	تجارت میں ناکامی مال و زر کی بربادی
زحل و قمر	زراعت میں ترقی	دشمن کی تباہی، زراعت برباد
شمس قمر	ان قران میں بد اعمال کے نقوش بنائے جاتے ہیں	
مریخ عطارد	کسی چیز کی تباہی کے لئے عمل کئے جاتے ہیں	
مریخ زہرہ	شادی کرانے اور تسخیرات عورتوں کے لئے عمل کئے جاتے ہیں۔	
مریخ مشتری	کسی کی فتح اور کامیابی و کامرانی کے لئے عمل کئے جاتے ہیں۔	
عطارد زحل	ترقی زراعت، زیادتی چال، اشیاء پوشیدہ کرنا، خرابی و ہلاکت دشمن	
عطارد زہرہ	محبت میں کامیابی، گانے بجانے کا علم، فلم میں ترقی کے اعمال کئے جاتے ہیں۔	
مشتری زہرہ	محبت اور فنون لطیفہ تمام علوم کے عمل کئے جاتے ہیں۔	
زحل مشتری	اہل علم کو رسوا کرنا، ذلیل کرنا، فریقین میں عداوت ڈالنا۔	
شمس مشتری	اعلیٰ مقام حاصل کرنے، مال و دولت زر کے حصول کیلئے عمل کئے جاتے ہیں۔	
شمس عطارد	دنیاوی ترقی کے لئے اعمال کئے جاتے ہیں۔	
زحل شمس	تباہی بربادی فریق کے لئے موثر عمل تیار کئے جاتے ہیں۔	
زحل زہرہ	نکاح کو مضبوط کرنا۔ ملازم کی پائیداری کے عمل کئے جاتے ہیں۔	
شمس زہرہ	عورت مرد میں نفاق ڈالنا۔	
عطارد مشتری	امتحان میں کامیابی ترقی تعلیم۔ ملازمت میں کامیابی۔	
شمس مریخ	فساد جھگڑا، امراض ڈلوانے کا عمل کریں۔	

زحل مریخ	دو آدمیوں میں اتفاق، دشمنی، بربادی، تباہی کروانا۔

یہ ہیں نظریات اور ان کے اثرات۔ فکر کرنے، پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے،
ایک اچھی تقویم یا جنتری میں آپ کو روزانہ نظرات کا صحیح نقشہ مل سکتا ہے۔ الف مری انگلینڈ میں پانچ سال قبل طبع ہوتی ہے وہاں سے منگوا کر ہندوستانی اور پاکستانی نجومیوں کی ماں ہے۔ اس کی روشنی میں جنتریاں بناتے ہیں آپ دیکھیں گے کہ ان کے فکر انگریزی میں ہوتے ہیں۔ پاکستان میں جتنی تقویمیں اور جنتریاں نکلتی ہیں، سب ایک قانون سے بنائی جاتی ہیں صرف پانچ منٹ آگے پیچھے بنا کر اپنی عزت کو برقرار رکھنے کے لئے پردہ کو قائم رکھنے کے لئے بنائی جاتی ہیں سب الفے مری کی روشنی میں پایۂ تکمیل ہوتی ہے۔ اب اپنے عمل میں کامیابی کر سکتے ہیں، بڑی آسانی کے ساتھ!

نوٹ: کوئی رفیل کی اتباع کرتا ہے کوئی الف مری کی اور کوئی امریکن الف مری کو مشعل راہ بناتا ہے۔

اکابر عاملین نے تاریخ نحس کا ذکر کیا ہے وہ بھی پیش کرتا جاؤں۔ تاکہ آپ ان تاریخوں کا خاص خیال رکھیں۔

نام بروج	نحس تاریخ	نام بروج	نحس تاریخ
محرم الحرام	۱۱، ۱۳، ۱۴	حمل	۱۵، ۱۱، ۲۰، ۲۹
صفر المظفر	۱۰، ۱۲، ۳۰	ثور	۴، ۹، ۲۴، ۲۵، ۲۸
ربیع الاول	۴، ۱۰، ۲۰	جوزا	۴، ۱۳، ۱۷، ۲۸، ۳۰
ربیع الثانی	۱، ۱۱، ۲۸	سرطان	۸، ۱۳، ۱۸، ۲۱، ۲۸
جمادی الاول	۱۰، ۱۱، ۲۸	اسد	۶، ۱۳، ۱۹، ۲۱، ۲۵
جمادی الثانی	۱، ۱۱، ۱۲	سنبلہ	۱۲، ۱۹، ۱۷
رجب المرجب	۱۱، ۱۲، ۱۳	میزان	۲۲، ۲۳، ۲۸
شعبان المعظم	۱۴، ۲۰، ۲۶	عقرب	۶، ۹، ۱۳، ۱۵، ۲۸، ۲۹
رمضان المبارک	۲، ۳، ۲۴	قوس	۴، ۹، ۱۳

شوال المکرم	۲، ۶، ۸،	جدی		۱۳، ۱۶، ۲۲…
ذلیقعد	۶، ۸، ۱۰،	دلو		۲۲، ۱۲، ۱۶…
ذوالحجہ	۸، ۲۰، ۲۸،	حوت		۱۳، ۲۴، ۲۲…

عملِ نیک کیلئے قمر در عقرب کو ہمیشہ مدِ نظر رکھیں

نقشہ قمر در عقرب پیش کر رہا ہے اس کی روشنی میں ہبوط قمر معلوم کر سکتے ہیں اور…
جب قمر برج عقرب میں ہو تو یہ نحس وقت ہوتا ہے کسی کام کا آغاز نہ کریں یعنی شادی، نیا کام، تجارت، نیا…
کپڑا پہننا الغرض کوئی نیک عمل نہ کریں ہاں اگر نحس عمل کرنا ہے تو یہ چھ گھنٹے کا وقت بہت نحس اور بد ہو گا لیکن…
اس میں آپ کی کامیابی ہے

مدت	۲۱ مارچ تا ۱۹ اپریل	۲۰ اپریل تا ۲۰ مئی	۲۱ مئی تا ۲۱ جون	۲۲ جون تا ۲۲ جولائی	۲۳ جولائی تا ۲۲ اگست	۲۲ اگست تا ۲۲ ستمبر
قمری تاریخ	۱۵ - ۱۶	۱۳ - ۱۴	۱۰ - ۱۱ - ۱۲	۸ - ۹	۶ - ۷	۴ - ۵
مدت	۲۳ ستمبر تا ۲۲ اکتوبر	۲۳ اکتوبر تا ۲۱ نومبر	۲۲ نومبر ۲۱ دسمبر	۲۲ دسمبر تا ۱۹ جنوری	۲۰ جنوری تا ۱۸ فروری	۱۹ فروری ۲۰ مارچ
قمری تاریخ	۲۱، ۲۲، ۲۳، ۲۹، ۳۰	۲۷، ۲۸	۲۴، ۲۵، ۲۶،	۲۲، ۲۳	۲۰، ۲۱	۱۷، ۱۸، ۱۱…

اس نقشہ سے قمر در عقرب معلوم کرنے کا قانون یہ ہے کہ جب ۲۲ جون تا ۲۲ جولائی تک
میعاد میں جب بھی قمری کی کسی ماہ ۸ - ۹ تاریخ ہو گی تو ان میں قمر در عقرب ہوگا۔ قمر کا عرصہ قیام ۲۳
دن ہوتا ہے۔ مزید درستی کے لئے کسی اچھی تقویم یا جنتری سے معلوم کر سکتے ہیں۔

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

رجال الغیب

عامل کے لئے ضروری ہے کہ رجال الغیب جو کہ خاص بندگان خدا ہیں کہ ان کو ابدال و اوتاد کہتے ہیں۔ ان میں سے وہ عالم کو فیض پہنچاتے ہیں۔ رجال الغیب کے نام سے منسوب ہیں وہ قمری کی تاریخوں کے مطابق اطراف عالم کی سیر کرتے ہیں۔ جب کسی شخص کا ارادہ کسی کام کے کرنے کا ہو یا سفر پہ جاتا ہو تو اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنا منہ رجال الغیب کی طرف کر کے یہ دعا پڑھے۔

"بِسْمِ اللّٰہِ الْاَعْظَمِ وَسُبْحَانَ اللّٰہِ الْاَکْبَرِ"

اس کے بعد اپنا منہ ان کی طرف کرے۔ دوسری مرتبہ دوبارہ اپنا منہ ان کی طرف کر کے اور سلام کہے۔

"اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا رِجَالَ الْغَیْبِ یَا اَرْوَاحَ الْمُقَدَّسَۃِ الْمُنَوَّرَۃِ اَعِیْنُوْنِیْ بِعَوْنَۃٍ وَانْظُرُوْنِیْ بِنَظْرَۃٍ وَاعِیْنُوْنِیْ بِکُوَّۃٍ وَاَجِیْبُوْنِیْ بِدَعْوَۃٍ یَا رُقَبَآءُ یَا نُجَبَآءُ یَا اَوْتَادُ یَا قُطْبُ، یَا غَوْثُ اَغِیْثُوْنِیْ اَجِیْدُہٗ آلِہِ الطَّاہِرِیْنَ"

اور پھر اپنا مطلب اور مقصد کہے تاکہ حصول مقصد کے لئے آسانی ہو۔

نمبر	تاریخ	سمت	نمبر	تاریخ	سمت
۱-	۹-۱۷-۱۵	بطرف مشرق	۵-	۱۳-۲۱-۲۹	مغرب
۲-	۱۰-۱۸-۲۶	شمال مشرق	۶-	۱۴-۲۲-۳۰	مغرب جنوب
۳-	۱۱-۱۹-۲۷	شمال	۷-	۱۵-۲۳	جنوب
۴-	۱۲-۲۰-۲۸	شمال مغرب	۸-	۱۶-۲۴	جنوب مشرق

عامل کو چاہیے کہ ساتوں ستاروں کی تسخیر کا عمل کر کے عامل بن جائے تاکہ جو عمل یا نقش پُر کرنے سے تاثیر پیدا ہو۔ ان کی دعوت یا تسخیر صرف ایک بار دی جاتی ہے جب آپ طالب و مطلوب کے ستارے ابھرے نکالیں تو ان کو سلام پڑھ کر اپنا کام شروع کر دیں۔

زکوٰۃ سیارگان معہ موکل

نام ستارہ	نام یوم	دعوت عمل	تعداد زکوٰۃ
شمس	اتوار	اَلسَّلامُ عَلَیکَ یا شمس یا کلیناییل یا طُغیشَب	ایک ہزار روزانہ پڑھنا ہے
قمر	سوموار	اَلسَّلامُ عَلَیکَ یا قمر یا الفوائیل یا شُعصَفْ ذُ	ایضاً
مریخ	منگل	اَلسَّلامُ عَلَیکَ یا مریخ یا بیائیل یا ھَصنذرِ	ایضاً
عطارد	بدھ	اَلسَّلامُ عَلَیکَ یا عطارد یا اشکائیل یا قِکوتَ	ایضاً
مشتری	جمعرات	اَلسَّلامُ عَلَیکَ یا مُشتری یا بجوائیل یا عیَلیم	ایضاً
زہرہ	جمعہ	اَلسَّلامُ عَلَیکَ یا زھرہ یا خِفنَتخ	ایضاً
زحل	سنیچر	اَلسَّلامُ عَلَیکَ یا زحل یا اَرفرائیل یا اُفیَبج	ایضاً
			ایضاً

اوّل و آخر ایک سو ایک بار درود شریف پڑھنا ہے۔

نوٹ، رحیم العملیات حصہ سوئم بہت اعلیٰ ارفع کتاب ہے

"قانون"

علامت	حروف: زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	عنصر	سمت
زبر والے حروف	ب	و	ی	ن	ص	ت	ض	حروف بادی	غربی
زیر والے حروف	ج	ز	ک	س	ق	ث	ظ	حروف آبی	شمالی
پیش والے حروف	ا	ہ	ط	م	ف	ش	ذ	حروف آتشی	شرقی
جزم والے حروف	د	ح	ل	ع	ر	خ	غ	حروف خاکی	جنوبی

حروف ابجد کے مطابق خدا کے نام

ا۔ احد ، اوّل ، آخر، اَحد ، الٰہٗ ، اکبرُ، اکرمُ ، اَجَلُّ ، اکل ، اَفضلُ ، اَقربُ، امجدُ ، اوّلیٰ ، اعلیٰ،
یااللہُ ، اعظمُ
ب۔ باسطُ ، باطن ، باری، باعثُ ، باقی ، بدیعُ ، بصیرُ، بدُّ ، بدّوحٌ ، باصرُ
ت۔ توّابُ ، تامُ ، تبارک اللہُ ، تنّتورَ ،
ث۔ ثابت ، ثوابُ ،
ج۔ جبار ، جلیل ، جابرُ ، جامع ، جمیلُ ، جوادُ۔
ح۔ حسانِ ، حمیدُ ، حلیمُ ، حکیمُ ، حکمُ ، حقّ ، حفیظُ ، حافظ ، حبیبُ ، حیٌّ ، حسیبُ ، محقق ، حامدُ،
حاجبُ ، حادیٰ ،
خ۔ خافضُ ، خبیرُ، خالقُ ، خامیرُ ، خاتمُ ، خداٗ ،
د۔ دلیلُ ، دائمی ، دائمُ ، دیّانُ ، داہرُ ، دافعُ ، داورُ ،
ذ۔ ذوالعرش ، ذوالطول ، ذوالبطش ، ذوالانتقام ، ذوالاکرام ذوالجلال ، ذوالفضل ،

ر۔ رَبُّ، رَشِیدُ، رَافِعُ، رَفِیعُ، رَجَاتُ، رَحْمٰنُ، رَحِیمُ، رَزَّاقُ، رَفِیقُ، رَشِیدُ، رَبُّ، رَقِیبُ، رَفِیعُ، رَافِعُ، رَاشِدُ، رَاحِیمُ، رَاجِحُ، رَاسِخُ، رَابِطُ، رَبَّنَا، رَؤُفُ،

ز۔ زَارِعُ، زَکِیُّ،

س۔ سُبُّوحُ، سَرِیعُ، سَیِّدُ، سَتَّارُ، سَلَامُ، سَمِیعُ، سُبْحٰنُ، سَامِعُ، سَابِقُ، سَاتِرُ،

ش۔ شَاہِدُ، شَہِیدُ، شَافِیُ، شَکُورُ، شَدِیدُالْعِقَابِ، شَارِعُ، شَارِقُ، شَافِعُ، شَفِیقُ، شَعُ، شَفِیعُ

ص۔ صَانِعُ، صَادِقُ، صَبُورُ، صَمَدُ، صِدْقُ، صَدِیقُ، صَاحِبُ، صَابِرُ، صَالِحُ، صَوَابُ،

ض۔ ضَارُّ، ضَارِبُ، ضَامِنُ،

ط۔ طَالِقُ، طَالِبُ، طَاہِرُ، طَاقُ، طَارِقُ، طٰہٰ، طٰسٓ، طٰسٓمٓ، طَیِّبُ، طَہُورُ

ظ۔ ظَاہِرُ، ظُہُورُ، ظَہِیرُ،

ع۔ عَلَّامُ الْغُیُوبِ، عَدْلُ، عَالِیُ، عَلِیُّ، عَظِیمُ، عَلِیمُ، عَفُوُّ، عَزِیزُ، عَادِلُ، عَالِمُ، عَجِیبُ، عَاجِلُ، عَفُوُّ، عَافِیُ، عَارِفُ، عَاطِفُ،

غ۔ غَالِبُ، غَافِرُ، غَفَّارُ، غَنِیُّ، غَفُورُ، غَوْثُ، غَفِیرُ، غَیُورُ،

ف۔ فَرْقُ، فَارُوقُ، فَارِقُ، فَاصِلُ، فَتَّاحُ، فَرْدُ، فَالِقُ، فَتَّاحُ، فَاعِلُ، فَاخِرُ،

ق۔ قَرِیبُ، قَوِیُّ، قُدُّوسُ، قَائِمُ، قَاہِرُ، قَابِضُ، قَیُّومُ، قَہَّارُ، قَادِرُ، قَدِیمُ، قَدِیرُ، قَادِرُ، قُدُّوسُ، قَاضِیُ، قَاطِعُ، قَامِعُ، قَیِّطُ، قَہَّارُ،

ک۔ کَرِیمُ، کَافِیُ، کَفِیلُ، کَبِیرُ، کِبْرِیَاءُ، کَبَّارُ، کَاظِمُ، کٓہٰیٰعٓصٓ، کَاشِفُ، کَلِیمُ، کَاہِرُ،

ل۔ لَطِیفُ، لُطْفُ، لَازَوَالُ، لَایَمُوتُ، لَایَزَالُ، لَارَیْبُ، لَمْ یَزَلْ،

م۔ مُوَفِّقُ، مُہْلِکُ، مَتِینُ، مُنْزِلُ، مُسْتَقِیمُ، مُقْسِطُ، مُقَدِّمُ، مُقْتَدِرُ، مُغْنِیُ، مُعِیدُ، مُعْطِیُ، مُصَوِّرُ،

ن۔ نَصِیرُ، نَاصِرُ، نَافِعُ، نُورُ، نَقِیُّ، نَعِیمُ، نَاسِخُ، نَاصِبُ، نَاصِحُ، نَاقِدُ، نَاقِیُ، نَدِیمُ، نَاعِمُ، نَاقِدُ،

و۔ وَلِیُّ، وَکِیلُ، وَفِیُّ، وَالِیُ، وَاسِعُ، وَارِثُ، وَاحِدُ، وَدُودُ، وَہَّابُ، وَاجِدُ،

ھ۔ ہُوَ، ہَادِیُ، ہُوَ، ہُوَاللّٰہُ، اَحَدُ، ہُوَالرَّحْمٰنُ، ہُوَالشَّافِیُ، ہُوَالْعَلِیُّ الْعَظِیمُ

ی۔ یٰسٓ، یَسِیرُ، یُحْیِیُ، یُمِیتُ، یُعْطِیُ، یُسَلِّمُ

حروف نحس وسعد کی تقسیم

	سعد	نحس
حروف آتشی	ا ، ہ ، ط ، م ،	ف ، ش ، ذ ، مشرق
حروف بادی	و ، ی ، ص ، ت ،	ب ، ن ، ض مغربی
حروف آبی	ک ، س ، ق ، ث ،	ز ، ظ ، ر ، شمال
حروف خاکی	د ، ح ، ل ، ع ،	ر ، خ ، غ ، جنوب

خدا کے مقدس ناموں کی خاصیت

اسمائے جلالی :-

علی ، مالک الملک ، ممیت ، مقسط ، مبدی ، ذوالجلال ، متکبر ، قوی ، جلیل ،
عزیز ، وارث ، مقتدر ، جبار ، قابض ، کبیر ، منتقم ، مُذل ، متین ، قہار ، مانع ، قادر ، سعید ،
رقیب ، باعث ، مجید ، مصور ، واحد ، سمیع ، اللہ ،

اسمائے جمالی :-

صبور ، نافع ، ہادی ، قیوم ، حمید ، تواب ، وکیل ، شکور ، ودود ، حیّ ، لطیف ،
وہاب ، رافع ، رزاق ، رؤف ، فتاح ، باری ، مومن ، نور ، معطی ، واحد ، ماجد ، حی ، مغنی ،
ولی ، غفور ، کریم ، حفیظ ، باسط ، باقی ، واسع ، غفار ، مہیمن ، سلام ،

مشترک اسماء:-

خالق، رب، احد، بدیع، موثر، اوّل، حق، بصیر، عظیم، خالق، خبیر، حبیب، متعالی، جامع، رشید، مقتدر، شہید، آخر، عدل، ظاہر، قدوس، مالک، والی، غنی، باطن، حکم، حکیم، حلیم، ملک،

نوٹ:-

جس وقت کہ قمر جس برج میں ہو، اُس کے موافق عمل کرنا چاہیے۔ جب تمہارے پاس کوئی حاجت مند آئے تو اس کا نام اور اس کی ماں کا نام اور جو کچھ اُس کا مطلب ہو، ان تینوں کو حروف پر جُدا جُدا الگ کر دیکھو کہ ان حروف میں کون سا عنصر غالب ہے' پس جو عنصر غالب ہو اس کے مطابق عمل کرو، دیکھو: قمر اس غالب عنصر میں کب آ رہا ہے، جب آئے تو عمل کامیاب رہے گا۔

نقوش بھرنے کے طریقے

تعویذوں کے خانوں کو پُر کرنا اللہ کے رازوں میں ایک راز ہے اور مختلف قسمیں ہیں مثلاً مثلث، مربع، مخمس، مسدس، مثمن، مسبع، معشر، اس کے پُر کرنے کے لئے آتشی، بادی، آبی، خاکی، کی چالوں کو مدِ نظر رکھیں یہ ستاروں کے زیرِ اثر ہیں۔ میں نے قبل ازیں اس کے بارے میں عرض کر چکا ہوں یہاں صرف خانہ پوری کی تشریح اور توضیح کی جائے گی۔ یہ علم بہت عمیق ہے لیکن بندہ اپنی بساط کے مطابق عرض کرے گی

مثلث:-

مثلث کے نو خانے ہوتے ہیں۔ اسے عنصر اربعہ کے مطابق پُر کیا جاتا ہے۔ آتشی چال مشرق سے منسوب ہے۔ بادی چال مغرب سے منسوب ہے، آبی چال شمال سے منسوب ہے، اور خاکی چال جنوب سے منسوب ہے

	موکل
د	دردائیل
ه	روریائیل
و	رفتمائیل
ز	شرفائیل
ط	اسمائیل
ی	سرکتیائیل
ک	حروزائیل
ل	طاطائیل
م	رومائیل
ن	حولائیل
س	حموائیل
ع	لومائیل
ف	سرحائیل
ص	اہجمائیل
ق	عطرائیل
ر	امواکیل
ش	ہمرائیل
ث	میکائیل
خ	مہکائیل
ذ	اہرائیل
ض	عطکائیل
ظ	نورائیل
غ	لوفائیل

	جن
ا	قیومیش
ب	وزیرش
ج	نوئیرش
د	طیوریوش
ه	ہمیوش
و	پولیوش
ز	کالیوش
ح	عیوش
ط	پدلیوش
ی	شہیوش
ک	قدلیوش
ل	عدلیوش
م	مجیوش
ن	وطیوش
س	نعینوش
ع	فشیوش
ف	بعطیوش
ص	فلالیوش
ق	شمیولیوش
ر	دمیوشش
ش	تشیوش
ت	لطیوش
ث	لعیوش
خ	والالیوش
ذ	سلکالیوش
ض	نمالیوش
ظ	عقیوش
غ	مرقویوش

مزید معلومات کے لئے رحیم العملیات حصہ سوئم کا مطالعہ کریں، ان میں اچھی خاصی تفصیل اور تشریح آپ کو ملے گی۔

ا	اسرافیل
ب	جبرائیل
ج	کلکائیل

میں قبل ازیں عرض کر چکا ہوں۔ شائقین فن عملیات کو یاد رہے کہ عملیات میں صحیح طور پر بارآور ہونے کے لئے عامل کو علم نجوم کے قانون و قواعد سے کم و بیش واقف ہونا نہایت ضروری ہے علم نجوم سے محروم بے بہرہ ہونے کی صورت میں شائق علم اعمال قدم قدم پر ٹھوکریں کھاتا ہے وہ یہ تو جان سکتا ہے کہ مشتری و زہرہ کی ساعت میں نیک کام کی ابتداء بہتر ہے مگر وہ یہ نہیں سمجھ سکتا کہ جس وقت اس نے کام شروع کیا تھا، زہرہ و مشتری کس حالت میں تھے اگر وہ غروب، رجعت، وبال، ہبوط میں ہوئے تو ان میں سعادت کے اثرات کہاں ہوں گے، اُلٹا کام بگاڑ دیں گے لہٰذا عملیات میں کامیاب ہونے کے لئے علم نجوم میں دسترس ہونی لازمی ہے۔ میں نے نجوم کی کئی کتابیں لکھی ہیں۔ رحیم النجوم حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم، مقام النجوم، اثرات النجوم، رحیم الطالع، اجتماع سیارگان وغیرہ وغیرہ ان سے مدد لی جا سکتی ہے۔ تب عامل صحیح معنوں میں کامیاب عامل بن سکے گا۔

نوٹ:۔ رحیم نجوم کالج سے نجوم سکھایا جا سکتا ہے۔

شریک زندگی کا انتخاب کریں

شادی خانہ آبادی کرتے وقت اپنا موافق ساتھی تلاش کریں

برج	موافق ساتھی	ناموافق ساتھی	برج	موافق ساتھی	ناموافق ساتھی
حمل	اسد۔ قوس	سرطان۔ میزان۔ جدی	میزان	دلو۔ جوزا	جدی۔ حمل۔ سرطان
ثور	سنبلہ۔ جدی	اسد۔ عقرب۔ دلو	عقرب	حوت۔ سرطان	دلو۔ ثور۔ اسد
جوزا	میزان۔ دلو	سنبلہ۔ قوس۔ حوت	جدی	ثور۔ سنبلہ	حمل۔ سرطان۔ میزان
اسد	قوس۔ حمل	عقرب۔ دلو۔ ثور	دلو	جوزا۔ میزان	ثور۔ اسد۔ عقرب
سنبلہ	جدی۔ ثور	قوس۔ حوت۔ جوزا	حوت	سرطان۔ عقرب	جوزا۔ سنبلہ۔ قوس


شرف ہبوط اور عروج کے بروج

- ثور: قمر شرف ۳ درجہ
- حمل: شمس ۱۹ درجہ شرف — زحل ہبوط ۲۱ درجہ — مریخ اوج
- حوت: عطارد ہبوط ۱۵ درجہ — زہرہ شرف ۲۷ درجہ
- دلو: زحل اوج
- جوزا: عطارد — اوج
- سرطان: مریخ ہبوط ۲۸ درجہ — مشتری شرف ۱۵ درجہ — قمر اوج
- جدی: مریخ شرف ۲۸ درجہ — مشتری ہبوط ۱۵ درجہ — زحل اوج
- ۲۱ شمس اوج
- میزان: شمس ۱۹ درجہ ہبوط — زحل شرف ۲۱ درجہ — زہرہ اوج
- قوس: مشتری اوج
- سنبلہ: عطارد شرف ۱۵ درجہ — زہرہ ہبوط ۲۷ درجہ
- عقرب: قمر ہبوط ۳ درجہ — مریخ عروج

نوٹ:۔ رحیم الوقتی زائچہ میں نظرات اوج، شرف، حفیض، وبال، ترفع، فرع، طرح کی مثالیں دی گئی ہیں اور بڑی تفصیل کے ساتھ تشریح کی گئی ہے۔

قمر کی حالت کو خاص طور پر دیکھا جاتا ہے

قمر نحوست سے تب پاک ہوتا ہے جب کہ گرہن نہ ہو تحت الشعاع نہ ہو، محترقہ نہ ہو، عقرب میں نہ ہو، ہبوط کی حالت میں نہ ہو، وبال میں نہ ہو، نظرات نحس نہ رکھتا ہو، تب جا کر اعمال اپنا اثر دکھاتے ہیں ورنہ عامل کا عمل ضائع ہو جاتا ہے، لوگ علم سے نفرت کرتے ہیں۔ اگر مذکورہ بالا حالتوں کا خیال نہ کیا تو آپ عامل نہیں بن سکتے۔



عموماً ان کا طریقہ اعداد کی خانہ پوری ہے۔ یہ بڑا مسئلہ ہے۔ خانہ پوری کرنا ایک فن ہے
صحیح خانہ پوری کرنے سے تاثیر پیدا ہو جاتی ہے جیسے تار کی کوئی حیثیت نہیں ہے لیکن ایک نما
تاروں کو صحیح انداز سے جمع کرتا ہے تو اس سے بڑے بڑے کام لیتا ہے مثلاً ٹیلی فون، ٹیلیویژن، ریڈیو
وغیرہ، ہزاروں مثالیں پیش کی جاتی ہیں۔ ان میں آواز کیسے پیدا ہو جاتی ہے اور تصویریں کیسے نظر آتی ہیں
یہ سب صاحب فن کا کمال ہے اسی طرح تعویذ کے چند خانوں کے اندر کچھ اعداد لکھ کر ایک تعویذ بنا
دیا جاتا ہے۔ بہت سے لوگ ایسے تعویذوں کو مہمل چیز سمجھ کر نظر انداز کر دیتے ہیں اس بد اعتقادی کی
خاص وجہ یہ ہے کہ بیشمار نااہلوں نے اس کام کو ذریعۂ معاش بنا لیا ہے۔ ایسے لوگ جن کو خاص اعداد
کا نہ کوئی علم ہوتا ہے اور نہ ان کے پُر کرنے کے اصول جانتے ہیں۔ کاغذ پر وقت بے وقت صورت
کی صورت اُتار دیتے ہیں، تاثیر کیونکر پیدا ہو اور لوگوں میں بد اعتقادی، بے یقینی نہ بڑھے تو
اور کیا ہو۔ خانوں کے اثرات کسی جگہ میں نے لکھے ہیں، وہاں پر دیکھیں۔

عزیمت میں اعراب دینے کا طریقہ

عزیمت تیار کرنے میں بعض جگہ حروف کے امتزاج سے مختلف الفاظ بنائے جاتے ہیں
ان کے پڑھنے کیلئے زیر و زبر اور پیش کے طریقے لگائیں۔

مثلث پُر کرنے کا قانون

مثلث پُر کرنے کا قانون یہ ہے کہ جو اعداد ہوں ان میں سے بارہ عدد قانون کے تفریق کریں
باقی کو تین پر تقسیم کرکے خارج قسمت کو پہلے خانے میں رکھو اور ہر خانہ میں ایک کا اضافہ کرتے جاؤ نقش پُر ہو
جائے گا۔ نقش صحیح ہونے کے یہ معنی ہوں گے کہ نقش کی جس طرف سے بھی آپ میزان دیں گے اسی طرف
سے وہ تعداد پوری ہوگی جو ابتداء میں میزان تھی۔

مثلاً حوا کا نقش چاروں عنصر سے پُر کرنا ہے اس لئے اس کے حروف علیٰحدہ علیٰحدہ کئے۔

ح و ا
۸ ۶ ۱ : کل میزان ۱۵ ہوا۔

لہٰذا پندرہ کا عدد سے مثلث پُر کرنی ہے

قانون:۔ ۱۵ - ۱۲ = ۳ ÷ ۳ = ۱ خارج قسمت
۳
×

خاکی چال

۵	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶
۱۵	۱۵	۱۵

آبی چال

۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴
۱۵	۱۵	۱۵

بادی چال

۲	۷	۶	۱۵
۹	۵	۱	۱۵
۴	۳	۸	۱۵
۱۵	۱۵	۱۵	

آتشی چال

۸	۱	۶	۱۵
۳	۵	۷	۱۵
۴	۹	۲	۱۵
۱۵	۱۵	۱۵	میزان

حوا کے اعداد کا چاروں عنصر سے نقوش پُر کر دیئے ہیں۔ تینوں طرفوں کا میزان ۱۵ آتا ہے
یہ نقش کے پُر اور صحیح ہونے کی دلیل ہے۔

اب باقی کچھ بچنے کا قانون پیش کرتا ہوں، اس کا قاعدہ ہے اگر باقی ایک بچے تو خانہ
ہفتم میں ایک کا اضافہ کریں اگر تقسیم میں دو باقی بچیں تو خانہ چہارم میں ایک کا اضافہ کریں۔ نقش مکمل
ہو جائے گا۔

اب میں کسر والی رقم کی مثلث کی خانہ پوری کرتا ہوں۔

مثال کے طور پر خدا کے مقدس نام جلیل کے اعداد ۷۳ ہیں۔

۷۳ - ۱۲ = ۶۱

۶۱ ÷ ۳ = ۲۰

باقی کسر ۱



رفتار آتشی نقش کی۔

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

↓

۷۳ کا نقش پُر کیا ایک کسر کا خانہ ۷ میں اضافہ کیا

۷۳	۲۸	۲۰	۲۵
۷۳	۲۳	۲۲	۲۷ ← ۷
۷۳	۲۴	۲۹	۲۱
	۷۳	۷۳	۷۳

آتشی چال سے خدا کا نام جلیل کے اعداد سے ۷۳ کا نقش پُر کر دیا ہے، اس قانون اور قاعدے سے تمام آیت قرآنی اور خدا کے مقدس ناموں کے نقوش پُر کر سکتے ہیں، میں نے عملی مثالیں پیش کر دی ہیں۔

اب کسر دو میں اس کا قانون یہ ہے کہ خانہ نمبر ۴ میں ایک اضافہ کرتے جائیں نقش پُر ہو جائے گا۔

خدا تعالیٰ کا مقدس نام ہے حکم کے اعداد ۶۸ ہیں۔

قانون کے مطابق؛ ۶۸ - ۱۲ ÷ ۳

۱۸
۳ / ۵۶ /
۳
۲۶
۲۴
۲ باقی کسر ہے

رفتار خاکی چال

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

۶۸ کا نقش خاکی چال سے پُر کیا کسر ۲ ڈالنی ہے

۶۸	۲۲	۲۷	۱۹
۶۸	۲۰	۲۳	۲۵
۶۸	۲۶	۱۸	۲۴
	۶۸	۶۸	۶۸

خانہ نمبر ۴ میں ایک اضافہ کیا ۲۱ کی بجائے ۲۲ ہے۔

چاروں طرفوں سے ۶۸ آیا۔ یہی نقش کے صحیح ہونے کی صداقت ہے باقی چالوں سے مذکورہ بالا مثالوں کی روشنی سے پُر کریں۔

خانوں کی تاثیر علیحدہ ہوتی ہے رفتار سے نہیں، ترتیب سے اثر ہوتا ہے۔

ترتیب مثلث

۳	۲	۱
۶	۵	۴
۹	۸	۷

۳) محبت، اعزاز، حصول مراد و دفع دشمن وغیرہ	۲) ذریعہ روزگار آمدنی آل و دولت	۱) تن بہت، حصول مال و دولت، مراد دلی
۶) شفائے امراض	۵) زبان بندی دشمن حفاظت مانع روزگار	۴) محبت، دوستی، حاجات
۹) فتح و نصرت کشائش کار	۸) بربادی دشمن	۷) محبت عورت مرد

مربع بھرنے کا قانون:

اس کا طریقہ بھی وہی ہے جو مثلث پُر کرنے کا ہے ابجد قمری سے آیت یا اسم وغیرہ کے اعداد

نکال کر تین تفریق کرنے سے اور باقی اعداد کو چار پر تقسیم کیا جاتا ہے خارج قسمت خانہ نمبر ا درج کر کے پوری کرنی چاہیے اگر تقسیم کرنے کے بعد ایک عدد بچے تو اسے جب خانہ نمبر ۱۳ تک پہنچیں تو ایک کا اضافہ کر دیں۔ اگر تقسیم کے بعد دو عدد بچیں تو خانہ نمبر ۹ میں ایک کا اضافہ کر دیں اگر تین باقی بچیں تو خانہ نمبر ۵ میں بھی اضافہ کرنے سے مربع کا صحیح اندراج ہو جائے گا۔

مربع کی بھی چار رفتاریں ہیں:

۱۔ مربع آتشی چال ۲۔ مربع بادی چال ۳۔ مربع آبی چال ۴۔ مربع خاکی چال

مربع آتشی چال

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۴
۱۰	۵	۴	۱۵

مربع بادی چال

۴	۹	۷	۱۴
۱۵	۶	۱۲	۱
۱۰	۳	۱۳	۸
۵	۱۶	۲	۱۱

مربع آبی چال

۵	۱۶	۳	۱۱
۱۰	۲	۱۴	۸
۱۵	۷	۱۳	۱
۴	۹	۶	۱۲

مربع خاکی چال

۱۰	۵	۴	۱۵
۳	۱۶	۹	۶
۱۳	۲	۷	۱۲
۸	۱۱	۱۴	۱

۱۰
۳
۱۳
۸

خانوں کی منفرد تقسیم

خاک	آب	باد	آتشی
آتش	باد	آب	خاک
آب	خاک	آتش	باد
باد	آتش	خاک	آب

اس بات کو یاد رکھیں کہ ہر خانہ کی رفتار ایک علیحدہ اثر رکھتی ہے۔

"مربع کی عملی مثالیں پیش کرتا ہوں"

رفتار نقش آتشی

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

۹۹۸
۳۰ - عدد قانون
۲۴۲ (۹۶۸ ÷ ۴
۸
۱۶
۱۶
۸
۸
×

خدا کے مقدس نام حفیظُ کے اعداد ۹۹۸

میزان				
۹۹۰	۲۴۹	۲۵۲	۲۵۵	۲۴۲
۹۹۸	۲۵۴	۲۴۳	۲۴۸	۲۵۳
۹۹۸	۲۴۴	۲۵۷	۲۵۰	۲۴۷
۹۹۸	۲۵۱	۲۴۶	۲۴۵	۲۵۶
میزان	۹۹۸	۹۹۸	۹۹۸	۹۹۸

مذکورہ بالا مثال سے خدا کے مقدس نام حفیظُ کے اعداد ۹۹۸ کے مربع آتشی چال سے پُر کیا ہے اس میں کسر نہیں ہے۔ اگر تقسیم سے جو باقی بچے، اس کی مثال پیش کرتا ہوں۔

خاکی چال سے مربع پُر کرنا ہے

۱۰	۵	۴	۱۵
۳	۱۶	۹	۶
۱۳	۲	۷	۱۲
۸	۱۱	۱۴	خاکی ۱

کل اعداد ۵۰۰
عدد قانون ۳۰
۱۱۷ (۴۷۰ ÷ ۴
۴
۷
۴
۳۰
۲۸
۲ باقی

خدا کے مقدس نام مَتِین کے اعداد ۵۰۰

۵۰۰	۱۲۷	۱۲۱	۱۲۰	۱۳۲
۵۰۰	۱۱۹	۱۳۳	خانہ ۹ ۱۱۵ کے بجائے ۱۲۶	۱۲۲
۵۰۰	۱۳۰	۱۱۸	۱۲۳	۱۲۹
۵۰۰	۱۲۴	۱۲۸	۱۳۱	۱۱۷
	۵۰۰	۵۰۰	۵۰۰	۵۰۰

میں نے آپ کو عملی مثالوں سے مربع پُر کرنے اور کسر یں کا اندراج سکھا دیا ہے، اس طرح آپ نے تمام چالوں سے خانہ پوری کرنی ہے۔

خانوں کی تاثیر علیحدہ علیحدہ ہوتی ہے

صرف مربع کی تشریح کرتا ہوں، باقی تشریح رحیم العلیات حصہ سوم میں کر دی ہے۔

خانوں کے اثرات

[illegible] پیش خدمت ہے

نقش مثلث سے لے کر ہزاروں تک بھرے جا سکتے ہیں۔

یہ ریاضی کی شاخ ہے جس کو ریاضی پر عبور ہو گا اس کو ان نقوش پر دسترس ہو گی۔ وہ ہر عدد کا نقش بھرنے میں عادی ہو سکے گا لیکن نقوش کی چال آتشی، بادی، آبی، خاکی مقرر کی گئی ہے اور یہ قانون مثلث اور مربع کے پر کرنے کے لئے مقرر ہے۔ علمائے لینیات نے ہر خانہ کو تجربہ سے ایک خاص مقصد کے لیے بنایا ہے۔ جس طرح رمل کی سولہ اشکال ہیں لیکن ہر شکل ایک خاص مقصد لئے ہوئے ہے اسی طرح مثلث کے ۹ خانے مربع ہو اس کے سولہ خانے خاص مقاصد کے لئے بنائے گئے ہیں واضح رہے کہ خانہ اول وہ ہو گا جہاں ایک کا ہندسہ ہے نہ کہ نقش اول اور اسی کو چال کہتے ہیں۔ قبل ازیں متعدد بار عرض کر چکا ہوں کہ خواص اعداد اور خواص حروف یکساں ہیں جس طرح کوئی بوٹی خشک مزاج رکھتی ہے مگر پانی میں تر کرنے سے اس کا مزاج دوسرا ہو جاتا ہے ثابت کا اثر اور ہوتا ہے اور کوٹنے کے بعد بدل جاتا ہے۔ اس طرح ہر حرف کے خواص اور اثرات بھی مختلف ہیں۔ اور ہر اعداد کے علیحدہ علیحدہ خواص بتائے گئے ہیں۔ اگر آپ نے ان قوانین کی پابندی کی تو اثرات پیدا ہوں گے اگر آپ نے ان کو نظر انداز کر دیا تو اس میں کوئی اثر بھی پیدا نہ ہو گا۔ اب میں مربع کے خانوں کی مختصر وضاحت کرتا ہوں

آپ سمجھ لیں جس خانہ سے نقش شروع کریں گے۔ وہی اس میں اثر پیدا ہو جائے گا۔ مکمل تشریح آپ کو حریم العملیات حصہ دوم میں ملے گی۔

خانہ نمبر ۱: ترقی، مرتبہ، جاہ، حصول مقاصد، شفائے امراض کیلئے مخصوص ہے۔

خانہ نمبر ۲: بربادی دشمن، اجاڑنا کسی دوسرے کا کام بگاڑنے کے لئے مخصوص ہے۔

خانہ نمبر ۳: خزائن مدفونہ معلوم کرنا، حصول دولت غیب سے دولت حاصل کرنا، پرانی اور دیرینہ امراض کی شفا کیلئے ہے۔

خانہ نمبر ۴: اعضاء کو رنے کے لئے جیسے فالج، لقوہ، لنگڑا، دشمن کو بیمار کرنے کے لئے ہے۔

خانہ نمبر ۵: درندوں، چرندوں، پرندوں کو تابع کرنے، سحر جادو کا اثر زائل کرنے کے لئے ہے۔

خانہ نمبر ۶: عورت مرد کی صحبت کے لیے مخصوص ہے۔

خانہ نمبر ۷: دشمن کو ہلاک کرنے، تباہ و برباد کرنے کے لئے ہے۔

خانہ نمبر ۸: تسخیر حکام، فتح یابی مقدمہ، نصرت، جنگ۔

خانہ نمبر ۹: علم حکمت، علم دین، علم اسرار الٰہی جیسے کیمیا بنانا۔ یا علم جفر حاصل کرنا۔ زیادتی عقل و درستی دماغ کے لیے۔

خانہ نمبر ۱۰:۔ زن و شوہر کی محبت اور عزیزوں کی دوستی کے لیئے ہیں خانہ نمبر ۱۱:۔ چھپی ہوئی باتیں معلوم کرنا بچھو سانپ اور کتے کے کاٹنے کا علاج بھی اسی خانہ سے کیا جاتا ہے۔ خانہ نمبر ۱۲:۔ اناج پھل باغ کی حفاظت چرند پرند باغ کو محفوظ رکھنے کے لیئے بھی یہی خانہ کام کرتا ہے۔ خانہ نمبر ۱۳: عورت، گائے بھینس، بکری کا دودھ بڑھے۔ باغ میں بکثرت پھل لائے اناج زیادہ ہونا۔ خانہ نمبر ۱۴: مطلوب کی تسخیر کے لیئے ترقی۔ مال مویشی، تجارت، زراعت کے لیئے موزوں ہے۔ خانہ نمبر ۱۵:۔ ظالموں کو ہلاک کرنے کے لیئے جو عام مخلوق کو ضرر پہنچاتے ہیں۔ مثلاً ظالم بادشاہ، جابر حکام وغیرہ۔ خانہ نمبر ۱۶:۔ زبان بندی، خواب وغیرہ کے لیئے یہی خانہ کام کرتا ہے۔

تصوری حب کا عمل

جب قمر زائد نور یا چاند نظر آئے تو اس وقت مکان کے اندر تنہائی میں اپنے مطلوب کی شکل کا تصور آنکھیں بند کر کے قریباً ایک گھنٹہ تک کریں اور تصور میں مطلوب کو مجسم حالت میں اپنے روبرو دیکھا کریں۔ اگر مطلوب تک رسائی ہو تو اس کو آگاہ کر دیں تم خود بخود ہماری طرف بھاگتے آؤ گے۔ اور ہمارے عمل کی تاثیر تم کو فریفتہ کر دے گی۔ تاکہ اس پر عقیدہ ہو۔ لیکن آپ نے ہر وقت چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے مطلوب کی شکل کا تصور اپنے سامنے رکھیں بلکہ اسے حکم دیتے رہیں کہ آؤ جاؤ کھڑے ہو جاؤ۔ جب آپ کے تصور میں حرکت شروع ہو جائے تو پھر آپ کی منزل قریب ہو جائے گی۔ پھر تنہائی میں بیٹھ کر اپنے محبوب کو اپنی طرف کھینچے اور تصور کریں مطلوب میری طرف آرہا ہے اور مجھ سے پیار کر رہا ہے بس اس طرح مشق اور پریکٹس سے چند روز میں محبوب اپنے عاشق کی محبت میں بے قرار ہو جائے گا۔ اگر طالب اپنے مطلوب کو اپنی شکل دکھلانا چاہے تو رات کو جس اس کا مطلوب سوتا ہو طالب اپنے مقام پر پریکٹس اپنے اندرونی جسم کی قوت خیالی کی طاقت سے مطلوب کے پاس لے جاؤ اس طرح ایک ہفتہ کے اندر اندر مطلوب کو اپنے طالب کی شکل خواب میں دکھے گا۔ خداوند کریم نے یہ قوت جذبہ قلبی میں رکھ دی ہے۔ یہ عمل ہر جس چیز کی خواہش ہو اور اس کو اپنا مطلوب بنا کر اس کے خیال میں مست و محو ہو جائے۔ کہ گویا وہ ہر وقت تمہارے روبرو موجود رہے اور تم اس کو یکسوئی قلب سے اپنی طرف کھینچ رہے ہو تو پھر ممکن نہیں کہ وہ چیز تم کو نہ ملے اس بات کا کامل یقین رکھو کہ اگر تم طالب صادق ہو تو وہ چیز تم کو ضرور ملے گی۔ یہ طریقہ تصوراتی عمل ہے اس کی تاثیر مسلمہ ہے آزمائے جس کا جی چاہے۔

خانوں کے اندر عمل کی تفصیل

۸) تیز کلام کامیابی مقدمہ فتح و نصرت کے لئے	۳) چوری معلوم کرنا دفع عمل ساتب وغیرہ	۱۴) مویشیوں کی تجارت و زراعت کی زیادتی ۔ و مطلوب	۱) شفاء امراض حصول مقاصد جاہ مرتبہ ترقی عہدہ
۱۳) دودھ بڑھانے کا عمل بیجا ہے ۔ اناج کی زیادتی	۲) دشمن کی تباہی دائمی نفرت کے لیے	۷) دشمن کی تباہی بربادی کے لیے ہے	۱۲) زراعت کی ترقی اور اس کی حفاظت
۳) دشمن کو بیمار کرنا بیماری کے بندھن کو کھولنا	۱۶) زبان بندی خواب بندی	۹) علم و حکمت، کامیابی جعفر، دور دراز، علم جعفر، نجوم	۱۱) مرد و عورت کی محبت الفت کے لیے ہے
۱۰) خانہ محبت کیلئے مخصوص ہے، کسی قسم کی ہو۔	۵) جادو کا توڑ، درندوں پرندوں کو تابع کرنا۔	۴) برائے زبان بندی و مقدمہ الزام	۵) ظلم سے نجات دلائے

مُخمس کا قانون

پانچ خانوں کو مخمس کہتے ہیں۔

مخمس کی طبعی چال

۹	۲۱	۱۳	۵	۱۷
۳	۲۰	۷	۲۴	۱۱
۲۲	۱۴	۱	۱۸	۱۰
۱۶	۸	۲۵	۱۲	۴
۱۵	۲	۱۹	۶	۲۳

پانچ عرض اور پانچ طول میں اسکو پُر کرنے کا قاعدہ یہ ہے کہ جس قدر اعداد ہوں ان میں ساٹھ عدد قانون کے تفریق کریں۔ بقایا کو پانچ پر تقسیم کرو۔ خارج قسمت کو پہلے خانے میں رکھ کر نقش کی رفتار سے پر ہوگا۔

مخمس کی کسر یہ ہے

اگر تقسیم کرنے سے باقی ایک بچے تو خانہ نمبر ۲۱ میں ایک کا اضافہ کریں اگر باقی دو بچیں تو خانہ نمبر ۱۶ میں ایک کا اضافہ کریں اگر باقی تین بچیں تو خانہ نمبر ۱۱ میں ایک کا اضافہ کریں، اگر باقی چار بچیں تو خانہ نمبر ۶ میں ایک اضافہ کرنے سے مخمس پر ہو جائے گی۔

مسدس

مسدس کی طبعی چال

۱	۳۵	۳	۳۴	۳۳	۶
۲	۸	۲۸	۲۷	۱۱	۷
۱۳	۲۳	۲۲	۲۱	۱۴	۱۸
۲۴	۱۷	۱۶	۱۵	۲۰	۱۹
۱۲	۲۶	۹	۱۰	۲۹	۲۵
۳۱	۳۰	۳۳	۴	۵	۳۶

اس میں چھ خانہ طول میں اور چھ خانہ عرض میں ہوتے ہیں یعنی کل خانہ ۳۶ ہوتے ہیں اس کے پُر کرنے کا قانون یہ ہے۔ جس قدر اعداد ہوں، ان میں سے ایک سو گیارہ (۱۱۱) عدد قانون کے تفریق کرو باقی اعداد کو چھ پر تقسیم کر دو۔ خارج قسمت کو پہلے خانے میں رکھ کر ایک ایک کا اضافہ کریں، حسب قاعدہ مذکورہ چال سے نقش پُر کرو۔

باقی بچتے کسر کو پُر کرنے کا قانون پر غور کریں۔

اگر تقسیم سے پانچ باقی بچیں تو خانہ نمبر ۷ میں ایک کا اضافہ کریں اگر باقی چار بچیں تو خانہ نمبر ۱۳ میں ایک کا اضافہ کریں، اگر تقسیم سے باقی تین بچیں تو خانہ نمبر ۱۹ میں ایک کا اضافہ کریں، اگر تقسیم سے باقی دو بچیں تو خانہ نمبر ۲۵ میں اضافہ کریں، اگر تقسیم سے باقی ایک بچے تو خانہ نمبر ۳۱ میں ایک کا اضافہ کریں، اس طرح مسدس کی خانہ پوری کریں۔

مسبع

مسبع کی طبعی چال

۳۲	۳۸	۴۴	۱	۱۴	۲۰	۲۶
۴۰	۴۶	۳	۹	۱۵	۲۸	۳۴
۴۸	۵	۱۱	۱۷	۲۳	۲۹	۲۲
۷	۱۳	۱۹	۲۵	۳۱	۳۷	۴۳
۸	۲۱	۲۷	۳۳	۳۹	۴۵	۲
۱۶	۲۲	۳۵	۴۱	۴۷	۴	۱۰
۲۴	۳۰	۳۶	۴۹	۶	۱۲	۱۸

اس میں سات خانہ طول اور سات خانہ عرض ٹھہرتے ہیں۔ کل خانہ اُنچاس ہوتے ہیں۔ اس کے پُر کرنے کا قانون یہ ہے کہ جس قدر اعداد ہوں ان میں سے ایک سو اڑسٹھ (۱۶۸) عدد قانون کے تفریق کرو اور جو باقی بچیں ان کو سات پر تقسیم کریں۔ خارج قسمت کو خانہ نمبر ا میں رکھ کر ایک ایک کا اضافہ کرتے جائیں مسبع پُر ہو جائے گی، اب رہا باقی بچی ہندسوں کا

یعنی کسرات کا۔

کسرات کا اندراج اگر تقسیم سے ایک باقی بچے تو خانہ نمبر ۴۳ میں ایک کا اضافہ کریں اگر تقسیم سے دو باقی بچیں تو خانہ نمبر ۳۶ میں ایک کا اضافہ کریں۔ اگر تقسیم سے تین باقی بچیں تو خانہ نمبر ۲۹ میں ایک کا اضافہ کریں اگر تقسیم سے چار باقی بچیں تو خانہ نمبر ۲۲ میں ایک کا اضافہ کریں، اگر تقسیم سے پانچ باقی بچیں تو خانہ نمبر ۱۵ میں ایک کا اضافہ کریں اگر تقسیم سے چھ باقی بچیں تو خانہ نمبر ۸ میں ایک کا اضافہ کریں اس طرح مسبع کی کسرات مکمل ہو جائے گی۔

مثمن

مثمن کی طبعی چیال

۳	۷	۱۰	۵۶	۵۷	۶۱	۶۴	۲
۵۹	۲۰	۱۶	۴۲	۴۸	۵۰	۱۹	۶
۵۴	۴۴	۳۳	۳۵	۳۸	۲۵	۲۱	۱۱
۵۱	۴۳	۳۷	۲۶	۳۱	۳۶	۲۲	۱۴
۱۳	۲۴	۲۷	۴۰	۳۴	۳۰	۴۱	۵۰
۱۲	۱۸	۳۲	۲۹	۲۸	۳۹	۴۷	۵۳
۵	۴۶	۴۹	۵۳	۱۷	۱۵	۴۵	۶۰
۶۳	۵۸	۵۵	۹	۸	۴	۱	۶۲

اس میں آٹھ خانے طول اور آٹھ خانے عرض کے ہوتے ہیں۔ کل تعداد چونسٹھ خانے ہوتے ہیں اس کے پُر کرنے کا قانون یہ ہے کہ کل تعداد میں سے ۲۵۲ عدد قانون کے تفریق کریں باقی اعداد کو ۸ پر تقسیم کریں۔ خارج قسمت کو خانہ اوّل میں رکھ کر ایک ایک کا اضافہ کرتے ہیں مثمن پُر ہو جائے گی۔ باقی اعداد کی تقسیم کسرات کا عمل اگر باقی ایک بچے تو خانہ نمبر ۵۷ میں ایک کا اضافہ کریں اگر باقی دو بچیں تو خانہ نمبر ۴۹ میں ایک اضافہ کریں، اگر باقی تین بچیں تو خانہ نمبر ۴۱ میں ایک کا اضافہ کریں اگر باقی چار بچیں تو خانہ نمبر ۳۳ میں ایک کا اضافہ کریں۔ اگر باقی پانچ بچیں تو خانہ نمبر ۲۵ میں ایک کا اضافہ کریں اگر باقی چھ بچیں تو خانہ نمبر ۱۷ میں ایک کا اضافہ کریں اگر باقی سات بچیں تو خانہ نمبر ۹ میں ایک اضافہ کریں۔ مثمن پُر ہو جائے گی۔

متسع

متسع کی عملی چال

اس میں نو خانہ طول کے اور نو خانہ عرض کے ہوتے ہیں کل تعداد اکیاسی خانہ ہوتے ہیں اس کے پُر کرنے کا قانون یہ ہے کہ کل تعداد اعداد میں سے ۳۶۰ تفریق کرکے باقی اعداد کو ۹ پر تقسیم کریں خارج قسمت کو پہلے خانہ میں رکھ کر ایک ایک کا اضافہ کرکے متسع پُر ہو جائے گی۔

۵۰	۵۸	۶۶	۷۴	۱	۸	۲۶	۳۴	۴۲
۶۰	۶۸	۷۶	۳	۱۱	۱۹	۳۶	۴۳	۵۲
۷۰	۷۸	۵	۱۳	۲۱	۲۹	۳۷	۵۴	۶۲
۸۰	۷	۱۵	۲۳	۳۱	۳۹	۴۷	۵۵	۷۲
۹	۱۷	۲۵	۳۳	۴۱	۴۹	۵۷	۶۵	۷۳
۱	۲۷	۳۵	۴۳	۵۱	۵۹	۶۷	۷۵	۲
۲۰	۲۸	۴۵	۵۳	۶۱	۶۹	۷۷	۴	۱۲
۳۰	۳۸	۴۶	۶۳	۷۱	۷۹	۶	۱۴	۲۲
۴۰	۴۸	۵۶	۶۴	۸۱	۸	۱۶	۲۴	۳۲

کسرات کا عمل

اگر تقسیم سے ایک باقی بچے تو خانہ نمبر ۳۷ میں ایک کا اضافہ کریں اگر تقسیم سے باقی دو بچے تو خانہ نمبر ۶۴ میں ایک کا اضافہ کریں اگر باقی تین بچے تو خانہ نمبر ۵۵ میں ایک کا اضافہ کریں اگر باقی چار بچے تو خانہ نمبر ۴۶ میں ایک کا اضافہ کریں اگر باقی پانچ بچیں تو خانہ نمبر ۳۵ میں ایک اضافہ کریں اگر تقسیم سے باقی چھ بچیں تو خانہ نمبر ۲۸ میں ایک اضافہ کریں اگر تقسیم سے باقی سات بچیں تو خانہ نمبر ۱۹ میں ایک کا اضافہ کریں اگر تقسیم سے آٹھ بچیں تو خانہ نمبر ۱۰ میں ایک اضافہ کریں۔ یہی قانون ہے متسع کی کسرات کا۔

معشر

اس میں دس خانے طول اور دس خانے عرض کے ہوتے ہیں۔ کل تعداد ایک سو خانے ہوتے ہیں اس کے پُر کرنے کا قانون یہ ہے کہ کل اعداد میں سے ۴۹۵ تفریق کریں باقی اعداد پر دس پر تقسیم کریں۔ خارج قسمت کو خانہ اول میں رکھ کر ایک ایک کا اضافہ کرتے جائیں۔ نقش معشر پُر ہو جائے گا

(نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ کریں)


نقش معشر

۱۰	۵۵	۸	۹۴	۹۵	۶	۹۷	۳	۹۲	۱
۸۱	۱۹	۸۸	۱۷	۸۵	۸۶	۱۴	۶۳	۱۲	۲۰
۷۱	۷۳	۲۸	۷۷	۲۶	۲۵	۷۴	۲۳	۲۹	۸۰
۴۰	۶۲	۶۳	۳۴	۶۶	۶۵	۳۷	۳۸	۶۹	۳۱
۶۰	۴۹	۵۳	۵۴	۴۶	۴۵	۴۷	۵۸	۴۲	۵۱
۴۱	۵۹	۴۴	۴۳	۵۶	۵۵	۵۷	۴۸	۵۲	۵۰
۷۰	۶۹	خانہ مطلب	۶۷	۳۵	۳۶	۶۴	۶۸	۷۹	۶۱
۲۱	۲۲	۲۳	۲۷	۷۶	۷۵	۲۴	۷۳	۳۹	۳۰
۱۱	۴۶	۱۳	۷۷	۱۵	۱۶	۸۷	۱۸	۸۲	۹۰
۱۰۰	۲	۵۸	۴	۵	۹۶	۷	۹۳	۹	۹۱

کسرات کا عمل:

اگر تقسیم سے ایک بچے تو خانہ نمبر ۹۱ میں ایک اضافہ کریں اگر تقسیم سے دو باقی بچیں تو خانہ نمبر ۸۱ میں ایک کا اضافہ کریں اگر تقسیم سے تین باقی بچیں تو خانہ نمبر ۷۱ میں ایک کا اضافہ کریں اگر تقسیم سے چار باقی بچیں تو خانہ نمبر ۶۱ میں اضافہ کریں اگر تقسیم سے پانچ باقی بچیں تو خانہ نمبر ۵۱ میں ایک کا اضافہ کریں اگر تقسیم سے چھ باقی بچیں تو خانہ نمبر ۴۱ میں ایک کا اضافہ کریں۔ اگر تقسیم سے سات باقی بچیں تو خانہ نمبر ۳۱ میں ایک کا اضافہ کریں۔ اگر تقسیم سے آٹھ باقی بچیں تو خانہ نمبر ۲۱ میں ایک کا اضافہ کریں اگر تقسیم سے نو باقی بچیں تو خانہ نمبر ۱۱ میں ایک کا اضافہ کریں۔ میں نے راز علمی افشاں کیا ہے۔ ایسا طریقہ کار آپ کو کسی کتاب میں نہیں ملے گا۔ اس سے زیادہ تشریح رحیم العلمیات حصہ سوئم میں مجرب عملیات لکھے ہیں۔ وہاں سے ملاحظہ کریں۔

حاجات وتسخیر وحب کے عمل کا قانون



۱۔ عمل تسخیر اور محبت وکل حاجات کیلئے سب سے پہلے شمس کو دیکھیں۔ بُرج ذو جسدین میں اس کا قیام ضروری ہے یعنی بُرج جوزا برج سنبلہ، برج قوس و برج حوت ہونا ضروری ہے

۲۔ اس کے بعد سیارگان کی طرف توجہ دینی چاہیے۔ زہرہ، عطارد، قمر تینوں ستارے اپنے محبوب کے طالع سے تیسرے، پانچویں یا نویں یا گیارہویں میں ہونا ضروری ہیں۔ مریخ اور زحل بھی نظر تثلیث یا تسدیس سے ایک دوسرے کو دوستی سے دیکھ رہے ہوں۔

۳۔ زہرہ، برج حوت میں ۲۷ درجہ پر ہو قمر برج ثور میں ۳ درجہ پر ہو۔ عطارد برج سنبلہ میں ۱۵ درجہ پر ہوں تو کیا بات ہے۔ اگر انتظار کا وقت نہ کرنا پڑے تو طالع وقت ذوجسدین کو صحیح تلاش کر کے عمل شروع کر دیں۔

۴۔ ان ایاموں میں سوموار، جمعہ، بدھ، جمعرات کے دن عمل کریں

۵۔ ساعت زہرہ یا مشتری کا خاص خیال رکھیں لیکن ان ستاروں کو دیکھ لیں کہ کہیں رجعت یا ہبوط میں نہ ہوں ورنہ اثرات ساعت کا مفقود ہو جائے گا نفع کی بجائے نقصان کا احتمال ہوگا


۶۔ نیک اعمال کیلئے رجال الغیب دائیں طرف اور سامنے نہ ہونا چاہیے۔

۷: یاد رکھیں عمل کی تاثیر پیدا ہونے کے لئے قمر کو ہمیشہ مدنظر رکھیں اس کی سعد حالت کو ساتھ رکھیں قمر برج عقرب میں نہ ہو۔

۸: قمر کی منزل سعد ہونی چاہیے مہینہ جالی ہو۔ عربی مہینے کی سعد تاریخ ہو تب جا کر نوری عمل کا آغاز کریں۔

عداوت و دشمنی کے عمل کا قانون

عداوت، بغض، زبان بندی، بلاکت،



۱: برائی کے اعمال کیلئے شمس برج منقلب میں ہو یعنی برج حمل برج سرطان، برج میزان، برج جدی۔

۲: ساعت مریخ یا زحل کی ہونی چاہیے۔

۳: دن سنیچر یا منگل کا ہونا چاہیے۔

۴: رجال الغیب پیچھے ہونا چاہیے۔

۵: قمر برج عقرب میں ہو یا زحل میں ہو طالع سے خانہ نمبر ۶، خانہ نمبر ۸، خانہ نمبر ۱۲ میں ہو۔

۷۔ اعمال ماہ کامل نحس تاریخیں ہوں۔

۸۔ قمری نحس تاریخ ہو۔


۹۔ ماہ جلالی ہو۔

۱۰۔ وقتی طور پر طالع وقت کو بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ منقلب بروج۔

۱۱۔ نحس نظرات سیارگان میں عمل کرنا چاہیے۔ مریخ یا زحل کا مقابلہ ہو یا تربیع ہو یا زحل مریخ کا قران ہو۔ الغرض نحس نظرات نحس اوقات میں عمل کیا جائے۔

کسی جائیداد یا ملازمت یا کام کی پختگی کی ضرورت

کشائش رزق، حصول مرتبہ اور عہدہ کے اعمال کیے جاتے ہیں



۱۔ شمس بروج ثابت میں قیام ضروری ہے یعنی برج ثور، برج اسد، برج عقرب، برج دلو۔

۲۔ طالب کا ستارہ بھی مذکورہ بالا برجوں میں ہونا چاہیے اور نیک نظرات رکھتا ہوں اور مشتری زہرہ کے قران کرے اگر مرد ہو تو شمس و زحل میں نظر تثلیث یا تسدیس ہو اگر عورت ہو تو زہرہ اور زحل میں نظر تثلیث یا تسدیس ہو۔

۰۳. کام جلدی کرنا ہو تو طالع وقت برج ثور، برج اسد، برج عقرب، برج دلو سے فائدہ اُٹھانا چاہیے۔

۰۴. دنوں کا احتیاط کریں۔ جمعہ، جمعرات، بدھ، اتوار ہو۔

۰۵. ستارہ کی ساعت بھی ثابت شاہ کی ہونی چاہیے۔

۰۶. رجال الغیب پیچھے ہو۔

۰۷. ماہ جالی ہو۔

۰۸. عربی ماہ کی سعد تاریخیں ہوں۔

۰۹. سائل کے طالع کی تاریخیں سعد اور نیک ہو۔

۰۱۰. قمر کا خاص خیال رکھیں برج ثور۔ برج اسد، برج دلو میں ہونا چاہیے یا برج ثور میں ہو تو بہتر ہے۔ نظرات تثلیث یا تسدیس ہونا چاہیے۔ خدا کے فضل سے عمل تیر کی طرح کام کرے گا

"نقشہ ملائکہ اور اعوان کے اسماء کو اعراب دینے کا"

پیش والے حروف	زبر والے حروف	زیر والے حروف	جزم والے حروف
جُ	اَ	ہِ	بْ
رُ	وَ	دِ	ذْ
کُ	یَ	شِ	حْ
سُ	لَ	ثِ	ظْ
فُ	مَ	زِ	عْ
تُ	نَ	ضِ	صْ
خُ	غَ	طِ	قْ

اسمائے باری تعالیٰ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یَااَللّٰہُ	یَارَحِیْمُ	یَارَحْمٰنُ	یَامَلِکُ	یَاقُدُّوْسُ
یَاسَلَامُ	یَامُؤْمِنُ	یَامُہَیْمِنُ	یَاعَزِیْزُ	یَاجَبَّارُ
یَامُتَکَبِّرُ	یَاخَالِقُ	یَابَارِیُٔ	یَامُصَوِّرُ	یَاغَفَّارُ
یَاقَہَّارُ	یَاوَہَّابُ	یَارَزَّاقُ	یَافَتَّاحُ	یَاعَلِیْمُ
یَاقَابِضُ	یَابَاسِطُ	یَاخَافِضُ	یَارَافِعُ	یَامُعِزُّ
یَامُذِلُّ	یَاسَمِیْعُ	یَابَصِیْرُ	یَاحَکَمُ	یَاعَدْلُ
یَالَطِیْفُ	یَاخَبِیْرُ	یَاحَلِیْمُ	یَاعَظِیْمُ	یَاغَفُوْرُ
یَاشَکُوْرُ	یَاعَلِیُّ	یَاکَبِیْرُ	یَاحَفِیْظُ	یَامُقِیْتُ
یَاحَسِیْبُ	یَاجَلِیْلُ	یَاکَرِیْمُ	یَارَقِیْبُ	یَامُجِیْبُ
یَاوَاسِعُ	یَاحَکِیْمُ	یَاوَدُوْدُ	یَامَجِیْدُ	یَابَاعِثُ
یَاشَہِیْدُ	یَاحَقُّ	یَاوَکِیْلُ	یَاقَوِیُّ	یَامَتِیْنُ
یَاوَلِیُّ	یَاحَمِیْدُ	یَامُحْصِیْ	یَامُبْدِئُ	یَامُعِیْدُ
یَامُحْیِیْ	یَامُمِیْتُ	یَاحَیُّ	یَاقَیُّوْمُ	یَاوَاجِدُ
یَامَاجِدُ	یَاوَاحِدُ	یَااَحَدُ	یَاصَمَدُ	یَاقَادِرُ
یَامُتَصَلِّرُ	یَامُقَدِّمُ	یَامُؤخِّرُ	یَااَوَّلُ	یَاآخِرُ
یَاتَوَّابُ	یَامُتَعَہِّمُ	یَاعَفُوُّ	یَامُنْتَقِسْمُ	یَارَؤُفُ
یَامَالِکَ الْمُلْکِ	یَاذُوالْجَلَالِ وَ	الاکرام	یَامُقْسِطُ	یَارَبُّ
یَاجَامِعُ	یَاغَنِیُّ	یَامُغْنِیْ	یَامُعْطِیْ	یَامَانِعُ
یَاضَارُّ	یَانَافِعُ	یَاہَادِیْ	یَانُوْرُ	یَابَدِیْعُ
یَابَاقِیْ	یَاوَارِثُ	یَارَشِیْدُ	یَاصَبُوْرُ	یَاصَادِقُ یَاسَتَّارُ
یَاظَاہِرُ	یَابَاطِنُ	یَاوَالِیْ	یَامُتَعَالِیْ	یَابَرُّ

خواص اسمائے گرامی نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم الانام صلی [illegible]

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محمدؐ	حامدؐ	قاسمؐ	ماحیؐ
قائمؐ	نبیؐ	احمدؐ	محمودؐ
رسولؐ	منتہیؐ	خلیلؐ	حمیدؐ
حبیبؐ	مزملؐ	مصطفیٰؐ	مختارؐ
بیانؐ	شہیدؐ	ولیؐ	نصیرؐ
مدثرؐ	کلیمؐ	مرتضیٰؐ	فاتحؐ
حافظؐ	عادلؐ	حکیمؐ	متینؐ
امینؐ	صاحبؐ	صادقؐ	مدنیؐ
قریشؐ	تہامیؐ	نورؐ	برہانؐ
واعظؐ	ناطقؐ	مکینؐ	یتیمؐ
حریصؐ	فتاحؐ	طاہرؐ	مسبع
اَلیٰؐ	رحیمؐ	جوادؐ	عالمؐ
شافعؐ	عزیزؐ	رؤفؐ	شکورؐ

عامل کیلئے ضروری ہے ان ہدایات پر عمل کرے

طالب علم پر لازم ہے کہ ہمیشہ مندرجہ ذیل ہدایات و قواعد و ضوابط پر عمل میں رکھے اگر فرق ہوا تو عمل بیکار ہو جائے گا۔

عامل کو طالع بروج ستاروں کے متعلق مکمل واقفیت ہونی ضروری ہے

اپنے اصول و قواعد کو ہمیشہ مدنظر رکھیں تاکہ ان پر حاوی رہیں۔ یاد رکھیں جب تک منازل
ستارگان اور بروج وغیرہ اور ان کے موکلات چاروں عنصروں کے طبیعتوں کی مطابقت
و موافقت نہ ہوگی۔ عمل میں تاثیر پیدا نہ ہوگی۔

نجوم میں کافی واقفیت رکھتا ہو یعنی طالع۔ ستاروں کے لئے طلوع، غروب، شرف، ہبوط
رجعت، مستقیم، عروج، زوال، انتقال بروج، ساعتوں پر کمال عبور ہو۔ جنتری کے
قانون کو خوب جانتا ہو۔

عامل کے خیالات ہمیشہ صاف اور پاک ہونا چاہیے ہر قسم کے دنیاوی حرص و ہوس
سے دور ہو۔ راست گوئی، حق پرستی اور حلیم الطبع اختیار کرے۔ حسد و بغض اور
غصہ سے پاک رہنا چاہیے۔ بے خوفی اور مستقل مزاجی کو اپنانا چاہیے ہر روز تازہ غسل
کرے تو بہتر ہے ہر وقت باوضو رہے، روزہ رکھے۔

نقش ترتیب سے لکھیے جو چال بزرگان دین نے مقرر فرمائی ہے ان میں بہت حکمتیں پوشیدہ ہیں
عامل کو چاہیے کہ کم گوئی اختیار کرے اور تن بدن و لباس پاکیزہ رکھے۔ عمدہ عطریات و
خوشبویات کا استعمال رکھے، لقمہ حلال کھائے اور عزلت نشینی اختیار کرے۔

شرائط اعمال اور تعین اوقات کے قانون سے واقف ہو۔

ناموں کی خاصیت سعد و نحس اور دوستی و دشمنی کے جاننے کے قاعدے سے واقف ہو۔

آدمیوں کے نام کے موافق اسماء باری تعالٰے اور موکلات اخذ کر سکتا ہو۔

پرہیز جلالی و جمالی کو ملحوظ رکھے اور گوشت، مچھلی، بیضہ مرغ، شہد، چینی، پان،
چمڑے کا جوتا، کنگھی، بوسہ، حجامت اور استعمال روغن زرد اور دودھ و دہی،
سرکہ، پنیر، لہسن و پیاز، ہینگ و دیگر مکروہات و بدبو والی اشیاء اور حقہ نوشی و
منشی اشیاء استعمال کرنا منع ہے

ایام عمل میں صرف جو کی روٹی، کھجور یا کشمکش وغیرہ میں سے جو میسر ہو کھائے۔

عمل کے لئے پاک جگہ یا کسی مسجد کے گوشہ میں بیٹھنا چاہیے۔

تعویذ لکھتے وقت پاک ہو کر ناپاکی میں جادو اور سفلی کے عمل کیے جاتے ہیں اور علوی میں

یہ نقش بلکہ ہر حرف کے تابع موکلین ہیں جو بحالت ناپاکی اس کی اطاعت سے بری الذمہ سمجھے ہیں۔

- اشیاء خورد نی بغیر اعتماد کہ آیا یہ پاک ہیں یا نہیں۔ استعمال کرنا اور غیر عورت یا پلید وغیرہ پر ہیز گار عورت کے ہاتھ کا کھانا عامل کے لئے درست ہے بلکہ اپنا کھانا خود پکاتے تو سب سے بہتر ہے۔
- عامل کا کپڑا وغیرہ اور چارپائی وغیرہ کسی کو استعمال نہیں کرنی چاہیے اور عامل کو بھی اپنی اشیا کی حفاظت کرنی چاہیے۔
- عامل پر لازم ہے کہ حق ناحق اور حرام و حلال میں فرق کرے یعنی ہر ایک عمل حلال و حق کے لئے کرے اور حرام و ناحق کے لئے ہرگز نہ کرے
- صبح کے وقت محبت، عمل تسخیر و ترقی روزگار و کشائش رزق کے لئے زود اثر عمل کئے جاتے ہیں
  ۹ تا ۱۱ بجے صبح صحت از بیماری کے نقوش لکھے جاتے ہیں۔
  ۳ تا ۵ بجے عداوت، لبغض، ہلاکت، زبان بندی وغیرہ کے اعمال کئے جاتے ہیں۔
  ۹ تا ۱۲ بجے رات کے خوا بندی استخارہ ترقی مراتب کے اعمال کیے جاتے ہیں۔
- جب کوئی عمل نیک کیا جائے تو قمری مہینہ کی پہلی تا چودہ تاریخ تک کیا جائے اگر کوئی نحس عمل کیا جائے تو قمری مہینہ کی پندرہ تا انتیس تاریخ تک کیا جائے
- تعویذات و نقوش محبت میں اگر مرد کو عورت سے دوستی کرنی مطلوب ہو تو نقش وغیرہ میں اول عورت اور اس کی ماں کا نام لکھا جائے اور بعد میں مرد کا نام مع والدہ لکھا جائے اگر عورت کو مرد سے محبت کرانی ہو تو نقش وغیرہ میں اول مرد کا نام لکھا جائے اور پیچھے عورت کا نام ہونا چاہیے نیز فلاں کی جگہ مطلوب کا نام اور بن فلاں کی جگہ اس کی ماں کا نام لکھا جائے۔
- الحمد شریف، آیت الکرسی اور چاروں قل کو پانچ پانچ دفعہ پڑھ کر اپنے دائیں ہاتھ کی انگلی پر دم کرکے اپنے چاروں طرف کر دیا دیوے تا کہ کسی قسم کی رجعت پیدا نہ ہو۔
- عامل کو اپنے عمل پر پورا پورا یقین کامل ہونا چاہیے کیونکہ موکلات اللہ کے حکم سے

ہر مشکل کام سرانجام دے سکتے ہیں اللہ تبارک نے موکلات کو ایسی طاقت بخشی ہے کہ وہ انسان کے ضمیر سے آگاہ ہوتے ہیں مگر عامل کو دلی یقین ہونا از حد ضروری ہے۔

بعض اوقات عامل اپنے وظیفہ اور عمل میں کامیابی نہیں ہوتی۔ وہ وظیفہ یا عمل کو بے اثر خیال کرتا ہے لیکن ایسا نہیں عامل کی غلطی اور تدبیر میں فرق ہوگا۔

ایام عمل کے حالات اور واقعات جو عامل کے ساتھ پیش آئے ہوں وہ کسی اور شخص کے سامنے ہرگز بیان نہیں کرنے چاہیں کیونکہ اظہار راز سے موکلات ناراض ہو جاتے ہیں

عمل باسم یا دعا پڑھتی ہو۔ عنصر کا لحاظ رکھنا ضروری ہے اگر حرف عمل یا دعا کا حرف سر نام پڑھنے والے کا آتشی ہو تو مراد جلد بر آئے گی اگر مخالف عنصر ہوگا تو عداوت پیدا ہو جائے گی (یعنی آبی ہو) اس کا خاص خیال رکھا جائے۔

عامل کو خیال رکھنا چاہیے۔ محبت یا عداوت کا تعویز لکھنے سے پہلے یہ سوچنا ہے کہ ان کی آپس میں شناسائی ہونا ضروری ہے کہ اگر آپس میں واقفیت نہ ہوگی تو عمل خیر ہو یا شر کا ہو، اثر نہ کرے گا۔

کسی پر حب یا بغض کا عمل وغیرہ چلانے سے قبل یہ معلوم کرنا ضروری ہے کہ ان کے پاس تعویزات محافظ تو نہیں ہے اگر ایسا ہوا تو تو ری عمل اثر نہ کرے گا اس کے لئے عمل کو تیز اور سخت عمل کرنا ہوگا اور کسی عمل عامل کے برخلاف عمل کرتے وقت تو نہایت احتیاط کی ضرورت ہے۔ اگر محنت میں کمی ہوئی یا پیچھے سنبھالنے والا کامل ولی نہ ہوا تو عامل کو اپنی جان کا نقصان کا احتمال ہے۔

جب تعویز سے کام ہو چکے تو اس کو قبرستان میں کسی احتیاط کی جگہ دفن کر دے۔

اور جب کسی نے تعویز کئے ہوں اور وہ کسی جگہ گھر یا دوکان میں ملیں خواہ وہ کسی مقصد کے ہوں تو ان کو فوراً پانی میں بہا دینا چاہیے اور بہا کر آنے والا گھر آکر نہائے، کپڑے بدلے پھر کوئی دنیاوی کام کرے۔

اکثر عاملوں کا اتفاق ہے کہ جب روحانی کے تعویذات کے آغاز پہ یہ دعا لکھنا چاہیے
یَا اَصْحَابَ السِّحْرِ وَالتَّوْمِنِ آجِيْبُوْا فلاں بن فلاں آتشر عکومن طَرْفَةِ الْعَيْنِ الْوَحَا الْعَجَل

اَسْتَعِبْتُ وَمَا تَقِیْنُ اللّٰہ آجمال یادری یا مال وی لبعض استاندہ لہ ۔ یہ دُعا یوں بتائی ہے یا صاحب اسرار الواس اجنبتم فلاں اسرع فی طرفۃ العین الوحا الساعۃ الساعۃ اور تعویذات محبت کے آخر میں یہ لکھنا چاہیے "کتبۃ ہذہ تبقغہا ابداً"

• دشمنی عداوت و ہلاکی دشمن کے نقوش و تعویذات پر پہلے یہ الفاظ لکھنے چاہیے۔
یا ابلیس یا صاحب العداوۃ والبغضاء والحق والباطل الوحا اور آخیر میں یہ الفاظ لکھنے چاہیں وہ کتبت ہذا التعویذ فلاں بن فلاں مطلوب عداوۃ کا بعدہ فلاں بن فلاں ابداً۔

• زبان بندی و خواب بندی کے لیے تعویذ و نقوش کے لئے یہ دعا آغاز میں لکھنی چاہیے۔
ھذہ التعویذ لعقد اللسان یا عقدۃ الفوۃ فلاں بن فلاں عقدالیقین و عقدالنوم او اللسان ولیدالبارس

• جب تعویذات اور نقوش لکھنے کے بعد یہ عزیمت پڑھیں اور نقش پہ دم کریں۔
عدودیس ۔ ردیں یدیوس وغاخوش دقار یا ہن ہنطس مقیس سافۃ پڑھا جائے۔

کچھ نقاط آگے بھی پیش کرتا ہوں تاکہ آپ مزید احتیاط کریں
تصور کی طاقت بہت ہوتی ہے۔

استخارہ جات

شرعی لحاظ سے کسی کام کو کرنے سے قبل استخارہ کر لینا بہتر ہوتا ہے۔ حدیث حاکم ترمذی نقل کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صحابہ کرام کو استخارہ کی تعلیم فرماتے ہیں۔ دوسری روایت جامع الاصول میں نقل کی ہے کہ وہ شخص جس نے استخارہ کیا۔ خداوند کریم اسے کبھی نقصان سے دوچار نہیں کرے گا۔ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ خدا کے رسول نے فرمایا ہے! اے انس جس کام کا بھی ارادہ کرے تو پہلے صدقِ دل سے استخارہ کرلے جو کچھ دل میں آئے اس پر عمل کرو۔ یہی بہتر ہوگا۔ چند استخارہ جات پیش کرتا ہوں۔

قانون عمل استخارہ

جمعرات پاک و صاف ہو کر پاک لباس پہن کر خوشبو لگا کر بعد نماز عشاء کسی پاک جگہ میں مصلےٰ بچھا کر اپنا منہ کعبہ کی طرف کر کے بیٹھیں (۱۰۱) ایک سو ایک مرتبہ درود شریف پڑھیں اور مندرجہ ذیل آیات شریف کو ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر دوبارہ درود شریف کا ورد شروع کریں، حتیٰ کہ پڑھتے پڑھتے نیند آجائے اسی مصلےٰ پر سو جائیں یاد رکھیں اپنی آرزو اور مقصد کو مدِنظر ضرور رکھیں۔ بہتر ہے کہ روزہ بھی رکھتے رہیں تو بحکم خدا بطفیل رسول مقبول پہلی رات کو جواب مل جائے گا۔ جواب کو تاخیر ہو جائے تو اسی طرح تین راتیں عمل کریں ان شاء اللہ جواب ضرور بالضرور ملے گا اور تمام صورت سے آگاہی ہوگی۔ "آیت کریمہ یہ ہے"

بسم اللہ الرحمن الرحیم ھو اللہ الذی لا الہ الا ھو عالم الغیب والشہادۃ ھو الرحمن
الرحیم ۝ ھو الذی لا الہ الا ھو ۝ الملک القدوس السلام المؤمن المہیمن العزیز الجبار المتکبر ۝
سبحان اللہ عما یشرکون ۝ ھو اللہ الخالق البارئ المصور لہ الاسماء الحسنیٰ یسبح لہ ما فی السموات

فاذا رش وهو العزيز الحكيم ۔ نوٹ :- قرآن مجید کی متعدد آیات اس کتاب میں درج ہیں۔ دیکھ کر درست

۲۔ ترکیب استخارہ :-


بسم اللہ الرحمن الرحیم الفتاح الحکم الظاہر النور الہادی

ان اسماء اعظم کو جمعرات کے روز روزہ رکھیں اور رات کے وقت پاک صاف ہو کر بعد نماز عشاء ایک ہزار مذکورہ بالا اسم اعظم کو پڑھیں اول آخر درود شریف اکتالیس بار پڑھیں۔ مقصد و آرزو ہمیشہ مدنظر رکھیں۔ خداوند کریم کی دربار میں دعا کریں اور التجا کریں اور اسی پاک جگہ اسی مصلے پر سو جائیں بحکم خدا بطفیل رسول مقبول تمام احوال کا انکشاف ہو جائے گا اگر پہلی رات کو جواب نہ ملے تو تین راتوں کو یہی عمل کریں

فقیر اپنے والد ماجد مولوی خدا بخش حافظ قرآن سیف زبان ہوتے ہیں وہ اپنے زمانے میں لاثانی بزرگ تھے ان کا حلقہ احباب بہت وسیع تھا۔ وہ فاضل زمانہ استاد وقت تھے۔ شاہی خاندان کے استاد تھے۔ شاہی مسجد کی امامت کے فرائض سرانجام دیتے تھے وہ اپنے وقت میں لاثانی بزرگ تھے یہ شریعت و طریقت کے عالم تھے۔ علم کا یہ عالم تھا کہ حضور اپنے وقت میں علوم فلکیات، جعفر، نجوم، رمل، حکمت وغیرہ میں جواب نہیں رکھتے تھے۔ ان کا خون میری رگوں میں ہے۔ ان کا فیض میری روحانی قوتوں میں كل شئ يرجع الى اصله انکا تجربہ شدہ استخارہ حاضری کی خدمت اقدس میں پیش کرتا ہوں جو میرے کئی سالوں کا معمول ہے۔ ناظرین تجربہ کریں اور دعائے خیر دیں۔

نجوم کی روشنی میں استخارہ

وقت انکشافات حالات مخفی استخارہ



زہرہ برج ثور کے ۲۰ درجہ پر ہو یا برج میزان کے ۳ درجہ پر ہو یا برج عقرب ۱۰ - ۲۸ - ۳۰ درجہ پر ہو یا زہرہ برج قوس کے ۱۳ درجہ پر ہو یا زہرہ برج دلو میں ۸ درجہ پر ہو یا برج حوت میں زہرہ ایک درجہ

پر ۲ اور قمر بھی برج حوت میں ایک درجہ پر ہو، دونوں کا قران ہو۔ قمر زہرہ کو نظر تدلیس یا تثلیث سے ناظر ہو، یاد رہے کہ بحالت مستقیم ہو تو اس وقت عمل استخارہ کریں نمبر ۳

جب کسی کام کے ہونے یا نہ ہونے کے متعلق استخارہ کرنا ہو تو اول آخر اکتالیس مرتبہ درود شریف پڑھیں پھر ایک ہزار مرتبہ کلمہ شریف "لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰہ"

نقش


۲/ ۵۶	۱/ ۵۱	۹/ ۵۸
۵/ ۵۷	۹/ ۵۵	۳/ ۵۳
۲/ ۵۲	۹ ۵۹	۴/ ۵۴

پڑھیں اور اس نقش کو زہرہ کی ساعت میں لکھ کر پاک صاف کپڑے میں لپیٹ کر عطر وغیرہ لگا کر اپنے سینہ پر باندھ لیں اور اسی جگہ مصلے پر سو جائیں بحکم خدا الطفیل رسول مقبول تمام حالات کا علم ہو جائے گا، اگر پہلی رات جواب نہ موصول ہو تو تین راتیں عمل جاری رکھیں۔ مجرب استخارہ ہے۔

استخارہ نمبر ۴

ازدواجی تعلقات کے لئے نکاح سے قبل استخارہ کرلیں۔

مرد کا استخارہ مطلوب ہو تو مریخ کو مدنظر رکھیں جب مریخ ۲۱ درجہ میں ہو (برج حمل) یا برج قوس میں ہو یا برج اسد میں یا کسی نیک برج میں زہرہ اور مریخ کا قران ہو یا بالنظر تثلیث یا التسدیس سے دیکھتے ہوں تو روزہ رکھیں، نیک نیت سے استخارہ کی نیت سے درود شریف



ایک سو ایک دفعہ پڑھ کر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ارواح ر بخشے، اس کے بعد یَا حَمِیْدُ تَحَمَّدْتَ بِالْحَمْدِ وَالْفَضْلِ فِی وَالْمَجْدِ حَمِیْدُكَ یَا مَجِیْدُ ۹۲ بار پڑھیں اس کے بعد ــ دفعہ یَا مَجِیْدُ تَمَجَّدْتَ بِالْمَجْدِ وَالْمَجْدُ فِی مَجْدِكَ یَا مَجِیْدُ ۵ بار اَللّٰھُمَّ اِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ (علیم) وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ فَاِنْ رَاَیْتَ اَنَّ فِیْ (فلاں بن فلاں جس کے ساتھ نکاح کرنا ہے) خَیْرًا لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَاٰخِرَتِیْ فَاقْدُرْهَا لِیْ وَاِنْ كَانَ غَیْرُهَا خَیْرًا مِّنْهَا لِیْ فِیْ دِیْنِیْ وَاٰخِرَتِیْ فَاقْدُرْهَا لِیْ وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارَكَ وَسَلَّمَ ایک سو پچاس مرتبہ پڑھ کر سو جائیں بحکم خدا الطفیل رسول مقبول جواب صحیح ملے گا اگر پہلی رات جواب

نہ ملے تو تین راتیں یہ عمل کریں۔ انشاء اللہ جواب ملے گا۔

باموکل استخارہ نمبر ۵:-

اس استخارہ کو کرنا مقصود ہو تو چار دن قبل پانچوں نمازیں باجماعت پڑھیں اور ہر نماز
کے بعد ایک سو پچاس دفعہ یا علیم پڑھیں یہ اتوار سے عمل شروع کریں۔ جمعرات کو استخارہ کی نیت سے
غسل کریں۔ صاف کپڑے پہنیں اور عطریات وغیرہ لگا کر چھ رکعت نماز نفل بنیت استخارہ اس ترتیب
سے ادا کریں۔ اوّل رکعت بعد سبحان اور الحمد شریف کے سورۃ الشمس پانچ بار، دوسری رکعت میں الحمد
شریف کے بعد سورۃ واللیل پانچ بار پھر رکوع و سجود کے بعد التحیات کے بعد درود شریف پڑھنے کے بعد
پھر سلام کی تیسری رکعت الحمد شریف کے بعد سورۃ والضحیٰ پانچ بار چوتھی رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۃ
الم نشرح پانچ بار پھر رکوع و سجود کے بعد التحیات اور درود کے بعد بغیر سلام پھیرے پانچویں رکعت لیے
کھڑے ہو جائیں الحمد شریف کے بعد سورۃ والتین پانچ بار، چھٹی رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۃ قدر
پانچ بار پڑھیں۔ رکوع و سجود پورا کرکے التحیات اور درود دعا پڑھ کر سلام پھیرے اور اپنے مقصد کا
دل پورے یقین مکمل ارادہ کے ساتھ ایک سو پچاس بار درج ذیل دعا پڑھیں لیکن سب سے پہلے حصار ضرور کریں

اَللّٰھُمَّ رَبَّ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَرَبَّ اِبْرَاھِیْمَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَرَبَّ مُوْسٰی عَلَیْہِ
وَرَبَّ اِسْحٰقَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَرَبَّ یَعْقُوْبَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَرَبَّ جِبْرَئِیْلَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَرَبَّ مِیْکَائِیْلَ
عَلَیْہِ السَّلَامُ وَرَبَّ اِسْرَافِیْلَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَرَبَّ عِزْرَائِیْلَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَمُنْزِلَ التَّوْرَاۃِ وَالْ
وَالزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ الْعَظِیْمِ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِی اللَّیْلَۃَ مَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِہٖ مِنِّیْ بجلد خدا جواب ضرور ملے
گا اگر جواب موصول نہ ہو تو تین راتوں کو عمل پورا کریں۔

احتیاط:- قرآن مجید کی جس قدر آیات اس کتاب میں درج ہیں ان کو پڑھنے سے پیشتر قرآن مجید سے احتیاطاً دیکھ لیا کریں۔

عمل کی طاقت اسی میں ہے

(۱) قرآن کا دعویٰ پندرہ سو سال ہے۔ انسان کا دعویٰ نہیں ہے جو غلط ہو جائے۔ خدا کے مقدس کلام کی تاثیر بے یقینی ہے۔ لیکن تعبیر کی غلطی سے تاثیر میں فرق آ جاتا ہے۔ یہاں میں ہر ایک عامل کیلئے ضروری ہدایات پیش کرتا ہوں اس پر عمل کر کے مجھے اپنے نتیجہ سے آگاہ کریں۔ انشاء اللہ تعالےٰ آپ کامیاب اور کامران ہوں گے۔

(۲) ہر ایک عمل اور وظیفہ پڑھنے کیلئے پہلے اپنے پیر و مرشد ہادی اور صاحب عمل یا کسی کامل عامل بزرگ سے اجازت لینا ضروری ہے تاکہ اسکی روحانی قوت آپکو سنبھالے رکھے۔ پھر تعین وقت بھی ضروری ہے۔ وقت کی تاثیر بہت ہوتی ہے۔ عامل کو چاہیئے کہ عمل کرنے سے پہلے یہ معلوم کرے کہ میرا عمل سال کے کس حصے، ماہ، اور کس سے دن کے کس حصہ اور کس ساعت سے تعلق رکھتا ہے۔ (اسکی تفصیل میں نے رحیم العملیات حصہ اوّل میں کر دی ہے)

(۳) عمل اور وظیفہ ہمیشہ ایک وقت پر روزانہ پڑھے کیونکہ اختلاف وقت نقصان کا باعث بنتا ہے اور عمل بھی بیکار ہو جاتا ہے۔

(۴) کسی جگہ یا مکان، لباس اور وقت کا تعین ضروری ہے۔ اختلاف جگہ اور مکان اور دیگر لوازمات مناسب نہیں۔ تخلیہ کا ہونا ضروری ہے۔ علاوہ ازیں عامل کی ضرورت کی اشیاء تمام علیحدہ ہونی چاہئیں۔ جنہیں کوئی دوسرا آدمی استعمال نہ کرے۔

(۵) عمل اور وظیفہ کے دوران میں حسب ضرورت جمالی یا جلالی پرہیز کرنا ضروری ہے کیونکہ کھانے پینے کی چیزوں میں بھی تاثیر ہوتی ہے اور نہ تاثیر یا نقصان کا احتمال لاحق رہتا ہے۔

(۶) عمل اور وظیفہ شروع کرنے سے پہلے لازم ہے کہ اپنے گرد حصار ضرور کر لیں۔ یعنی الحمد شریف آیتہ الکرسی اور چاروں قل تین مرتبہ پڑھ کر اپنے سیدھے ہاتھ کی انگلیوں پر دم کر کے شہادت کی انگلی سے اپنے گرد حصار کرے۔

(۷) جو آیت یا اسم پڑھیں اس کا اور اپنا عنصر پہلے معلوم کر لیں۔ اگر دونوں کا عنصر ایک ہی ہے۔ تو اثر بہت جلد رونما ہوگا۔

(۸) عامل کو چاہیئے کہ باوضو و باطہارت رہے۔ اکل حلال و صدق مقال کا ہونا ضروری ہے وسواس شیطان کو دل میں ہرگز جگہ نہ دے جس مقصد کے لئے عمل کرے اسکا کامل تصور پیش نظر رکھے۔

(۹) کسی عمل یا وظیفہ یا نقش کی زکوٰۃ ادا کر دینے کے بعد ہر روز اس کا ورد کم از کم سات یا گیارہ یا اکیس بار ضرور رکھے ورنہ عمل جاتا رہے گا۔

(۱۰) رفتار نظرات سیار گان۔ بروج اور ساعت وغیرہ کا مکمل علم ہونا ضروری ہے علم جفر کے طور

کے واسطے علم ہندسہ سے بھی واقف ہونا ضروری
ہے تاکہ استخراج عملیات و نقوشات میں غلطی کا
امکان باقی نہ رہے۔

(۱۱) عامل کو حسب سیارہ عطریات و بخورات
قلم سیاہی و دیگر لوازمات وقت سے پہلے جمع
کر لینے چاہئیں۔

عمل سال کے کس حصے میں کرنا چاہیے

عامل کو لازم ہے کہ سب سے پہلے وہ یہ بات معلوم
کرے کہ وہ جو عمل کرنا چاہتا ہے وہ سال کے کس
حصہ میں کرنا بہتر ہے کیونکہ عاملان نے سال کو
تین حصوں میں تقسیم کیا ہے۔

(۱) ثابت بروج (۲) منقلب بروج - (۳)
ذوجسدین بروج اگر عمل ترقی، عزت و مرتبہ
کشائش رزق، دولت وغیرہ ہو تو اس وقت
عمل کیجئے۔ جب سیارہ شمس بروج ثابت میں
کیونکہ ان بروج میں سیارہ شمس کو شرف
حاصل ہوتا ہے۔ ثابت بروج یہ ہیں۔ برج ثور
اسد، عقرب اور دلو۔ مطابق ماہ جیٹھ،
بھادوں، اگھن، اور پھاگن اگر عمل برائے
محبت و تسخیر کا ہو تو بروج ذوجسدین میں کرنا
ضروری ہے۔ کیونکہ یہ بروج مطیع کہلاتے ہیں۔
ان میں سیارہ شمس اعتدال پر ہوتا ہے یعنی
شرف نہ ہبوط نہ سعد نہ نحس ذوجسدین بروج
یہ ہیں۔ برج جوزا، سنبلہ، قوس اور حوت کا
تعلق ماہ اساڑھ، کنوار، پوس اور چیت
سے ہے۔ ان میں بروج جوزا اور سنبلہ اعلیٰ

بغض و عداوت اور ہلاکی دشمن کے لئے بہتر ہوتا
ہے۔ مگر برج قوس و حوت اعمال محبت و تسخیر
ترقی و کامیابی کے لئے افضل اور مناسب ہیں
اگر عمل برائی مقصود اعداء و بغض و عداوت
وغیرہ کے لئے ہو تو ماہ منقلب میں کرنا چاہیے
کیونکہ ان بروج میں سیارہ شمس کو تنزل ہوتا
ہے۔

منقلب بروج یہ ہیں۔
برج حمل، سرطان - میزان اور جدی
ان کا تعلق ماہ بیساکھ ساون اور کاتک اور
ماگھ سے ہے۔

ماہ کے کس حصہ میں عمل کرنا چاہیے

چاند کے اول عشرہ میں برائے معموری
و افروزی حسن، ترقی مرتبہ و جاہ کے عمل کرنے
چاہئیں خصوصاً سترہویں اور چودھویں شب
کو لقضا حاجت۔ جذب قلوب اور ائتلاف
توصل کے لئے عمل کرنا مفید ہے۔ چاند کے
دوسرے عشرہ میں برائے ہلاکی دشمن۔ ذلت و درد
خرابی کھیت و باغ اور مویشی قطع اولاد وغیرہ
کے عمل کرنا مفید ہے۔ ان کاموں کے لیے مخصوصاً
اٹھائیسویں اُنتیسویں رات بڑا اثر رکھتی ہے۔

نام منزل	حاکم ستارہ	عمل
شرطین	مشتری	حشمت حُب
بطین	زہرہ	دوستی محبت
ثریا	مریخ	دشمنی۔ خرابی
دبران	زہرہ	دوستی
ہقعہ	قمر	علاج
ہنعہ	شمس	ترقی عہدہ
ذراعہ	زحل	جدائی
نثرہ	قمر	علاج
طرفہ	مشتری	حُب حشمت
جبہتہ	مریخ	دشمنی۔ خرابی
زبرہ	قمر	علاج
صرفہ	شمس	ترقی
عوا	زہرہ	دوستی
سماک	زحل	جدائی
غفرا	عطارد	زبان بندی خواب بندی
زبانا	عطارد	" "
اکلیل	مریخ	دشمنی۔ خرابی
قلب	شمس	ترقی
شولہ	مشتری	حب حشمت
نعائم	عطارد	زبان بندی
بلدہ	زحل	جدائی
ذابح	زحل	جدائی
بلع	مریخ	دشمنی
سعود	عطارد	زبان بندی
اخبیہ	زہرہ	دوستی
مقدم	مشتری	حُب
موخر	شمس	ترقی
رشا	قمر	علاج

قمر کی منزلیں

منازل قمر کی تشریح قبل ازیں دو دفعہ کر چکا ہوں غرض یہ ہے کہ جس قدر صریح اثرات قمر کے فانی دنیا پر ظاہر ہوتے ہیں اور کسی ستارے کے اثرات نہیں ہوتے۔ اس لئے میں بار بار قمر تذکرہ کیا ہے قمر کے اثرات کا علم عامل کے لئے بہت ضروری ہے۔ میں نے عام طور پر مشاہدہ کیا ہے۔ عاملین قمر کی منازل کو مدنظر نہیں رکھتے جس کی وجہ سے عمل کامیاب نہیں ہوتا۔ عملیات کے دیگر قانون جاننے بھی ضروری ہیں لیکن قمر کی منزل کو ضرور دیکھیں کہ زیادہ مخالف کام کی ہے یا موافق کام کی ہے۔ اس کی روشنی میں عمل کامیاب ہوتا ہے۔ عملیات میں اہم کام وقت کا استخراج ہے جو عامل وقت کا استخراج نہ کرے گا اسم کو عمل کر کے اپنی کم علمی کی بجائے عمل کی بے اثری کا رونا روتا رہے گا اگر کوئی شخص نمازی، پرہیزگار بھی ہے۔ نقوش اور عملیات کے فن سے بھی واقف ہے مگر وقت کا استخراج نہیں کر سکتا۔ اس کی ناکامی ہوگی۔ یہ کوئی مشکل نہیں۔ عام جنتریوں میں اس کی تفصیل ہوتی ہے۔ مزید تشریح کے لئے آگے ملاحظہ فرما دیں۔

منازل قمر حروف ابجد کا تعلق سیاروں سے (عامل و نجومی کے ہتھیار)

اوّل :۔ اگر بطور عمل پڑھیں گے تو جملہ قیود عملیات کے اندر رہ کر پڑھنا ہوگا۔ جگہ اور وقت کی پابندی لازمی ہوگی۔ تعداد اسمِ الٰہی کے عین مطابق پڑھنا ہوگا۔ یعنی نہ کم نہ بیش۔

دوم :۔ اسمِ الٰہی لاتعداد اُٹھتے بیٹھتے ہر وقت پڑھتے رہیں۔ بدن اور کپڑوں کی پاکیزگی کا خیال اشد ضروری ہے۔ ہر دو طرائق میں اکلِ حلال و صدقِ مقال اور نماز کی پابندی کریں۔ نتائج حسبِ منشاء و جلد ظہور پذیر ہوں گے۔ انشاء اللہ۔ اب مَیں اس قاعدے کی توضیح پیش کرتا ہوں۔ فضلِ ربّی شامل ہوا تو قاعدہ کو سمجھ لینا کچھ

تفصیل یہ ہیں جو کہ جاننا چاہیئے۔ کہ جو بھی اسم کا حرف اول حرف مسطوری کہلاتا ہے۔ اسم کے اعداد ابجدی کو ۲۸ پر تقسیم کریں جو عدد باقی بچے اسے ابجد قمری ترتیب دینے سے جو حرف ہو وہ حرف دلیل کہلاتا ہے۔ اور دلیل حرف کے اعداد ابجدی کو ۲۸ پر تقسیم کر کے جو سری ہوگا۔ اگر حرف مذکور ۲۸ کے اعداد ۲۸ سے کم ہو تو ۲۸ میں سے منفی کر لیں جو باقی رہے اسے ابجد قمری ترتیب دے لیں وہی حرف سری ہوگا۔

اب ایک مثال دے کر باقاعدہ مثال حل کر کے پیش خدمت کرتا ہوں۔

مثال ۱

(۱) اسم محمد کا حرف مسطوری = م ہوا۔

(۲) محمد کے عدد = ۹۲ ÷ ۲۸ باقی ۸ حرف ح دلیل ہوا۔

(۳) چونکہ عدد (۸) عدد ۲۸ سے تقسیم نہیں ہو سکتا ہے لہٰذا ۲۸ سے منفی کیا تو باقی ۲۰ بچا بیسواں حرف ر حاصل ہوا جو کہ حرف سری ہے۔ پس اسم محمد کے حروف باطن (م ح ر) ہو گئے۔ اسمائے الٰہی میں سے اسم متعلق اخذ کیا گیا اسم متعلق کے بھی حروف باطن یہی (م ح ر) ہیں لہٰذا اسم محمد کے لئے یہی اسم اعظم ہے۔ تجزیہ حسب ذیل ہے۔

اسم مقتدر — حرف مسطوری = م

اعداد متعلق = ۱۱۰۰ ÷ ۲۸ باقی ۸ حرف دلیل = ح

چونکہ حرف دلیل کے عدد ۸ نا قابل تقسیم ہیں لہٰذا منفی کیا تو حرف سری = ر۔ حروف باطن (م ح ر) ہوئے۔

مثال ۲

اسم مسعود پرویز۔

نام کا پہلا حرف م ہے لہٰذا م حرف مسطوری ہوا۔

اعداد اسم مسعود پرویز = ۷۰۵ ÷ ۲۸ باقی ۱۶ حرف دلیل = ف۔

حروف دلیل کے اعداد = ۸۰ ÷ ۲۸ باقی ۲۴ حرف سری غ

پس اسم مسعود پرویز کے حروف باطن (م ف غ) ہو گئے۔ اسمائے الٰہی میں غور کیا تو اسم مستغفر ملا۔ لہٰذا مسعود پرویز کے لئے واجب ہے کہ وہ اسی اسم کو تقویٰ طہارت اور خلوص نیت کے ساتھ قلب القلوب پر روزانہ ۱۲۹ بار پڑھے ہر مطلب اسی اسم سے پورا ہوگا۔ جب کوئی ضرورت پڑے اسی اسم کا ورد کرے انشاء اللہ مدد ملے گی۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ "ومن یتق اللہ یجعل لہ مخرجا ویرزقہ من حیث لا یحتسب"

اب ایک جدول بنا کے آسانی طالبان اسمائے الٰہی مع ان کے حروف باطن و اعداد پیش کرتا ہوں تا کہ ضرورت مندان بہ آسانی اپنے نام کا اسم الٰہی استخراج کر سکے۔ اگر نہ ملے تو محنت کر کے نکال لے۔ ملاحظہ ہو

بیمار کے بعد کامیابی ہوگی تو مجھے ایک خزانہ ہاتھ آگیا ہے ۔

جدول بقاعدہ علم الجفر

مستخرجہ اسمائے الٰہی معہ حروف باطن و امداد .

ھو ۱۱ ہ ف غ	حنّان ۱۰۹ ح ذ غ	جبّار ۲۰۶ ج ی ص	شافع ۴۵۱ ش ح ذ	مغنی ۱۱۰۰ م ح ر	مزمّل ۷۷۰ م ع ن	قیوم ۱۵۶ ق س ع	متعال ۵۵۱ م ق ع
جواد ۱۴ ح ن ت	جامع ۱۱۴ ج ب ض	جابر ۲۰۶ ج ی ص	فتاح ۴۸۶ ف م ن	مغیث ۱۵۵۰ م ی ص	عظیم ۱۰۲۰ ع ل ب	حق ۱۰۸ ح غ ل	بر ۲۰۲ ب و ت
وہاب ۱۴ و ن ت	نور ۲۵۶ ن ر خ	مالک الملک ۲۱۲ م ع ن	رؤف ۲۸۶ ر ھ ت	معطی ۱۲۹ م ف غ	علی ۱۱۰ ع ض ع	وکیل ۶۶ و ی ص	تواب ۲۰۹ ت ض غ
ودود ۲۰ و ح ر	برہان ۲۵۸ ب و ت	باری ۲۱۳ ب ف خ	رشید ۵۱۲ ر ی ص	قدوس ۱۷۰ ق ب ض	کبیر ۲۳۲ ک ع ر	محیی ۵۸ م ب ن	منعم ۴۰۰ م ر خ
طالب ۴۲ ط ت ح	لطیف ۱۲۹ ل ف غ	رحمٰن ۲۹۸ ر س د	متعالی ۵۵۱ م ق ع	سلام ۱۳۱ س ق ع	مقیت ۵۵۰ م س و	صمد ۱۳۴ س ت ح	ستار ۱۰۰۱ ص ش ر
حی ۵۲ م ذ غ	قدوس ۱۷۰ ق ب ض	بصیر ۳۰۲ ب ت خ	شکور ۹۰۰ م ر ح	مہیمن ۱۴۵ م ھ ث	حفیظ ۹۹۸ ح ص و	قادر ۳۰۵ ق ذ غ	وارث ۷۰۷ و ز ش
باطن ۶۲ ب ر ت	مدرک ۲۶۴ م ل ب	رقیب ۳۱۲ ر د خ	قابض ۹۰۳ ق ز ش	خالق ۷۳۱ خ ح ذ	جلیل ۷۳ ج ف خ	مقتدر ۷۴۴ م ع ن	صبور ۲۹۸ س ص د
باسط ۷۲ ب ع ن	مقدم ۱۸۴ م ع ن	قریب ۳۱۲ ق د خ	حافظ ۹۸۹ ح ط ق	مصور ۳۳۶ م غ ر	قوی ۱۱۶ ق د خ	موخر ۸۴۶ م و ت	ظاہر ۱۱۰۶ ظ ن ت
سبوح ۷۶ س ر د	مقیم ۱۹۰ م ت غ	قدیر ۳۱۴ ق و ت	غنی ۱۰۶۰ غ خ ل	قہار ۳۰۶ ق ض ع	متین ۵۰۰ م غ ل	آخر ۸۰۱ ا ف خ	نافض ۱۴۸۱ غ ذ غ
حسیب ا غ ل	نافع ۲۰۱ ن و ش	شہید ۳۱۹ ش ک ر	ذوالجلال والاکرام ۱۱۰۰ د ج ر	خافض ۱۴۸۱ غ ذ غ	ولی ۴۶ د ص و	والی ۴۷ د ق ع	غفور ۱۲۹۶ غ ض ع

اسمائے عظام سے استمداد و استفادہ حاصل کرنے کے اور بھی طریقے ہیں جو کسی اور نشست پر عرض کروں گا۔ انشاء اللہ ۔

بچوں کی تلاش کا عمل

یا کوئی شخص بھاگ جائے

مثلاً لڑکا ماں باپ سے ناراض ہو کر چلا جائے، یا میاں بیوی سے روٹھ کر چلا جائے۔ جائز طریقہ سے کسی کو بلانا ہو۔

۱: طالع وقت، برج حمل، برج سرطان، برج میزان، برج جدی ہو۔

۲: قمر بھی ان بروج میں ہو تب عمل کریں۔

حوت، ثور، حمل، دلو، جوزا، قمر منقلب، جدی، سرطان، قمر منقلب، قمر منقلب، قوس، میزان، قمر منقلب، اسد، سنبلہ، عقرب

جب کوئی شخص غائب ہو جائے تو سورۃ والتین کے اعداد ١٠٢٤٧ س

بھاگنے والے کا نام معہ والدہ کے اعداد

علی بن زینب کے اعداد ١١٧٩

میزان ١٠٤٢٦

عدد قانون ٣٠ —

٤ | ١٠٣٩٦ | ٢٥٩٩

٨

٢٣

٢٠

٣٩

٣٦

٣٦

٣٦

x

(نوٹ) جمع تفریق کی غلطی کو درست کر لیا کریں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شمیائیل — جبرائیل — قول

٢٦٠٦	٢٦٠٩	٢٦١٢	٢٥٩٩
٢٦١١	٢٦٠٠	٢٦٠٥	٢٦١٠
٢٦٠١	٢٦١٣	٢٦٠٧	٢٦٠٤
٢٦٠٨	٢٦٠٣	٢٦٠٢	٢٦١٣

الٰہی بحرمت سورۃ والتین علی بن زینب کو حاضر کر۔

دوسرا عمل :- رات کے وقت بھاگنے والے معہ والدہ کے اعداد کے مطابق سورۃ والیٰن پڑھتے ہیں۔ انشاءاللہ سات یا گیارہ دن کے اندر اندر گھر واپس آجائے گا۔ تجربہ شدہ

دو عدد نقش کو بنائیں ایک عدد بھاری پتھر کے نیچے اور دوسرا ہوا میں لٹکائیں۔

عمل نمبر ۲ :-

بھاگنے والے کا نام معہ والدہ کے اعداد

نادرہ بنت زیبو : ۳۱۵

۱۔ حروف بسط کریں ن ا د ر ہ ز ی ب و

۲۔ حروف تکسیر۔ ا د ح م ک س ف ق ر ش۔ ت ث خ ذ ض ظ۔ غ : ۱۷

اعداد : ۵۷۱۳

۳۔ امتزاج کیا۔ ن ا ا د د ح ر م ہ ک ز س ی ف ب ق و ر ش ت ث خ ذ ض ظ غ۔

۴۔ سورہ طارق کے اعداد ۱۷۷۶۵

سب کو جمع کیا

۳۱۵
۵۷۱۳
———
میزان ۲۳۷۹۳
عدد قانون آتشی ۳۰ -
———
۲۳۷۶۳

۵۹۴) ۲۳۷۶۳ (۴
۲۰
——
۳۷
۳۶
——
۱۶
۱۶
——
۳ باقی۔

امتزاج کی عنصری فرق

آتشی	ا ا م ہ ف ش ذ	۷	۳۳۴
بادی	ن ی ب و ت ض	۶	۱۲۶۸
آبی	ک ز س ق ث ظ	۶	۱۵۸۹
خاکی	د ح ر ر خ غ	۷	۱۰۱۶

عنصری لحاظ سے مربع خاکی پُر کیا جائے اور بھاگنے والے شخص کے نام کے اعداد

کے مطابق سورۃ طارق سات دن یا ۱۱ دن پڑھتے رہیں نقش کو بھاری پتھر کے نیچے دفن کر دیں اور عنصری حروف کو جو آتشی ہیں اُسے آگ میں جلائیں اور جو بادی ہیں اُسے ہوا میں لٹکائیں جو آبی ہیں اُسے پانی میں بہائیں اور جو خاکی ہیں گھر کے اندر دفن کریں بحکم خدا الطفیل رسول مقبول کے واپس آ جائے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

۵۹۴۰	۵۹۵۴	۵۹۵۱	۵۹۲۸
۵۹۵۲	۵۹۲۵	۵۹۴۱	۵۹۳۰
۵۹۳۶	۵۹۴۹	۵۹۵۶	۵۹۳۲
۵۹۵۵	۵۹۳۳	۵۹۴۵	۵۹۵۰

قول — اسرافیل — کہیعص — عزرائیل — حمعسق — میکائیل

عمل ۱

قرآن کا اعجاز ملاحظہ کریں پارہ نمبر ۱۳ سورہ یوسف آیت نمبر ۹۴

اِنِّی لَاَجِدُ رِیْحَ یُوْسُفَ ـــــ لَوْلَآ اَنْ تُفَنِّدُوْنِ : اعداد ۱۱۸۱

حروف بسط کیا ان ی ل اج د ر ی ح ی و س ف ل و ل اا ن ت ف ن د و ن ۔ ۲۶

بھاگنے والے شخص کا نام معہ والدہ کے اعداد علی بن نسیم بی بی ۔ اعداد ۲۹۴۰

بسط حروفی کیا ۔ ع ل ی ن س ی م ب ی ب ی

امتزاج کیا: ا ع ن ل ی ی ل ن ا س ن ع ی د م ر ب ی ی ح ب ی ی و س ف ل و ل اا ن ت ف ن د و ن۔

جس دن بھاگے اس دن کے موکل کو پکارو اور پارہ آٹھواں ولو اَنَّنا رکوع نمبر ۱۳ سورہ الاعراف آیت نمبر ۵۴

اِنَّ رَبَّکُمُ اللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ فِیْ سِتَّۃِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ یُغْشِی الَّیْلَ النَّھَارَ یَطْلُبُہٗ حَثِیْثًا وَّ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ وَ النُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِہٖ اَلَا لَہُ الْخَلْقُ وَ الْاَمْرُ تَبٰرَکَ اللّٰہُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ؕ

سنیچر دن السلام علیک یا زحل یا ارقائیل یا اقیع اور مذکورہ بالا آیت کو تین دفعہ پڑھیں جنوب کی طرف ایک ماہ کے بعد ملے

اتوار کے دن اسلام علیکم یا شمس یا الائیل یا المنشب پھر آپ
شمال کی طرف ہوگا، آٹھ روز تک آئے۔

سوموار کے دن اسلام علیکم یا قمر یا التقویل یا تصدر
شمال کی طرف ہے، جلد واپس آئے

منگل کے دن اسلام علیکم یا مریخ یا بہیائیل یا مغنو
مغرب کی طرف تلاش کریں


بدھ کے دن اسلام علیکم یا عطارد یا انجائیل یا خلق
مغرب کی طرف تلاش کریں۔

جمعرات کے دن اسلام علیکم یا مشتری یا عزرائیل یا علیم یا کریم
مغرب کی طرف

جمعہ کے دن اسلام علیکم یا زہرہ
جنوب کی طرف

امتزاج دال سطر کو عنصر لحاظ سے تقسیم کیا

آتشی	اامف اا ف	۳۰۳۰
بادی	ن ی ی ن ی ب ی ی ب ی ی و و ن ت ن و ن ،	۲۴۲
آبی	س ص س	۱۴۳
خاکی	ع ل ل دد ع ل ل د	۴۰۶



قران شمس و قمر
قمر برج ثابت میں ہو
ثور، اسد، عقرب، دلو
گرہن کے وقت ہو تو

مذکورہ اوقات کو ملحوظ نظر رکھیں   عنصری ابتیانہ

نام طالب معہ والدہ   نام مطلوب معہ والدہ   ۱ ۲ ۶ ۳۰ ۵۰ ۱۰ ۷

اکرم بن حوا   زید بن کنیز   ز ی د ک ن ی ز

آبی بادی خاکی آبی بادی بادی آبی

۰۱ ا ک ر م ح و ا ز ی د ک ن ی ز   اعداد ۳۸۴

۰۲ مطلب کے حروف: زبان بندی، دوکان بندی، تعویذات بندی، قیام الغرض جو مطلب ہو۔

زمب ان ب ن د ی = اعداد ۱۲۶

دونوں کا امتزاج: ا ز ک ب ر ا م ن ح ب و ن ا د ز ی د ک ن ی ز

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲
دونوں امتزاج	ا	ز	ک	ب	ر	ا	م	ن	ح	ب	و	ن	ا	د	ز	ی	ی	د	ک	ن	ی	ز
حروف صوامت	ا	ح	د	ر	س	ص	ط	ع	ک	ل	م	د	ہ	=	اعداد							

تیسرا امتزاج   اا ز ح ک د ب ر ر س ا ص م ط ن ع ا ح ک ب ل و م ن د ا ہ د ز ی ی د ک ن ی ز

اس کی تنقیر عنصری کرلیں تو بہتر ہے ورنہ کل اعداد جمع کرکے مطلوب کے نام کے حروف کے عنصر کو غور سے دیکھیں کہ کس عنصر کا غلبہ ہے۔ اسی عنصر کی چال سے مثلث پُر کریں

۰۱	۳۸۴	مذکورہ بالا عنصری میں دو عنصر غالب ہیں۔ آبی، بادی ہیں
۰۲	۱۲۶	اب جس عنصر کے اعداد زیادہ ہوں گے اسی چال سے مثلث
۰۳	۵۴۳	پُر کی جائے گی۔ عنصری اعداد، بادی کے زیادہ ہیں۔
میزان	۱۰۵۳	اب مثلث بادی چال سے پُر کی جائے گی۔

قانون عمل:

کل اعداد ۱۰۵۳ موکل بنا ۱۰۵۳ − ۵۱ = ۱۰۰۲ ب غ بغیل موکل بنا

قانون اعداد ۱۲

۱۰۴۱

بادی چال

۳۴۸ (۲)	۳۵۳ (۷)	۳۵۲ (۶)
۳۵۵ (۹)	۳۵۱ (۵)	۳۴۷ (۱)
۳۵۰ (۴)	۳۴۹ (۳)	۳۵۴ (۸)

۳) ۱۰۴۱ (۳۴۷
۹
۱۴
۱۲
۲۱
۲۱
۰

تمام حروف امتزاجی کوارد گرد مثلث کے لکھیں اور ایسی چار تشلیس بنائیں ایک کاغذ پر، ایک تکے پر ایک کوری ٹھکری پر اور ایک کپڑے پر، ایک کو یعنی کاغذ والے کو ہمہ میں لٹکائیں اور کپڑے والے کو مطلوب کی گذرگاہ پر دفن کریں، ٹھکری والے کو مطلوب کے گھر آگ کے قریب دفن کریں اور تکے والے کو مطلوب کے گھر دفن کریں۔ لیکن نقش کے نیچے فریقین کا نام ضرور لکھیں ساتھ جو تم چاہتے ہو وہ بھی ضرور لکھیں، دونوں فریقین فلاں بن فلاں جدائی افتد فلاں بن فلاں۔

بندھن کے عمل

زانی مرد کی قوت باندھنا، زانی عورت کی قوت باندھنا، نکاح باندھنا، ترقی باندھنا، دوکان باندھنا، بھاگنے والے انسان کو باندھنا، فرار عورت یا مرد کو باندھنا، طلاق نہ ہو، محبت ہمیشہ قائم رہے، زمین و مکان جائیداد ضائع ہونے کا احتمال ہو یا کسی ملازمت علیحدہ ہونے کا خوف ہو یا عارضی طور پر ترقی یا عہدہ چھین جانے کا خوف ہو، اسے مستحکم کرنا ہو۔

چاروں عنصری چالوں سے تشلیش لکھنے کا قانون کی تشریح کرتا ہوں

آتشی چال

آتشی حروف کی تعداد ٢٠٤

عدد قانون ١٢

٣ / ١٩٢ \ ٦٤

١٨

١٢

١٢

X

٧١ (٨)	٦٤ (١)	٦٩ (٦)
٦٦ (٣)	٦٨ (٥)	٦٧ (٧)
٦٧ (٤)	٧٢ (٩)	٦٥ (٢)

بادی چال

بادی اعداد ٧٤٢

عدد قانون ١٢

٣ / ٧٣٠ \ ٢٤٣

٦

١٣

١٢

١٠

٩

١ باقی

٢٤٤ (٢)	٢٥٠ (٧)	٢٤٨ (٦)
٢٥٢ (٩)	٢٤٧ (٥)	٢٤٣ (١)
٢٤٦ (٤)	٢٤٥ (٣)	٢٥١ (٨)

آبی چال

آبی حروف کے اعداد ١٢٣

عدد قانون ١٢

٣ / ١١١ \ ٣٧

٩

٢١

٢١

X

٣٨ (٦)	٣٩ (٧)	٣٤ (٢)
٣٣ (١)	٣٧ (٥)	٤١ (٩)
٤٠ (٨)	٣٥ (٣)	٣٦ (٤)

خاکی چال

خاکی حروف کے اعداد ٤٠٦

قانون کے اعداد ١٢

٣ / ٣٩٤ \ ١٣١

٣

٩

٩

٤

٣


١ باقی

١٣٤ (٤)	١٣٠ (٩)	١٣٢ (٢)
١٣٣ (٣)	١٣٥ (٥)	١٣٨ (٧)
١٣٩ (٨)	١٣١ (١)	١٣٦ (٦)

نوٹ: چار فلیتے ترتیب سے استعمال کریں۔ آتشی جلائیں۔ بادی لٹکائیں۔ آبی پانی میں دفن کریں۔ اور خاکی کو مٹی میں دفن کریں۔


بھاگنے والے شخص کے نام کے اعداد کے مطابق سورہ مذکورہ روزانہ پڑھا کریں، ان شاء اللہ ساتویں روز یا گیارہویں روز یا اکیسویں روز بحکم خدا لوٹ آجائے گا۔

عمل: جانور ہو یا انسان ہو جو غائب ہو گیا ہو تو اس نقش کو لکھ کر درخت پر لٹکائیں جب نقش ہوا سے ہلے گا، مفرور کی واپسی ہو گی۔



فلاں بن فلاں کو حاضر کر

نمبر ۲: اس نقش کو لکھ کر پیپے میں باندھیں۔ بحکم خدا بھاگا ہوا واپس آئے گا۔



فلاں بن فلاں کو حاضر کر

عمل :-

بھاگنے والے بچے کو پابند کرنا ہو تو اس نقش کو لکھ کر بچے یا جانور کے گلے میں باندھیں وہ بحکم خدا آئندہ کبھی نہ بھاگے گا۔ جانور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے

۷۸۶

۲	۷	و
✓	دع	د
	۳	۳
یمت	۲	ع

عمل :-

اس نقش کو لکھ کر درخت کی اونچی ٹہنی پر لٹکائیں، انشاءاللہ واپسی جلدی ہوگی۔

مشرق — شمال — جنوب — مغرب

الٰہی بحرمت خواجہ عبدالرحیم شرقی رضی اللہ عنہ

[illegible]

فلاں بن فلاں
کو حاضر کر

[illegible]

واپسی مفرور کیلئے نادر نایاب نقش ، خدا کا مقدس نام کا پیش کرتا ہوں۔

یامعیدُ اعداد ابجدی = ۱۲۴ اعداد ملفوظی ، ۲۶۶ = آتشی ہے جلالی ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یامعیدُ جبرائیل یامُعید یامُعید

د	ی	ع	م
۶۹	۴۱	۳	۱۱
۴۲	۷۲	۸	۲
۹	۱	۲۲	۷۱

فلاں بن فلاں کو حاضر کر

جس شخص کا سرحروف آتشی ہو اس کے لئے بہترین بہدف عمل اور نقش ہے اس نقش کو نیک ساعت میں لکھ کر گھر کے اندر لٹکائیں، بحکم خدا بھاگا ہوا واپس آئے گا

مجرب ہے کئی بار کا تجربہ شدہ

عمل

جس شخص کی خواہش ہو کہ اپنے خواب میں کسی شخص غائب یا گم شدہ کو دیکھنا چاہے کہ وہ زندہ ہے یا مر گیا ہے تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ رات کے وقت پاک صاف باوضو خوشبو وغیرہ لگا کر تصور مکمل کے ساتھ عشاء کی نماز کے بعد قبلہ رو ہو کر سورہ والشمس اور سورۃ واللیل اور سورۃ والتین سورۃ اخلاص گم شدہ کے نام اعداد کے مطابق تلاوت کرے بعد ازاں تین بار یہ کلمات کہے۔

اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ کَذَا وَاجْعَلْ لِّیْ مِنْہُ فَرَجًا وَّاَرِنِیْ مَنَامِیْ مَا اَسْتَدِلُّ بِہٖ عَلَی الْاِجَابَۃِ دعوتی ۔ سات راتوں کو عمل کریں، جس رات کو نظر آجائے تو عمل بند کریں

عمل

جس شخص کا کوئی عزیز یا رشتہ دار بیوی، لونڈی، نوکر، کوئی شخص بھاگ گیا ہو تو اس نقش کو لکھ کر بھاری پتھر کے نیچے دبا دیں تو بحکم خدا صدقہ قرآن کریم کے غائب حاضر ہوگا۔

"اَلْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰہِ تعلیم الْغَیْبِ"


بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

۱۴۹۵۸	۱۴۹۶۱	۱۴۹۶۴	۱۴۹۵۱
۱۴۹۶۳	۱۴۹۵۲	۱۴۹۵۷	۱۴۹۶۲
۱۴۹۵۳	۱۴۹۶۶	۱۴۹۵۹	۱۴۹۵۶
۱۴۹۶۰	۱۴۹۵۵	۱۴۹۵۴	۱۴۹۶۵

فلاں بن فلاں کو حاضر کر

عملیات حصول اولاد و تناسل



پہلے پہل عورت مرد کو غور سے دیکھیں طبعی لحاظ سے تو کوئی مرض نہیں ہے اگر مرض ہے تو اس کا علاج کریں۔ میں مردوں اور عورتوں کے مخصوص امراض کے روحانی و جسمانی علاج کے لئے آگے جا کر لکھوں گا ہر نامرد ہو، مرد ہو جائے گا، بانجھ عورت صاحب اولاد ہو۔

مستورات کو اولاد نہ ہونے کے آثار اور اس کا علاج

۱۔ ـــــــ عورت کو جن اور بھوت دیو نے قابو کیا ہو تو مطلب ہے اس کے وہ بچے کو مار دیتا ہے۔
آثار ـــــ مرد عورت کے ساتھ مجامعت کرے کسی قسم کی تکلیف نہ ہو تو سایہ ہو گا۔
علاج ـــــ روحانی علاج کریں، شفاء ہو گی۔

۲ ـــــــ عورت کا رحم بھاری ہوتا ہے اور پھیلا ہوا ہوتا ہے اس لئے نطفہ نہیں ٹھہرتا
آثار ـــــ جب مرد عورت سے ہم بستری کرتا ہے تو عورت کا سر درد کرے تو رحم پھیلا ہوا ہوتا ہے
علاج ـــــ دانہ پیپنہ و زہرہ مرغابی دونوں کو ایک جگہ کر کے ملیں اور شافہ بنا کر تین روز شافہ کریں اور پھر حقوق زوجیت ادا کریں، لڑکا پیدا ہو گا۔

۳ ـــــــ رحم میں گیس بھری ہوتی ہے تخم صحیح نہیں ٹھہرتا۔
آثار ـــــ مرد عورت کے ساتھ صحبت کرے تو عورت کا منہ کانپنے لگتا ہے۔
علاج ـــــ بھنگ خالص تلوں کے تیل میں کے ساتھ ملا کر حیض کے تین دن بعد شافہ کرے

۴ ـــــــ رحم کے منہ پر چربی آ جاتی ہے رحم کا منہ بند ہو جاتا ہے اس لئے اولاد نہیں ہوتی۔
آثار ـــــ اگر عورت کے ساتھ مرد مجامعت کرے تو اگر عورت کی ہڈیاں درد کریں تو رحم میں گوشت ہے۔
علاج ـــــ زیرہ و سفید اور ہاتھی کے ناخن روغن زرد میں ملا کر حیض کے تین دن بعد شافہ کریں حمل ہو گا

۵ ـــــــ جس عورت کے رحم میں کیڑے پڑے ہوتے ہیں وہ تخم کھا جاتے ہیں۔
آثار ـــــ اگر عورت کے ساتھ ہم بستری کرنے سے عورت کی پاؤں کی پنڈلیاں درد کریں
علاج ـــــ صابن کا پانی کھار اور ہلیلہ بلیلہ کا پانی حیض کے بعد تین دن شافہ کریں۔

اگر عورت کے رحم میں سردی ہوتی ہے اس لئے بچہ پیدا نہیں ہوتا۔

آثار: جماعت کے وقت عورت کے سینہ میں درد ہو تو سردی ہے

علاج: ہینگ نالقہ دون کے تیل سے شافہ کرے

عورت کے رحم میں گرمی زیادہ ہو تو حمل نہیں ٹھہرتا۔

آثار: عورت کی اندام نہانی سے رطوبت بہتی ہے

علاج: سپاری استعمال کریں

"واللہ اعلم بالصواب العلم عند اللہ"

عمل

اکثر احباب و اصحاب اولاد کی نعمت سے محروم ہیں۔ میں قبل ازیں عرض کر چکا ہوں پہلے تو یہ دیکھیں کہ اگر کوئی مرض ظاہری ہے تو اس کا علاج کسی حکیم یا ڈاکٹر یا طبیب کی ہدایت اور رائے گرامی سے کریں اور ذیل کا عمل کریں بحکم خدا اولاد ہوگی۔ مجرب ہے۔ ترکیب یہ ہے کہ میاں بیوی دونوں روزہ رکھیں۔ افطار کے وقت چھوہارے لائیں۔ تین تین مرتبہ یہ آیت شریف پڑھیں۔

اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَکَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ بحق یا ہادی یا ہادی" اس پر پھونکیں ان چھوہاروں سے روزہ افطار کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا باسط — جبرائیل — میکائیل — اسرافیل — عزرائیل

ط	س	ا	ب
۱۲	۳	۳۸	۱۹
۲۳	۴	۲۷	۱۸
۲۸	۵	۲	۳۳

نقش معظم کو چینی کے دو عدد پیالوں میں اس نقش کو علیحدہ علیحدہ زعفران سے لکھیں اور دودھ ایک پاؤ سے دونوں پیالوں کو دودھ سے دھو کر نصف نصف پی لیں۔ رات کو قربت کریں انشاء اللہ اولاد ہوگی اگر پہلی مرتبہ اثر نہ ہو تو دوسرے مہینے اگر دوسرے مہینے نہ ہو تو تیسرے مہینے، چوتھے مہینے، پانچویں مہینے انشاء اللہ اولاد ہوگی۔

"وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ"

المصوّر

ابجدی اعداد : ۳۳۶ ملفوظی اعداد : ۳۹۹ جمالی ہے آتشی ہے

۱: علی بن فاطمہ کے اعداد ۲۴۵ ۲: زینب بنت کلثوم کے اعداد : ۱۴۷۵

بسط کیا ع ل ی ف ا ط م ہ ستارہ مریخ کے حروف : ط ی ک ل : ۶۹

بسط کیا ز ی ن ب ت ک ل ث و زہرہ کے اعداد ف ص ق ر : ۴۷۰

امتزاج کیا ۱: م ص و ر

۲: ع ل ی ف ا ط م ہ ط ی ک ل : ۲۴۵ مرد

۳: ز ی ن ب ت ک ل ث ف ص ق ر ۶۹

میزان ۳۱۴

تینوں کا امتزاج م ع ز ص ل ی و ی ن ر ف ث ا ب ط خ م ت ہ و ط ق ی ص ک ق ل ر

مرد کے اعداد	۲۴۵	عورت کے اعداد	۱۴۷۵
ستارہ کے اعداد	۶۹	ستارہ کے اعداد	۴۷۰
خدا کے مقدس نام مصوّر	۳۳۶	خدا کے مقدس نام مصوّر کے اعداد	۳۳۶
میزان	۶۵۰	میزان	۲۱۸۱

مرد کے کل اعداد : ٦٥٠
عددِ قانون (-) ٣٠
٤ / ٦٢٠ \ ١٥٥
٤
٢٢
٢٠
٢٠
٢٠
x

مرد کا نقش

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

١٦٢	١٦٥	١٦٨	١٥٥
١٦٧	١٥٦	١٦١	١٦٦
١٥٧	١٧٠	١٦٣	١٦٠
١٦٤	١٥٩	١٥٨	١٦٩

عزرائیل — اسرافیل

عورت کے کل اعداد ٢١١٨
قانون عدد (-) ٣٠
٤ / ٢٠٨٨ \ ٥٢٢
٢٠
٨
٨
٨
٨
x

عورت کا نقش

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

٥٢٩	٥٣٢	٥٣٥	٥٢٢
٥٣٤	٥٢٣	٥٢٨	٥٣٣
٥٢٤	٥٣٧	٥٣٠	٥٢٧
٥٣١	٥٢٦	٥٢٥	٥٣٦

عزرائیل — اسرافیل

امتزاج کے حروف دونوں تعویذوں کے اردگرد لکھیں۔
مرد نقش اپنے گلے میں ڈالے اور عورت نقش اپنی کمر میں باندھے، ماہواری کے بعد دونوں ہم بستری کریں بحکم خدا تعالیٰ لڑکا دراز عمر صالح و جامع الفضائل جسمانی و روحانی پیدا ہوگا۔

عمل:- ان حروف کو چینی کی دو عدد پیالیوں پر زعفران سے لکھ کر ایک پیالی دھو کر بیوی پیئے دوسری پیالی خاوند پیئے۔ حقوق زوجیت ادا کرکے صاحب اولاد ہوں گے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کہیعص علے علے علے طٰہٰ طٰہٰ طٰہٰ کہیعص حمعسق حمعسق ھو ھو ھو وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہٖ محمد وآلہ اجمعین۔

میری طاقت جس قدر ہے وہ میں عمل پیش کر رہا ہوں باقی فضلنا اللہ کم علی بعض جس قدر بیان ہو رہا ہے میں کر رہا ہوں اس سے آگے ممکن نہیں ہے۔ کسی اور کا حصہ ہو گا وہ بیان کرے گا لیکن ایک عمل بھی اس کتاب کا آپ کو کام دے گیا تو آپ کی قیمت وصول ہو گئی۔ مجھے [illegible] دعویٰ ہرگز نہیں کہ میں کامل ہوں بلکہ مجھے تو اپنے آپ کو متعلم کہتے بھی شرم آتی ہے بہرحال جو میرے امکان تھا۔

میرے ذہن میں تھا وہ حاضر کر دیا
سامنے مہماں کے جو کچھ تھا میسر رکھ دیا۔

عمل:-

بے اولاد شخص ہو یا عورت ہو تو اپنے نام کے اعداد کے مطابق اکیس دن تک پانی میں دم کر کے نوش کریں اور ایک زعفران کے ساتھ لکھ کر اپنے پاس رکھیں، خدا کے فضل سے صاحب اولاد ہو جائیں گے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اَللّٰھُمَّ ذوالعرشِ الکریمِ والملکِ القدیمِ و العطائی اَللّٰھُمَّ یارحمٰنُ یارحیمُ یا غفورُ یا اللّٰہُ یا احدُ۔

عمل:-

اس آیت مبارکہ کو چھوہاروں پر دم کرے، دودھ کے ساتھ میاں بیوی روزانہ ایام ماہواری کے فوراً بعد آٹھ دن کھائیں۔
آیت یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ب	ا	س	ط
۱۹	۳۸	۳	۱۲
۱۸	۲۷	۴	۲۳
۲۳	۶	۵	۲۹

یا جبرائیل یا باسط — یا جبرائیل یا باسط — جبرائیل [illegible] یا باسط — یا جبرائیل یا باسط

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اِذ قالتِ امراۃُ عمرانَ ربِّ اِنّی نذرتُ لکَ ما فی بطنی محرّراً فتقبّل منّی اِنّکَ انتَ السمیعُ العلیم بحقِ ھادی یا ھادی

حمل کو قائم رکھنا

۱۔ سات رنگ کے سات دھاگے عورت کے ایک پاؤں سے رکھ کر سر سے اوپر سے لے کر دوسرے پاؤں تک ناپ لیں ۲۔ عورت اور اس کی ماں کے نام کے اعداد کے نام ابجد شمسی سے حاصل کریں۔ اس کی تعداد کے مطابق یہ آیت پڑھیں۔

"یاایھا الناس اتقوا ربکم الذی خلقکم من نفس واحدۃ وخلق منہا زوجہا، یاحفیظ یاحافظ یاناصر یارقیب یاوکیل یااللہ یااللہ یااللہ" دھاگے پر سات گرہ دیں اور عورت کی ناف کے نیچے باندھ دیں، انشاء اللہ حمل قابو رہے گا۔

کچے حمل کی مضبوطی

جس عورت کا کچا ہی حمل گر جاتا ہو اور خون جاری ہو جائے تو اس عورت کو یہ آیت لکھ کر ناف کے نیچے باندھیں اور اس عورت کے نام مع والدہ کے اعداد کے مطابق پڑھ کر پانی میں دم کر کے پانچ روز یا سات روز پلائے بحکم خدا جا ہا، حمل قائم رہے گا۔

دردِ زہ سے نجات

: اس آیات کو لکھ کر دردِ زہ والی عورت کے بائیں ران میں باندھ دیں اور دوسری چینی کی پیالی میں زعفران کے ساتھ لکھ کر شہد ڈال کر چاٹیں بحکم خدا بچہ جلد پیدا ہوگا۔ "آیات کریمہ"

اذا السماء انشقت واذنت لربہا وحقت واذا الارض مدت والقت ما فیہا وتخلت

لا یستوی اصحٰب النار واصحٰب الجنۃ اصحٰب الجنۃ ھم الفائزون لو انزلنا ھٰذا القراٰن علیٰ جبل لرایتہ خاشعا متصدعا من خشیۃ اللہ وتلک الامثال نضربہا للناس لعلہم یتفکرون

پارہ نمبر ۲۸ سورہ الحشر آیت نمبر ۱۹

انشاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا:

جس عورت کی ہمیشہ لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں وہ عورت حمل کے پہلے، دوسرے یا تیسرے مہینے یہ آیت معظمہ طالع وقت برج حمل، جوزا، اسد، میزان، قوس، دلو ہو اور ساعت بھی شمس مریخ، مشتری کی ہو۔ دن اتوار اور بدھ کا ہو تو لکھ کر عورت اپنی کمر میں باندھے، بحکم خدا بطفیل رسول مقبول لڑکا ہوگا اگر اس عورت کے نام کی تعداد میں روزانہ پڑھ کر پانی پلایا جائے اکیس دن تو پھر کیا بات ہے۔

خداوند کریم اپنی رحمت سے ضرور لڑکا عطا کرے گا [illegible] عالم ہوگا۔

آیت معظمہ: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ بسم اللہ و باللہ ومن اللہ ومن اللہ فاوجس منہم خیفۃ قالوا لا تخف وبشروہ بغلام علیم فاقبلت امراتہ فی صرۃ فصکت وجہہا وقالت عجوز عقیم قالوا کذالک قال ربک انہ ھو الحکیم العلیم

اولاد کا تعویذ

جس عورت کا حمل ہمیشہ ساقط ہو جاتا ہو تو اس عورت کو برج مذکر کو طالع کو مدنظر رکھ کر ساعت مذکر ستارہ کی ہو اور دن اتوار، منگل، بدھ کا ہو یہ نقش زعفران سے لکھ کر عورت کی کمر میں باندھیں انشاء اللہ تعالےٰ لڑکا پیدا ہوگا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۲۴	۳۷	۳۱	۱۷
۳۰	۱۵	۲۳	۲۸
۱۹	۳۴	۲۵	۲۲
۲۶	۲۱	۲۰	۳۲


مذکر بروج حمل، جوزا، اسد، میزان، قوس دلو ہیں۔

واللہ علم بالصواب

اسرار الطلسمات کی کتاب میں نے علیحدہ لکھی ہے، بہت عمدہ اور اعلیٰ کتاب ہے

اولاد نہ ہونا قاطع اولاد

بانجھ کرنا عورت کا



ان اعمال کے لئے نحس اوقات کو مدِ نظر رکھیں۔ قمر زحل کا قران یا زحل مریخ کی نظر تربیع یا مقابلہ میں نے مذکورہ بالا اوقات کا تعین کر دیا ہے ساعت بھی زحل اور قمر کی پیش نظر رکھیں۔ جس وقت زحل اور مریخ رجعت میں ہو یا سورج گرہن یا چاند گرہن میں بھی عمل کامیاب رہتا ہے۔

الجماز حروف

اس پر قبل ازیں روشنی ڈال چکا ہوں پھر دوبارہ مختصر تفصیل اور تشریح کرتا ہوں اب توجہ کریں عاملان جعفار نے اس کی اقسام تحریر کئے ہیں، اس کی تشریح کرنا لمبر باید کر یار آید۔

حروف نورانی

یہ حروف قرآن مجید کی بعض سورتوں میں مفرد حروف ہیں اور نیز چودہ ہیں۔

۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰ ۱۱ ۱۲ ۱۳ ۱۴

ا ح ء ط ی ک ل م ن س ع ص ق ر } یہ حفاظت کے کام آتے ہیں۔

حروف ظلمانی

۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰ ۱۱ ۱۲ ۱۳ ۱۴

ب ت ث ج د و ز ف ش خ ذ ض ظ غ } یہ حروف نقصان پہنچانے کے کام آتے ہیں۔

حروف ناطقہ

۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰ ۱۱ ۱۲ ۱۳ ۱۴

پ ت ث ج ق ذ ز ش ض ظ غ ف ن ی } اور یہ الفاظ بند کام کو کھولنے کے کام آتے ہیں۔

حروف شفاء

اب ت ث ط ظ ف ک ل ی یہ دس حروف شفائے امراض کے کام آتے ہیں۔

حروف علت

ج ح خ د ذ ر ز س ش ص ض ع غ ق م ن و ہ ء

یہ حروف بیمار کرنے کے کام آتے ہیں۔

حروف زوج

ب د و ح ک م س ف ر ت خ ص

یہ بارہ حروف تسخیر و حب کے کام آتے ہیں انہیں بدوح بھی کہتے ہیں۔

حروف فرد

ا ج ھ ز ط ی ل ن ع ص ق ش ث ذ ظ غ

یہ سولہ حروف تفرقہ جدائی کے کام آتے ہیں انہیں اجہز کہتے ہیں۔

حروف صوامت

۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰ ۱۱ ۱۲ ۱۳

ا ح د ر س ط ع ک ل م ہ ص

یہ حروف صوامت محض بندش کے کام آتے ہیں اور کسی جگہ کام نہیں کرتے۔

کئی قسم کی بندشوں کے کام آئیگا

کسی کے ہاں جانے سے روکنا، محبت کو ختم کرنا، نکاح باندھنا، مخلوق کی زبان بندی
خون جانے سے حمل گرنے کا خطرہ ہو، تبدیلی باندھنا، قبضہ باندھنا، محبت باندھنا، حمل ساقط نہ ہو،
حجامت باندھنا، عقل و فرد باندھنا، چوری کی عادت باندھنا، شراب نوشی کی عادت باندھنا، جاری خون
باندھنا، مارنے کی عادت باندھنا، انزال و احتلام باندھنا، محبت میں عقل و فرد باندھنا،
، ملک کے باہر جانے والے کے قدم باندھنا، بھاگنے والے بچے کو باندھنا۔ طلاق باندھنا
حمل باندھنا، میاں بیوی دونوں کو ایک کر دیتا ہے، زنا باندھنا، بارش باندھنا، دوکان باندھنا وغیرہ وغیرہ
صوامت حروف کا اعجاز ہے۔

سطر نمبر ۱ نام اور مقصد تحریر کریں۔
سطر نمبر ۲ دو صوامت لکھیں۔
سطر نمبر ۳ امتزاج کریں۔

نوٹ :- سورج گرہن کے وقت حروف صوامت کی زکوٰۃ دی جاتی ہے۔

عملی مثال

پہلی سطر بسط حرفی کریں یا ب تسم احمد چوری نہ کر سکے
ب ت م ا ح م د ن ج و ر ی ن ہ ک ر س ک ی

دوسری سطر حروف صوامت : ا ح د ر س ص ط ع ک ل م و ہ

تیسری سطر امتزاج

ب ا س ح	ت د م ر	ا س ح ص	م ط د ع	ن ع ک ول رم
۷۱	۶۴۴	۱۵۹	۱۲۳	۵۹

ی و	ن ہ ہ ک	ر س ک ی
۷۰	۸۰	۲۹۰

کل اعداد = ۱۴۹۶

حروف بنائیے : باسح، تدمر، اسحص، مطدع، جکول، ومیو، منہک، رسکی،
اب ا ح م و کو دیکھیں کون سا عنصر غالب ہے
آتشی خاکی ہے آتشی خاکی۔ اسی عنصر کی چال سے مثلث پر کریں۔
اور امتزاج کے حروف کو مثلث کے ارد گرد لکھیں۔ یہ نقش احمد کے گلے میں باندھیں
اللہ کے حکم سے چوری کی عادت چھوٹ جائے گی۔

ہیں کیونکہ اعداد آتشی کے زیادہ ہیں۔ اس لیئے خانت آتشی چال سے لکھی جائے گی

کل اعداد ۱۰۲۵

عدد قانون ۱۲ -

۳/ ۱۰۱۳ \ ۳۳۴

۹

۱۱

۹

۲۳

۱۲

باقی ۱

ھکفیل

۸ ۳۴۲	۱ ۳۳۴	۶ ۳۳۹
۳ ۳۳۶	۵ ۳۳۸	۷ ۳۴۱
۴ ۳۳۷	۹ ۳۴۳	۲ ۳۳۵

اس طرح اب مذکورہ بالا بندش کے کام کر سکتے ہیں۔

نہیں لگتی پھر کام بنتے میں دیر
نکل جاتا ہے دم میں قسمت کا پھیر



۱: ـــــ اگر ایام حیض میں ہر روز تین دفعہ مرد کے بالوں سے دھونی لے پھر حیض سے پاک ہونے کے بعد خاوند اس سے مجامعت کرے عورت حاملہ ہو جائے گی۔

۲: ـــــ ابن اسحاق کہتا ہے کہ اگر دانہ ارنڈ کو ایک رات و دن پانی میں تر کر کے اس میں صوف


بھگو کر عورت حمول کرے، پھر خاوند اس سے مجامعت کرے تو حاملہ ہو جاوے

۱۳: ـــــ آک کی جڑیں باریک کر کے پانی میں ڈالیں اور اس میں گندم کے دانے ڈال کر جوش دیں جب دانے پھول جاویں، نکال کر خشک کریں، پیس کر حلوا بنا کر تین روز تک نہار منہ استعمال کریں۔

۱۴: ـــــ اگر عورت کو اس کی لاعلمی میں گھوڑی کا دودھ پلایا جاوے اور اس کے ایک گھنٹے بعد مجامعت کی جاوے تو حاملہ ہو جاوے۔

۱۵: ـــــ خرگوش، ترکی گیدڑی اور اوجھڑی اگر حیض کے بعد بھون کر کھاوے تو حاملہ ہو جائے۔

ترقی علم امتحان میں کامیابی ترقی حافظہ کے اعمال



عمل

حصول علم کے لئے قُلْ رَّبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا وَّارْزُقْنِیْ فَهْمًا کے اعداد ۱۰۴۴ ہیں جس شخص کو علم کا شوق ہو وہ اوقات مذکورہ کے وقت مشتری کی ساعت میں اس اعداد کے مربع کو نام اعداد میں جمع کر

کے بادی چال سے کھو کر گلے میں ڈالیں۔ اور مذکورہ بالا آیۃ کریمہ کو زعفران سے لکھ کر روزانہ اکیس دن پلائیں،
انشاءاللہ تعلیم کا شوق پیدا ہوگا۔ ذہن کھل جائے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قُل رَّبِّ زِدۡنِی عِلۡمًا وَّارۡزُقۡنِی فَهۡمًا

جبرائیل

٣٤٧	٣٥٣	٣٥١	٣٥٨
٣٥٩	٣٥٠	٣٥٦	٣٤٤
٣٥٤	٣٤٦	٣٥٧	٣٥٢
٣٠٩	٣٦٠	٣٤٥	٣٥٥

قُل رَّبِّ زِدۡنِی عِلۡمًا وَّارۡزُقۡنِی فَهۡمًا

عبدالرحیم ٣٦٥
سورۃ کے اعداد ١٠٤٤
میزان ١٤٠٩
عدد قانون ٣٠ −

٤) ١٣٧٩ (٣٤٤
١٢
١٧
١٦
١٩
١٦
٣ باقی

عمل نمبر ٢

سورہ نسا پارہ نمبر ٥ آیت ١٣۔

وَعَلَّمَكَ مَا لَمۡ تَكُنۡ تَعۡلَمُ وَكَانَ فَضۡلُ اللّٰهِ عَلَيۡكَ عَظِيۡمًا ۝

اعداد ۔ ٣٤٩١

جس شخص یا بچہ کا ذہن خراب ہو یا کند ذہن ہو اس کے نام کے اعداد اور اس آیت کریمہ کے اعداد جمع کرکے مربع آتشی چال سے پُر کریں اور ارد گرد یہ آیت لکھیں، اس کے گلے میں ڈالیں اور دوسرا تعویذ خالص سرسوں کے تیل میں ڈال کر سر کی مالش کریں نمبر ٣۔ آیۃ مذکورہ کو زعفران سے پرچ پر لکھ کر روزانہ پلایا کریں۔ یا بادام پر پڑھ کر اسے روزانہ کھلایا کریں۔ خدا کے فضل سے ذہن تیز ہو جائے گا۔ پیالی

عمل نمبر ٣

تیزی ذہن کے لئے۔ "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" ٧٨٦ دفعہ روغن بادام پر پڑھ کر سر کی مالش کریں اور نمبر ٢ سات عدد بادام کی گری پر ٧٨٦ دفعہ پڑھ کر بچے کو روزانہ منہ نہار کھلائیں، حافظہ تیز ہوگا۔

"ماشاء اللہ وھو العلی العظیم"

عمل نمبر ۴: ترقی علم کے لئے بچے کو روزانہ آیۃ کریمہ تُؤتِی المُلکَ مَن تَشَاءُ کے اعداد ۱۷۲۹ دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے روزانہ اس شخص کو پلائیں گے تعلیم میں اس کا ذہن کھل جائے گا۔

عمل نمبر ۵:

کند ذہن انسان

اس نقش کو چینی کی رکابی پر زعفران سے لکھ کر شہد کے ساتھ نقوش کو نوش کرے اس شخص کا ذہن روشن اور یادداشت اعلیٰ ہو جائے گی

نوٹ:۔ اگر کسی اہل علم اور صاحب فن کو غلطی معلوم ہو تو یقیناً اصلاح کریں۔ انسان غلطی کا پتلہ ہے
"وَمَا تَوفِیقِی اِلَّا بِاللّٰہ"

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

۳۳۶۵	۳۳۶۸	۳۳۷۱	۳۳۵۷
۳۳۷۰	۳۳۵۸	۳۳۶۴	۳۳۶۹
۳۳۵۹	۳۳۶۳	۳۳۶۶	۳۳۷۳
۳۳۶۷	۳۳۶۲	۳۳۶۰	۳۳۷۲

عزرائیل — اسرافیل — میکائیل

(کامیابی امتحان کیلئے نقش زعفران سے لکھ کر گلے باندھیں)۔

ہر علم دنیا میں بے پایاں ہے جو انسان دنیا میں آتا ہے وہ ایجادات اور فتوحات کا ایک خزانہ قدرت سے لے کر آتا ہے ہر کسی کی مہارت خواہ ساخت جو چیز خواہ وہ کسی قسم سے تعلق ہو، اس وقت دنیا میں موجود ہے، ہم اس کو کامل نہیں کہہ سکتے خدا جانے ایسے کتنے دماغ پیدا ہوں گے اور کیا کیا کنز بہیوت کریں گے۔ اب آپ اپنے گرد و پیش نظر کریں تو میرے قول کی تصدیق ہو جائیگی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

۱۹۲۲	۱۹۲۶	۱۹۲۹	۱۹۱۵
۱۹۲۸	۱۹۱۶	۱۹۲۱	۱۹۲۷
۱۹۱۷	۱۹۳۱	۱۹۲۴	۱۹۲۰
۱۹۲۵	۱۹۱۹	۱۹۱۸	۱۹۳۰

عزرائیل — اسرافیل — میکائیل

اب غور سے دیکھیں روزانہ قسم قسم کی مصنوعات تیار ہو کر بازار میں آتی ہیں۔ جو صناع اقصاب ہے وہ نئی ترکیب سے کوئی شے تیار کر کے بازار میں لاتا ہے اس طرح علم و فنون کی فہرست میں روزانہ اضافہ ہو رہا ہے یہ کھلا ہوا فلسفہ ہے کہ بات کو بات سکھاتی ہے اور بات میں بات نکلی چلی جاتی ہے اس کا سلسلہ رہتی دنیا تک قائم رہے گا۔ جتنی میری عقل فہم تھی میں اس علم کی خدمت کر رہا ہوں آگے کوئی اور خدا کا بندہ تکمیل کرے گا۔ "وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلاغ"

چور اور چوری کے عملیات

چوری شدہ مال کی واپسی کے لئے۔ یا علیم یا خبیر،

علیم + خبیر = اعداد

۱۷۸ + ۸۱۲ کل میزان ۸۹۰

چوری شدہ مال کے نام کے اعداد: بیل ۴۲

۹۳۲

عدد قانون (-) ۳۰

۴ / ۹۰۲ (۲۲۵

۱۰

۸

۲۲

۲۰

۲ باقی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جھطلیائیل — جبرائیل — عسیائیل — تنکفائیل

۲۳۲	۲۳۶	۲۳۹	۲۲۵
۲۳۱	۲۲۶	۲۳۱	۲۳۷
۲۲۷	۲۴۱	۲۳۴	۲۳۰
۲۳۵	۲۲۹	۲۲۸	۲۴۰

عزرائیل — اسرافیل


(نقش کو اپنے پاس ہر وقت رکھیں)

نمبر ۳: رات کے وقت یا باب یا بدیع العجائب یا مخبر یا خبیر یا مخبرنی

اسم جس شخص کا نقصان ہوا ہے اس کے اعداد کے مطابق پڑھنا مثلاً عبدالرحیم کا بیل چوری ہوا لہٰذا

۳۰۵ دفعہ روزانہ اسم پڑھنا اکیس روز تک

مخفی حالات معلوم کرنے کیلئے اوقات



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۲۸۸۸۹	۲۸۸۹۱	۲۸۸۹۲	۲۸۸۸۳
۲۸۸۹۶	۲۸۸۹۷	۲۸۸۹۰	۲۸۸۹۵
۲۸۸۸۷	۲۸۸۹۹	۲۸۸۹۲	۲۸۸۲۸
۲۸۸۹۳	۲۸۸۸۱	۲۸۸۸۷	۲۸۸۹۸

عزرائیل

انکشافات کے لئے یہ نقش بہت اعلیٰ ہے۔ زکوٰۃ تو اس کی کافی مشکل ہے ایک لاکھ پچیس ہزار دفعہ لکھیں تب جا کر اس کی زکوٰۃ ادا ہوگی۔ روز دریا میں یا کنویں میں ڈالنا ہوگا۔ بعد زکوٰۃ کے ہر قسم کے حالات سے آگاہی ہو سکتی ہے۔ اسے لکھ کر سو جائیں

نمبر ۳

(سورہ الفتح آیت ۱۴) وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَاءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاءُ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا۔

جس کا مال چوری ہوگیا ہو اس کے نام کے اعداد کے مطابق اکیس روز پڑھیں بحکم خدا بطفیل رسول مقبول چوری شدہ مال کا سراغ مل جائے گا۔

عمل نمبر ۳

سورۂ والضحیٰ کے اعداد، ۱۳۴۲۲ ہیں، جو شخص غائب ہوجائے اور چوری شدہ مال نہ مل رہا ہو تو اس شخص کو نیک ساعت میں زعفران سے لکھ کر کسی پھل دار درخت میں لٹکائیں اور چوری شدہ مال کے اعداد کے مطابق روزانہ سورۂ الضحیٰ پڑھیں انشاءاللہ تعالیٰ مال مل جائے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۳۳۲۳	۳۳۳۶	۳۳۳۳	۳۳۲۶
۳۳۳۴	۳۳۲۹	۳۳۳۲	۳۳۲۵
۳۳۲۸	۳۳۳۱	۳۳۳۸	۳۲۲۵
۳۳۳۷	۳۳۲۶	۳۳۳۷	۳۳۳۲

اسرافیل — عزرائیل — میکائیل

نمبر ۵

"اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ"

جس شخص کا مال چوری ہوا ہو وہ اس نقش کو لکھ کر وزن تلے رکھے اور "اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ" اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے، انشاءاللہ چوری کا مال واپس ہوگا۔


بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۳۷۸	۳۹۲	۳۸۸	۳۸۵
۳۸۹	۳۸۳	۳۷۹	۳۹۱
۳۸۳	۳۸۶	۳۹۳	۳۸۰
۳۹۳	۳۸۱	۳۸۲	۳۸۷

اسرافیل — عزرائیل — میکائیل

ضروری درخواست:
سورتوں کے اعراب و حرکات کو کلام مجید سے درست کریں۔



۱. نام بیٹے کا معہ والدہ کے اعداد

۲. بھاگنے کی تاریخ (۱۲، ۱۳۰، ۲۲۱ وغیرہ)

کے مطابق رات کے بعد نماز عشاء

اَللّٰھُمَّ رُدَّ اِلَیَّ وَلَدِیْ بِالْخَیْرِ بِحُرْمَتِہٖ فَرَجَعْنٰکَ اِلٰی اُمِّکَ کَیْ تَقَرَّ عَیْنُھَا وَلَا تَحْزَنَ۔ اکیس روز تک پڑھیں انشاء اللہ لڑکا کہیں بھی ہوگا واپس آئے گا۔

گم شدہ جانور کے ملنے کا عمل

جو جانور گم ہو جائے اس کے نام کے اعداد اس آیت کو پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ یَا جَامِعَ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْہِ اِجْمَعْ عَلَیَّ ضَالَّتِیْ اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

۲۴۹	۲۵۲	۲۵۷	۲۴۲
۲۵۶	۲۴۳	۲۴۸	۲۵۳
۲۴۴	۲۵۹	۲۵۰	۲۴۷
۲۵۱	۲۴۶	۲۴۵	۲۵۸

میکائیل

اور یہ نقش کسی اونچی جگہ لٹکائیں، انشاءاللہ بہت جلد مویشی مل جائے گا۔ کم از کم سات دن پڑھیں۔

واللہ اعلم بالصواب

عمل

کوئی شخص یا جانور بھاگ جائے تو اس نقش کو زعفران کے ساتھ سعد وقت میں جب طالع وقت بادی ہو، دو عدد لکھیں، ایک نقش پتھر کے نیچے دفن کریں، دوسرا نقش کسی پھلدار درخت پر لٹکائیں، انشاءاللہ بہت جلد واپس آئے گا۔ مجرب ہے۔

بحق جبرائیل والتوراۃ

۱۱۱ ۹ ۸ ۱۱ ۵ عــــص ۱ ۵ ۱۱۱ ط ۵ ۵ ۹ ۲ و

بحق میکائیل والانجیل

کھیعص

لا الہ

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

۱ ۵ ۱ ۹ ۱۱۱

۵ ۱۱ ۵ ۱۱ ۵

بحق اسرافیل والزبور

۶۱ ۶۱ ۶۱ ۱۶۱


۶۱ ۶۱

بحق عزرائیل والفرقان

۱۱۱ ۱۱ ۶ ۶۱ ۱۱

۱۱ ۱۱ ۶۱ ک

عامل کامل بننے کے لئے تزکیہ نفس ہونا ضروری ہے۔



عمل نمبر ۱

کوئی شخص غلط اہتمام کی وجہ سے قید ہو گیا ہو، مقدمہ میں پھنس گیا ہو تو اُسے چاہیے کہ نماز باجماعت کے ساتھ ادا کرتا ہے اور اس عمل کو بھی تا فیصلہ جاری رکھے، اپنے نام معہ والدہ کے اعداد حاصل کریں اور اس کے مطابق عمل کرے، آیت کریمہ یہ ہے۔

"وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ" پارہ نمبر ۲۴ سورۃ المومن آیت ۴۴

بحکم خدا اس مقدمہ میں فتح ہوگی اور رہائی ہو جائے گی۔

عمل نمبر ۲

کوئی شخص دشمن کے ہاتھ میں قید ہو اس کی رہائی کے لئے اس آیت کو اپنے نام معہ والدہ کے اعداد کے مطابق پڑھیں بحکم خدا بطفیل رسول مقبول آزادی ہو جائے گی لیکن صوم و صلوٰۃ کی پابندی نہایت ضروری ہے، آیت کریمہ:۔

"حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ"

عمل نمبر ۳

نظر بندی، قید سے آزادی کے لئے مجرب عمل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یٰبَنِیَّ لَا تَدْخُلُوْا مِنْ بَابٍ وَّاحِدٍ وَّادْخُلُوْا مِنْ اَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَۃٍ وَمَآ اُغْنِیْ عَنْکُمْ مِّنَ اللّٰہِ مِنْ شَیْءٍ اِنِ الْحُکْمُ اِلَّا لِلّٰہِ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَعَلَیْہِ فَلْیَتَوَکَّلِ

المتوکل وف یا خالص یا مخلص - اپنے نام کے اعداد کے مطابق روزانہ پڑھتے رہیں -

عمل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

	۸	۳	۷
العلیم	ع	ع	۲
العلی	ھ ع	د	ھ
الاباللہ	لاقوۃ	اللہ	شاء

جو کوئی ناحق اور بے قصور گرفتار ہوا ہو یہ تعویز لکھ کر اپنے پاس رکھیں اور پانچوں نمازوں کی خاص طور پر پابندی کریں اور اپنے نام کے مطابق ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ العلی العظیم حسبنا اللہ ونعم الوکیل پڑھتے رہیں۔

ان الذین یبایعونک انما یبایعون اللہ ید اللہ فوق ایدیھم فمن نکث فانما ینکث علی نفسہ ومن اوفی بما عٰھد علیہ اللہ فسیؤتیہ اجراً عظیما

سورۃ الفتح آیت ۱۰ - اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھیں

عمل

بسم اللہ الرحمن الرحیم سُبحان القادرِ القاھرِ القوی الکافی یا حیّ یا قیوم ولاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم وصلی علیہ خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین ۔ نقش سورہ انفال کے اعداد ۳۱۲۳۷۵

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

۱۰۳۰۹۳	۱۰۳۰۹۶	۱۰۳۱۰۰	۱۰۳۰۸۶
۱۰۳۰۹۹	۱۰۳۰۸۷	۱۰۳۰۹۲	۱۰۳۰۹۷
۱۰۳۰۸۲	۱۰۳۱۰۲	۱۰۳۰۹۴	۱۰۳۰۹۱
۱۰۳۰۹۵	۱۰۳۰۹۰	۱۰۳۰۸۹	۱۰۳۱۰۱

جو شخص قید میں ہو اور آزادی حاصل کرنا چاہتا ہو تو اسے چاہیے کہ اس نقش کو نیک وقت میں لکھیں اور اپنے بازو پر باندھیں اور آیت مذکورہ کو اپنے نام کے اعداد کے مطابق پانچ وقت باجماعت نماز کے ساتھ پڑھیں، ان شاء اللہ آزادی ہوگی۔

عرض ہے:

قرآن کریم کی آیت کو دیکھ کر درست کرلیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

میکائیل — اسرافیل — عزرائیل — قول

عمل

قیدی اپنے نام کے اعداد حاصل کرے اور اس کے مطابق یَاغِیَاثِیْ عِنْدَ کُلِّ کُرْبَۃٍ وَّ یَجِیْبِیْ عِنْدَ کُلِّ دَعْوَۃٍ وَمَعَاذِیْ عِنْدَ کُلِّ شِدَّۃٍ وَّرَجَائِیْ تَنْقَطِعُ حِیْلَتِیْ، یہ تعویز لکھ کر قیدی اپنے گلے میں باندھیں، انشاء اللہ آزادی ہوگی۔

"واللہ اعلم بالصواب"

حل المشکلات کا نقش

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

۶۴۲	۶۵۱	۶۵۴	۶۴۰
۶۵۳	۶۴۱	۶۴۷	۶۵۲
۶۴۲	۶۵۶	۶۴۹	۶۴۶
۶۵۰	۶۴۵	۶۴۳	۶۵۵

میکائیل — اسرافیل — عزرائیل — قول

عمل

یہ نقش نیک ساعت میں لکھ کر ہر کام کے لئے بہتر اور اعلیٰ ثابت ہوگا، یہ نقش سورہ یٰسین کا نقش ہے۔

قرآن مجید کی آیتوں کو قرآن میں دیکھ کر تصحیح کرلیا کریں

(رحیم)

نقوش اور تعاویز حصارات

حاضرات، جنات و دافع سایہ

سپاہی جنگ کے میدان میں جانے سے پہلے اپنی حفاظت کے سامان ضرور رکھتا ہے اسطرح عامل حضرات واقع سایہ جنات، پری بھوت و پریت، چڑیل کے حاضر کرنے اور ہمزاد جنات کو قابو کرنے اور قید کرنے کی غرض سے جو عمل کرتے ہیں، انہیں چاہیے کہ بجائے مخلوق کی خباثت اور شرارت سے محفوظ رہنے کے لئے عامل کو حصار کرنا از حد ضروری ہے اگر اس نے اپنی حفاظت نہ کی ہے۔ بجائے اسے قابو اور قید کرنے کے آپ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے روگ لگا لیں گے اور آپکی زندگی عذاب اور اجیرن بن جائے گی۔

حصارات

فقیر کے دادا عامل اللہ بخش کامل انسان تھے انہوں نے میرے والد مولوی حافظ خدا بخش علیہ الرحمۃ علمی شہرت کے مالک تھے ان کے فیوض روحانی شہزادگان عباسیہ خاندان حاصل کرتے ان کی محنت اور کوشش سے پھر میں شاہی خاندان کا استاد بنا ہوں وہ سیف زبان ہوتے ہیں وہ اپنے وقت میں لاثانی بزرگ تھے۔ یہ شریعت و طریقت کے عالم تھے، علم کا یہ حال تھا، حضور اپنے وقت میں نادر زمانہ تھے، علوم فلکیات، جفر، نجوم، رمل، اعداد، عملیات وغیرہ میں اپنا جواب نہ رکھتے تھے، آپ کے دو شہزادے تھے، ایک مولوی حاجی حافظ عبدالرحمٰن مبلغ السلام ہیں اور چھوٹا فقیر حقیر بے مایہ درویش آپ کی خدمت میں لعل و گوہر پیش کر رہا ہے۔ یہ سب کچھ میرے مرحوم والد ماجد علیہ الرحمۃ کا فیض ہے۔ ان کا تجربہ شدہ احصار پیش کرتا ہوں۔

نمبر ۱: ۱۔ قل ہو اللہ احد مکمل ۲۔ قل اعوذ برب الفلق ۳۔ قل اعوذ برب الناس ۴۔ قل یا ایہا الکفرون ۵۔ الحمد شریف۔ گیارہ گیارہ دفعہ۔

نمبر ۲: درود صلوٰۃ تنجینا عامل اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھ کر اپنے ارد گرد انگلی کے ساتھ چاروں طرف حصار کرے

اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللھم صل علیٰ سیدنا و مولانا محمد و علیٰ آلِ سیدنا و مولٰنا محمد صلوٰۃ تنجینا بھا من جمیع الاھوال والآفات و تقضی لنا بھا من جمیع الحاجات و تطھرنا بھا من جمیع السیات و ترفعنا بھا عندک اعلی الدرجات و تبلغنا بھا اقصی الغایات من جمیع الخیرات فی الحیوٰۃ وبعد الممات انک علیٰ کل شئ قدیر۔ انتھی۔

حصار نمبر ۲ حصار کو پڑھ کر ایک چاقو پر پھونک ماریں اور اس چاقو یا چھری کو اپنے ارد گرد گھما کر زمین میں گاڑ دیں، پھر دوسرا عمل شروع کریں جو کرنا ہو۔

یا حلیم یا کریم یا حافظ یا حفیظ یا ناصر یا نصیر یا رقیب یا وکیل یا اللہ یا اللہ یا اللہ بحق کھٰیٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ میں نے اپنے آپ کو حصار کیا لا الٰہ الا اللہ سے میں نے اپنے آپ کو محفوظ کیا محمد رسول اللہ، لا الٰہ الا اللہ حجابٌ بینی و بین کل مکروہ ماکرہ لا الٰہ الا اللہ حجابٌ بینی و بین کل بلاءٍ و آفۃ برحمتک یا ارحم الراحمین

حاضرات عمل: جس عورت یا مرد کو دیو، پری یا جن بھوت کا اثر ہو تو اس نقش کو لکھ کر مریض کے سامنے جلائیں اور دوسرا نقش لکھ کر مریض کے گلے میں باندھیں، مریض کے نام کے تعداد کے مطابق سورۃ جن پڑھیں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۶۲۴۸	۶۲۵۱	۶۲۵۴	۶۲۴۱
۶۲۵۳	۶۲۴۲	۶۲۴۷	۶۲۵۲
۶۲۴۳	۶۲۵۶	۶۲۴۹	۶۲۴۶
۶۲۵۰	۶۲۴۵	۶۲۴۴	۶۲۵۵

قولہ — میکائیل — جبریل

۵	۴	۳	۲	۱
۱۰۰	۹۰	۸۰	۷۰	۶۰

بحق اھیا اشراھیا علیک

ھا ۱۱	ھا ۱۱	ھا ۱۱	ھا ۱۱

بحق علیقا ملیقا طلیقا انت تعلم

عمل نمبر ۲

سورہ جن کے اعداد
۶۰۶۳۳ ہیں، جس شخص کو جن، پری، بھوت نے پکڑا ہوا ہو تو اس شخص کے نام کے مطابق سورہ جن پڑھیں، اور اس نقش کو مریض کے گلے میں ڈالیں، انشاءاللہ نجات ہو گی، خدا کے مقدس کلام پر یقین کامل ہو گا تب عمل اثر کریگا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

	۲۰۲۱۴	۲۰۲۰۷	۲۰۲۱۳
	۲۰۲۱۲	۲۰۱۱۱	۲۰۲۰۹
	۲۰۲۰۸	۲۰۲۱۵	۲۰۲۱۰

عمل نمبر ۳:

جس شخص پر جنات، دیو، پری نے قبضہ کیا ہوا ہو اور وہ شخص سخت پریشان ہو اس کے لئے تین نقوش پیش کر رہا ہوں فی الحال نقش نمبر ایک کو لکھ کر مریض کے تمام جسم پہ دھونی دے۔

(نقش نمبر ۱)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۳۵۴۷۴۹	۳۵۴۷۵۳	۳۵۴۷۵۶	۳۵۴۷۴۲
۳۵۴۷۵۵	۳۵۴۷۴۳	۳۵۴۷۴۸	۳۵۴۷۵۴
۳۵۴۷۴۴	۳۵۴۷۵۸	۳۵۴۷۵۰	۳۵۴۷۴۷
۳۵۴۷۵۱	۳۵۴۷۴۶	۳۵۴۷۴۵	۳۵۴۷۵۷

نمبر ۲:

نقش چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر مریض کو اکیس دن پلائیں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

۱۵۳۲۳	۱۵۳۲۷	۱۵۳۳۰	۱۵۳۱۷
۱۵۳۲۹	۱۵۳۱۸	۱۵۳۲۲	۱۵۳۲۸
۱۵۳۱۹	۱۵۳۳۲	۱۵۳۲۵	۱۵۳۲۲
۱۵۳۲۹	۱۵۳۲۱	۱۵۳۲۰	۱۵۳۲۲

شمکائیل — قول — اسرافیل — عزرائیل

نمبر ۳: نقش کو لکھ کر بتی بنا کر جلائیں، مریض سامنے ہو، سورہ جن پڑھتے رہیں۔ بحکم خدا بطفیل رسول مقبول کے جنات ختم ہو جائیں گے۔ تجربہ کیا گیا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

۱۸۵۴۲	۱۸۵۳۷	۱۸۵۵۰	۱۸۵۳۹
۱۸۵۴۹	۱۸۵۲۷	۱۸۵۴۳	۱۸۵۳۸
۱۸۵۴۸	۱۸۵۵۲	۱۸۵۳۵	۱۸۵۴۲
۱۸۵۴۶	۱۸۵۴۱	۱۸۵۳۹	۱۸۵۵۱

شمکائیل — قول — اسرافیل — عزرائیل

عمل نمبر ١

ـــــ فلیتہ حاضرات ملائکہ آسیب

را در جسم فلاں بن فلاں پوشیدہ است بمجرد
روشن شدن فلیتہ بحرمت ایں تعویذ معظم
در چراغ دود آیدہ خاکستر شود بحق کھیعص حمعسق

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۳۲۲۹	۳۲۴۳	۳۲۳۶	۳۲۳۲
۳۲۴۵	۳۲۳۳	۳۲۳۸	۳۲۴۴
۳۲۳۳	۳۲۴۸	۳۲۳۱	۳۲۴۷
۳۲۴۲	۳۲۳۶	۳۲۳۵	۳۲۴۷

امہ ھد ھمہ ھی اشرامیا

عمل نمبر ٢

ـــــ لئے آفات والبیس وشیاطین

وارواح از جمیع آسیب فلاں بن فلاں مستولی باشد
یا دیگرے تحت کردہ باشد بمجرد روشن فلیتہ زود حاضر شو
زود حاضر شو بحق حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام
حاضر شو حاضر شو

ترکیب عمل:۔ آسیب زدارہ کو فلیتہ نمبر ا کو
لکھ کر جلائیں اور عبارت پڑھتے رہیں نمبر ٢ کو
پھر لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں انشاء اللہ نجات ہوگی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۱۱	۱۱	۸۱۲	۱۴
۲	۱۱	۱۱۹	۷
۲۶	۳	۰	۹
ع	۱۰	۱ع	۴

عمل نمبر ٣

جس شخص کو جن دیو پری یا شیطان
مبعوث نے پریشان کیا ہوا ہو تو عامل کو چاہیے اس
شخص کے نام کے اعداد حاصل کر کے اتنی تعداد میں پڑھے،
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا دلیل المتحیرین یا غیاث المستغیثین
یا مجیب دعوات المضطرین یا الٰہ العالمین بحق ایاک نعبد
وایاک نستعین۔

نمبر ٢۔ یہ نقش بھی مریض کے گلے میں ڈالیں انشاء اللہ
حفاظت ہو جائے گی۔ "من انباء الغیب"

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۳۶۷۱	۳۶۷۲	۳۶۷۷	۳۶۶۴
۳۶۷۶	۳۶۶۵	۳۶۷۰	۳۶۷۵
۳۶۶۶	۳۶۷۹	۳۶۷۲	۳۶۶۹
۳۶۷۳	۳۶۶۸	۳۶۶۷	۳۶۷۸



گذشتہ عامل اور حکیم عابد اور زاہد ہوتے تھے یہی ان کی کامیابی کا راز تھا کہ وہ روحانی وجسمانی بیماریوں کی ایک نظر میں مریض کو شفا بخشتے تھے، ان کے نسخوں میں عادی اجزا، بہت قلیل ہوتے تھے وہ زیادہ روحانی قوت اور آیات قرآنی وکلام الہٰی سے نقش اور تعویز سے اہل غرض کا علاج کر کے پیچیدہ سے پیچیدہ امراض کا خاتمہ ہو جاتا تھا، اس باب میں ہر مرض کے روحانی اور جسمانی علاج مختصر طور پہ پیش کر رہا ہوں، خدا کے حکم سے اگر آپ نے گذشتہ ابواب کا غور سے مطالعہ کیا اور اس پر عمل کیا تو مجھے اُمید قوی ہے کہ آپ ہر بیماری کا علاج بڑی قدرت سے کر سکیں گے

مطرب خوش نوا بگو تازہ بتازہ نو بنو

اَلعُلُومُ عِلمَانِ عِلمُ الابدانِ وعِلمُ الادیانِ

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں

مَنْ یُوتِی الحِکمَتہ فقد اُوتِیَ خَیراً کَثِیراً

میرا دل اور ضمیر چاہتا ہے روحانی علاج کے ساتھ ساتھ جسمانی علاج بھی پیش کروں تاکہ آپ انسانی خدمت صحیح صحیح کر سکیں۔ انسان کی خدمت کرنا بہت بڑی عبادت ہے۔

قاعدہ :. مجھے کس قسم کی مرض ہے؟

ایک طریقہ علم جعفر سے میں پیش کرتا ہوں جو نہایت مستند ہے اور جب آپ آزمائش کریں گے اور تجربہ کریں گے بحکم خدا صحیح پائیں گے لیکن احتیاط یہ ہے کہ جب (۱) بیمار اپنا حال کہنا شروع کرے تو جو کلمہ اس کے منہ سے پہلے نکلے وہ لکھ لو اور نام بیمار (۲) کا لکھو اور اس وقت (۳) جس ستارے کی ساعت ہو اس (۴) ستارے کا نام لکھو اور جس ستارہ (۵) کا دن ہو اس ستارہ کا نام لکھو ان سب کو بسط کر کے ان حروف کو عناصر یعنی آتشی، بادی، آبی خاکی کے حروف علیحدہ علیحدہ کرو۔ جس عنصر کے حروف زیادہ ہوں اس عنصر سے مرض تلاش کرو۔

دوسرا قانون

یہ قاعدہ مذکورہ بالا قاعدے سے بہتر ہے اور وہ یہ ہے کہ آپ مریض سے کہیے کہ وہ کوئی حرف اپنی زبان سے کہے پس جو حرف زبان سے کہے اس کا نتیجہ حسب ذیل ہے واضح ہو کہ بعض خانوں میں ایک حرف ہے اور بعض میں دو حرف ہیں۔

حروف		حالات مریض
ا	ف	بخار ہے صفرا ہے سرسام کے آثار ہیں یا کہیں درد ہے خصوصاً فالج ہے۔
ب	ص	بخار ہے معدہ میں خرابی ہے بواسیر ہے خارش ہے دنبل ہے
ج	ق	کسی جگہ ورم ہے کھانسی ہے ریاح ہیں سردی نے ستایا ہے لقوہ ہے
د	ر	بدن کے کسی حصے میں درد ہے بلغم یا سودا ہے تپ ہے۔
ہ	ش	صفرا ہے پیاس خشکی ہے، یرقان ہے بخار ہے۔
و	ت	درد سینہ، بلغم، بخار، قولنج، پیشاب کی کوئی تکلیف ہے جریان وغیرہ ہے۔
ز	ث	خرابی معدہ، درد شکم، یرقان ہے۔
ح	خ	بخار ہے، سوداویت، جزف، پیٹ کی خرابی ہے
ط	ذ	زکام، ہیضہ، سردی جسم میں ہے گیس ہے کان میں درد ہے
ی	ض	کثرت غم کی علامت ہے بخار ہے، بدن کے نچلے حصے میں درد ہے۔
ک	ظ	معدہ میں خرابی، بیہوشی، صدرع، بواسیر وغیرہ
ل	غ	قبض، درد معدہ، اور کوئی روحانی تکلیف ہے۔

م	.	دردِ شکم، دردِ سینہ، نیاز کام، درد پشت یا کسی جانور نے کاٹا ہے۔
ن	.	کھانسی، بخار، علامات دق، درد پشت و گردہ۔
س	ع	آلات تناسل میں کمزوری، بخار، لرزہ وغیرہ

(خداوند کریم آپ کا ذہن اور ادراک کھلے رکھے آمین ثم آمین)

وما توفیقی الا باللہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو چار چیزوں سے بنایا ہے جسے عنصر کہتے ہیں۔

۱. پانی بلغمی :- جب پانی کا حصہ زیادہ ہو جاتا ہے تو انسان حافظ، عالم، فقیہ اور شریف ہو جاتا ہے۔ بلغمی امراض پیدا ہو جاتی ہیں۔

۲. مٹی سوداوی :- جب مٹی کا حصہ بڑھ جاتا ہے تو انسان خون ریز، خبیث اور بخیل ہو جاتا ہے

۳. آگ خونی :- جب آگ کے اجزاء بڑھ جاتے ہیں تو انسان ظالم اور بہادر بن جاتا ہے

۴. ھوا :- جب ہوا کا حصہ بڑھ جاتا ہے تو انسان کذاب بن جاتا ہے

خدا کے رسول سچے ہیں انہوں نے فرمایا

اور علماء اور اطباء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ تمام امراض چھ چیزوں سے پیدا ہوتی ہیں۔

۱. کثرت جماع ۲. رات کے وقت زیادہ پانی پینا ۳. رات کے وقت کم سونا۔
۴. دن کے وقت زیادہ سونا ۵. بھرے ہوئے معدہ پر کھانا ۶. بول کا روکنا۔

لگن اور کوشش کے بغیر کوئی کام پایۂ تکمیل تک نہیں پہنچتا۔

جناب علی علیہ السلام کا قول ہے

وَمَنْ طَلَبَ الْعُلٰی سَہِرَ اللَّیَالِی۔

جسے بلندی کی ضرورت ہو وہ راتوں کو جاگا کرے۔

روحانی تشخیص امراض

از حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے حکم کے روشنی میں تشریح

دن سنیچر :- جو آدمی سنیچر کے روز بیمار ہو اس دن کا مالک ستارہ زحل ہے۔ مریض پر ایک ہفتہ بہت سخت ہوگا، پریشان مغموم اور آلام تفکرات میں رہے جسم میں خشکی سستی زیادہ رہے۔

علامت۔ :- سر چکرائے گا اور جسم میں لرزہ بھی ہوگا تمام جسم گراں معلوم ہوگا، پیاس زیادہ ہوگی، نیند کم آئے گی اگر بچہ بیمار ہوگا تو زیادہ روئے گا۔ والدہ کا دودھ کم پیئے گا بچہ کو نظر بد ہوگی اس پر سات دن گراں ہوں گے۔

علاج :- اپنے صدقہ سے تل سیاہ سوا پاؤ، ماش سیاہ سوا پاؤ اور سیاہ کپڑا سوا گز، لوہا ایک تولہ صبح سویرے مریض کے سر پر سات دفعہ پھرا کر کسی محتاج کو دیں اگر نظر بد کا عارضہ ہو تو نقش لکھ کر دیں۔ اور گلے میں ڈالیں۔ بحکم شافی مطلق شفاء ہوگی۔

۷۸۶

۳۳۲	۳۳۷	۳۴۴
۳۳۳	۳۴۱	۳۳۹
۳۲۸	۳۳۵	۳۳۰

۷۸۶

۵۷۹	۹۷۸	۵۵۳
۵۸۴	۵۸۱	۵۷۶
۵۷۷	۵۵۲	۵۸۱

سنیچر کی رات :- اگر کوئی شخص رات سنیچر کو بیمار ہو تو اسے کوئی جسمانی مرض بہت کم ہوگی اگر بچہ ہو تو اسے بدرُخ کی نظر ہوگی۔

علاج صدقہ: مرغ سیاہ رنگ اور ایک گز سیاہ رنگ کا کپڑا اور اس کے ایک کونے میں قدرے کوئلے باندھیں اور ایک کونے میں لوہا اور ایک کونے میں ہلدی اور ایک کونے میں قدرے اناج یعنی تل ماش وغیرہ علی الصباح کسی غریب کو دے دیں اگر بچہ کو نظر بد کا عارضہ ہو تو نقش لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں بحکم شافی مطلق صحت ہو گی۔

یا حافظ یا حفیظ قیوم
یا قیوم یا حافظ یا حفیظ

اتوار: کوئی شخص اتوار کے دن بیمار ہو تو اس شخص کو پندرہ دن بہت گراں ہوں گے بعد میں آہستہ آہستہ صحت ہونے لگے گی۔

آثار: مریض کے سر میں درد ہو گا، پریشانی زیادہ ہو گی آنکھیں سرخ اور چہرہ زرد ہو گا پیاس زیادہ ہو گی، کھانا کم کھائے گا خوفناک خواب نظر آئیں گے۔

صدقہ: مریض کے جسم کی قمیض یا استعمال شدہ کپڑا اور میٹھی روٹی دونوں چیزیں مریض کے سر پر پھرا کر کسی محتاج کو دلویں بحکم شافی مطلق صحت ہو گی۔

رات اتوار: جو آدمی اتوار کی رات کو بیمار ہوا سے پری کا سایہ ہو گا یا کسی دیو کی نظر ہو گی۔

آثار: بدن میں سستی ہو گی خوفناک اور ڈراؤنے خواب نظر آئیں گے ایسا معلوم ہو گا کہ کوئی خوفناک صورت سامنے کھڑی ہے خوف و ہراس اس پر چھایا ہو گا

صدقہ: سوا گز زرد رنگ کا مریض کے قد کے برابر لے کر قدرے ہلدی اور زرد چاول پکا کر صبح سویرے مریض کے سر پر پھرا کر کسی محتاج کو دیں تاکہ خدا اس پر رحم کرے

صبح سوموار: اس دن کا مالک قمر ہے مریض پر پندرہ دن پریشانی کے ہوں گے خواب ڈراونے نظر آئیں گے معدہ خراب ہو گا۔

آثار: دردسر، تمام جسم میں سستی اور گرانی، جگر اور ناف میں درد ہو گا اگر اس دن بچہ بیمار ہو

توام الصبیان کا سایہ ہوگا یہ ایک دیونی ہے جو بچہ کو اکیلا دیکھ کر اپنا دودھ پلا دیتی ہے۔ بچہ اپنی ماں کا دودھ پینا بند کر دیتا ہے اور نفرت کرتا ہے بوجہ بھوک ہلاکت کا باعث بنتا ہے۔

صدقہ: مریض کے قد کا کپڑا سفید لے کر ہلدی اور سفید جو بیمار کے سر پر پھرا کر کسی قبرستان میں ڈالیں (نمبر ۲) ایک سفید مرغ مریض کے سر پر پھرا کر صبح سویرے چوراستہ میں چھوڑیں بحکم خدا شفاء ہوگی مریض کے نام کی تعداد کے مطابق یا حلیمُ اس کے اعداد ۸۸ ہیں صبح شام پڑھ کر پھونکتے رہیں

سوموار کی رات: جو شخص سوموار کی رات کو بیمار ہوا ہو تو وہ شخص بد قرع کی نظر سے ڈر کر بیمار ہو گیا ہے۔

آثار: مریض ہر چیز سے خوف کھائے گا، اندر سویا پڑا رہے گا جنون سی کیفیت ہوگی۔

صدقہ: سفید تل سوا پاؤ، ایک مرغ سفید اور ایک سفید بکری کا بچہ اور سوا پاؤ کڑوا تیل اور ایک سفید روپیہ چاندی کا یہ تمام چیزیں مریض کے سر پر پھرا کر صبح کسی محتاج کو دیں بحکم خدا بطفیل رسول مقبول شفاء ہوگی۔

منگل کے دن: اس دن کا مالک مریخ ہے جو آدمی اس روز بیمار ہو اس پر دس دن سختی کے ہیں اس کی بیماری خوفناک جن اور دیو سے ہوگی اس کی بدنظر سے آدمی بیمار ہوا ہے

آثار: خوفناک خواب نظر آئیں گے، نیند بہت کم رہے گی، ناف اور پیٹ میں درد ہوگا۔ تمام جسم میں لرزہ ہوگا۔

صدقہ: مریض کے قد کے برابر سرخ کپڑا، سرخ مرغ چند عدد گل انار یا گل گلاب کے لے کر مریض کے سر سے گھما کر کسی محتاج کو دیں مریض کے نام کے اعداد کے مطابق ساعت مریخ میں یا محیُ یا ممیتُ پڑھیں

منگل کی رات: اگر کوئی شخص اس رات کو بیمار ہو، اس بیماری کا سبب سردی ہے یا خوف ڈر ہوگا۔

آثار: پیشاب میں بدبو آئیگی پیٹ میں درد ہوگا تمام جسم میں کانٹے سے چبھتے معلوم ہوں گے۔

صدقہ: مریض کو قدرے اجوائن کھلائیں، مریض کے قد کے برابر سیاہ کپڑا لے کر اور ایک عدد سیاہ مرغا، سوا پاؤ کالے تل لے کر مریض کے سر پر پھرا کر کسی غریب کو دیں اور مریض کے نام کے برابر یا محیُ یا ممیتُ پڑھ کر پھونکیں بحکم خدا مریض کو شفاء کامل ہوگی۔

بدھ کے دن: اس روز کا مالک عطارد ہے جو اس دن بیمار ہو اس کے لئے پندرہ دن بے حد سخت گذریں گے وجہ بیماری کی یہ ہے کہ مریض کے کسی بزرگ کی منت مانی ہوگی وہ ادا نہیں کی یہ بیماری کی شکل اختیار کر گئی ہے۔

آثار: سر میں درد، درد پیٹ اور درد سینہ وغیرہ ہوگا۔

صدقہ: ایک عدد روٹی کو روغن زرد سے چپڑ کر اور مریض کے قد کے برابر سفید کپڑا، ۶ ماشے چاندی ایک عدد بیضہ مرغ، سوا پاؤ تیل سرسوں، چاول سوا پاؤ اور سفید تل سوا پاؤ مریض کے سر پر پھیر کر محتاجوں کو دیں۔ سوا پاؤ بکری کا گوشت مریض کے سر پر پھیر کر چیلوں اور کوّں کو ڈالیں اگر بچہ اس روز بیمار ہوا ہو تو دودھ پلانی وال عورت نے کسی کے سامنے دودھ پلایا ہوگا جو نظر بد کا شکار ہوگا۔

آثار: اس کا بچہ دودھ نہیں پیئے گا، زیادہ روئے گا سست رہے گا۔

صدقہ: بچے کے وزن کے برابر گندم لے کر بچے کے بدن سے سات دفعہ پھیر کر محتاجوں کو دیں بحکم خدا بچہ تندرست ہو جائے گا۔

بدھ رات: کوئی شخص بدھ رات کو بیمار ہوا ہو تو اس کی بیماری میں زیادہ تر غم اور رنج ہوگا ذہن پریشان دماغی توازن خراب ہو جائے گا۔

آثار: مریض کسی سے نہیں بولے گا، خاموش رہے گا علیحدگی پسند ہوگا روز بروز کمزور ہو جائے گا۔

صدقہ: مریض کے قد کے برابر سیاہ کپڑا اور ایک سیاہ بکری یا بکرے (خوشبو تو بکی مند کر یو قربان) کا سر لے کر اسے کپڑے میں باندھ کر مریض کے سر سے پھیریں اور کسی ویران جگہ پر رکھیں بحکم خدا مریض صحت یاب ہو جائے گا۔

یاوارث: ۷۰۰ دفعہ پڑھ کر مریض کو پانی پلائیں

جمعرات کا دن: اس دن کا مالک مشتری ہے بیمار پر دس دن بہت سخت ہیں اس کا بیمار ہونا اس وجہ سے ہے کہ مریض نے برہنہ ہو کر غسل کیا ہوگا جس سے کسی ہوائی چیز کی جسم پر نظر بد لگی ہے۔

علامت: سر درد، کمر درد اور ناف میں درد ہوگا سوتے وقت خوفناک خواب نظر آئیں گے۔

صدقہ: مریض کے قد کے برابر زرد رنگ کا کپڑا لے کر پانچ سیر گندم اس میں باندھ کر مریض کے سر سے پھیر کر کسی غریب محتاج کو دے دیں اگر بچہ اس روز بیمار ہوا ہو تو ماں جیسان نے دودھ پلایا ہوگا۔

آثار: اس روز بیمار بچہ والدہ کا دودھ نہ پیئے گا، اگر پیئے گا تو فوراً الٹی کرے گا، رات دن روئے گا گھڑی گھڑی رنگ بدلے گا اور دن بدن کمزور ہوتا جائے گا۔

صدقہ : بچے کے وزن کے مطابق گندم لیکر مریض کے تمام جسم پر سات دفعہ پھیر لیں اور کسی فقیر کو دے دیں۔

رات جمعرات : اگر کوئی شخص جمعرات کی رات کو بیمار ہوا ہو تو مریض بوجہ بے ادبی بزرگ یا بد نظر دیوی پری جن سے مرض ہوگا

آثار : بگرانی جسم سستی، تمام اعضاء میں درد ہوگا۔

صدقہ : ایک سیاہ بکری کا بچہ، سوا سیر جو کا آٹا اور ایک چھٹانک نمک اور سوا پاؤ تل سیاہ مریض کے سر پر پھیر کر محتاج کو صدقہ دیں بحکم شافی مطلق شفاء ہوگی۔

عمل : یا بصیر یا صابر، مریض کے اعداد کے مطابق دس روز تک پانی پر دم کرکے پلاتے رہیں

دن جمعہ : اس دن کا مالک زہرہ ہے اور اس دن کے مریض پر گیا وہ دن سختی کے ہیں بیماری حزن کے غلبہ کی وجہ سے ہوگی یا کسی بد روح کی نظر سے مرض پیدا ہو گیا ہے۔

